باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار
Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ
صفحات 8
جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 17 فروری 2022ء / 15 رجب 1443ھ / قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 48
WWW.Dailysahafatquetta.com

تحریک عدم اعتماد کو منطقی انجام تک پہنچا کر دم لینگے

مولانا فضل الرحمان

نااہل اور نکھٹو حکمرانوں کو ایک دن بھی برداشت کرنا ملک وقوم کے ساتھ دشمنی ہے نالائق حکمرانوں کو جتنا جلدی گھر بھیجا جائے ملک وقوم کے مفاد میں ہے

پٹرولیم قیمتیں فی الفور واپس لی جائیں ورنہ مہنگائی کا اور سونامی آجائے گا، خیبر پختونخواہ کے ضمنی بلدیاتی انتخابات میں جے یو آئی سب آگے ہے

ساہیوال (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام آباد (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ عدم اعتماد کی تحریک کا مقصد قوم پر ناجائز طور پر مسلط حکمرانوں سے جلد سے جلد نجات حاصل کرنا ہے، نا اہل اور نکھٹو حکمرانوں کو ایک دن بھی برداشت کرنا ملک وقوم کے ساتھ دشمنی ہے، نالائق حکمرانوں کو جتنا جلدی گھر بھیجا جائے ملک وقوم کے مفاد میں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علماء اسلام ساہیوال کے مولانا ضیاء الحق کی قیادت میں وفد سے بات چیت کرتے ہوئے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

محسن کو جیسے گرفتار کیا وہ قانون سے ماوراہے، آصف زرداری

اختلاف رائے رکھنے والوں پر حکومتی طاقت کا استعمال آمرانہ ذہنیت کا عکاس ہے، سابق صدر کا بیان

اسلام آباد (آن لائن) سابق صدر آصف علی زرداری نے صحافی محسن بیگ کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ محسن بیگ کو جس انداز میں گرفتار کیا گیا قانون سے (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

صوبائی وزیر حاجی اکبر آسکانی سے محکمہ ماہی گیری کا قلمدان واپس لے لیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر حاجی اکبر آسکانی سے محکمہ ماہی گیری کا قلمدان واپس لے لیا گیا۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

وزیر خزانہ شوکت ترین نے اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس (آج) طلب کرلیا

وزارت ہاؤسنگ کیپٹل آؤٹ لے آن سول ورکس کیلئے گرانٹ کی سمری پیش کرے گی

اسلام آباد (آن لائن) وزیر خزانہ شوکت ترین نے اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس (آج) جمعرات کو طلب کرلیا، اجلاس میں 8 نکاتی ایجنڈا منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔ ذرائع (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

تیل کی قیمتوں میں اضافہ مہنگائی میں مزید اضافہ کریگا ہم پر نااہل حکمران مسلط ہیں

عمران خان عوام پر ترس کھائیں بلاول بھٹو زرداری

جاتے جاتے عمران خان نے عوام پر مہنگائی کی بمباری تیز کردی ہے، مہنگائی، بے روزگاری، غربت، ڈالر اور کرپشن کے بعد عمران خان نے تیل کی قیمتوں کو بھی ریکارڈ سطح پر پہنچا دیا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

عمران خان بھی حکومت کے خاتمے کے بعد معین قریشی کی طرح کبھی پاکستان لوٹ کر نہیں آئیں گے سلیکٹڈ حکومت میں شامل اگر کسی کو پاکستانی عوام سے رتی برابر بھی ہمدردی ہے، تو خان صاحب کو سمجھائیں

کراچی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی، بے روزگاری، غربت، ڈالر اور کرپشن کے بعد عمران خان نے تیل کی قیمتوں کو بھی ریکارڈ سطح پر پہنچا دیا ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق، پی پی چیئرمین کا کہنا تھا پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ عوام کی جیب پر ڈاکہ ہے، پاکستان قبول نہیں کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جاتے جاتے عمران خان نے عوام پر مہنگائی کی بمباری تیز کردی ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

پاکستان امن مشنز کی کارکردگی پر بڑھتی ہوئی توجہ کو سراہتا ہے، سفیر منیر اکرم

خطرے والی تعیناتیوں میں اضافے کی وجہ سے امن فوجیوں کے لیے سخت تربیت ناگزیر ہوگئی ہے، بیان

پاکستان امن کی کارروائیوں میں قیام امن کی سرگرمیوں کے لیے مختلف پروگراماتی فنڈنگ کو مضبوط بنانے کا مطالبہ کرتا ہے

نیویارک (آن لائن) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر منیر اکرم نے کہا ہے کہ پاکستان امن مشنز کی کارکردگی پر بڑھتی ہوئی توجہ کو سراہتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر منیر اکرم نے خصوصی کمیٹی برائے امن آپریشنز کے 2022 کے اجلاس کے افتتاح کے موقع پر خطاب میں کہا کہ امن قائم کرنا ایک ثابت شدہ (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

حکومت پٹرول کی قیمت میں کوئی ٹیکس نہیں ڈال رہی، شبلی فراز

پیٹرول کم سے کم استعمال کریں، پاکستان پیٹرول بناتا یا ہمارے پیٹرول کے کنوئیں ہوتے تو پھر اور بات تھی، میڈیا سے گفتگو

ہماری حکومت کی ترجیح کھانے پینے کی چیزوں پر سبسڈی دینا ہے، کورونا اور مہنگائی عالمی ہے لہٰذا ہمیں اس میں خود کو ایڈجسٹ کرنا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی شبلی فراز نے عوام کو کم سے کم پیٹرول استعمال کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پیٹرول بناتا یا ہمارے پیٹرول کے کنوئیں ہوتے تو پھر اور بات تھی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شبلی فراز نے عوام کو مشورہ دیا کہ ہمیں جہاں تک ممکن ہو کم فیول استعمال کرنا چاہیے، پاکستان پیٹرول بناتا یا ہمارے پیٹرول کے کنوئیں ہوتے تو پھر اور بات تھی، عالمی (باقی صفحہ 2 نمبر 34)


لاہور، وزیراعظم عمران خان سے عثمان بزدار ملاقات کررہے ہیں

عمران نیازی کے نئے پاکستان میں غریب کی کوئی جگہ نہیں، شہباز شریف

پٹرول کی قیمت میں 12 روپے لٹر اضافہ ظالم، جھوٹی اور کرپٹ حکومت کا ظالمانہ اقدام ہے، صرف مافیا کی جیبیں بھری جارہی ہیں

حکومت کے خاتمے تک مہنگائی کا ظلم ختم نہیں ہوگا، عوام کو ظالم حکومت کے خلاف باہر نکلنا ہوگا، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر کا بیان

لاہور (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے کہا ہے کہ پٹرول کی قیمت میں فی لیٹر 12 روپے سے زائد اضافہ ظالم، جھوٹی اور کرپٹ حکومت کا ظالمانہ اقدام ہے، حکومت کے خاتمے تک مہنگائی کا ظلم ختم نہیں ہوگا، عوام کو ظالم حکومت کے خلاف باہر نکلنا ہوگا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عوام کو مہنگائی کی سزا دینے والی حکومت سے نجات دلا کر ریلیف دیں گے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

نو ماہ کے دوران پٹرولیم کی قیمتوں میں 12 بار اضافہ

پٹرولیم مصنوعات 51 روپے 30 پیسے تک مہنگی کی گئیں

لاہور (آن لائن) گزشتہ سال جون سے نو ماہ کے دوران اب تک 12 ویں بار پٹرولیم مصنوعات مہنگی کی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق 15 جون 2021 سے اب تک پٹرولیم مصنوعات 51 روپے 30 پیسے تک مہنگی کی گئی ہیں۔ اسی عرصے میں ہائی اسپیڈ ڈیزل فی لیٹر 43 روپے 39 پیسے، مٹی کے تیل کی قیمت میں فی لٹر 46 روپے 56 پیسے، لائٹ ڈیزل کی قیمت فی لیٹر 46 (باقی صفحہ 2 نمبر 35)

چیئرمین کرکٹ بورڈ نے وزیراعظم عمران خان کو پی ایس ایل کا فائنل دیکھنے کی دعوت دیدی

لاہور (آن لائن) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ رمیز راجہ نے وزیراعظم عمران خان کو پاکستان سپر لیگ کا فائنل دیکھنے کی دعوت دیدی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے وزیراعظم عمران خان کو پی ایس ایل کا فائنل دیکھنے کے لیے دعوت نامہ (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

صوفیوں کی درگاہوں پر قتل عام کرنا مذہبی تعلیمات کے منافی ہے، وزیراعلیٰ سندھ

5 سالوں کے بعد بھی واقعے کو یاد کرکے دل خون کے آنسوں روتا ہے

کراچی (آن لائن) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ صوفیوں کی درگاہوں پر قتل عام کرنا مذہبی تعلیمات کے منافی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے لعل شہباز قلندر کی درگاہ پر (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

غربت میں اضافے اور عوام کے استحصال میں حکمران وقت ذمہ دار ہے، اے کیو ایم

کوئٹہ (جی این ایم) افغان قومی موومنٹ کے پریس ریلیز میں ڈیورنڈ لائین پر تجارت سرگرمیاں معطل ہونے سے بارڈر کے دونوں اطراف کے عوام کی نان شبینہ کے محتاج ہونے کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

عام آدمی کو فوری اور موثر خدمات کی فراہمی کے لئے بھرپور اقدامات کئے جائیں، عمران خان

وزیراعظم سے وزیراعلیٰ عثمان بزدار کی ملاقات، انتظامی امور، امن وامان اور ترقیاتی منصوبوں بارے بریفنگ دی گئی

لاہور (آن لائن) وزیراعظم عمران خان سے وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے ملاقات کی۔ چیف سیکرٹری پنجاب کامران علی افضل اور آئی جی پنجاب راسردار علی خان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات میں وزیراعظم عمران خان کو انتظامی امور، امن وامان اور ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے صوبے میں عام آدمی کو فوری اور موثر (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

عمران خان جتنی ریاستی طاقت استعمال کرلیں خود کو نہیں بچا سکتے، مریم نواز

اقتدار جب ہاتھ سے نکلنے لگتا ہے تو آپ جیسے انسانوں کا خوف اسی طرح سامنے آتا ہے عمران خان کی حرکتیں دیکھ کر مشرف کے آخری ایام یاد آجاتے ہیں

عمران خان کوئی آسمان سے اتری مخلوق نہیں جس کی شان میں گستاخی کرنے پر شہریوں کے گھروں پر دھاوا بولا اور انکو سلاخوں کے پیچھے پھینکا جائے گا، ٹوئٹ

لاہور (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ عمران خان جتنی ریاستی طاقت استعمال کرلیں خود کو نہیں بچا سکتے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ٹوئٹ میں مریم نواز نے کہا کہ وقت کا پہیہ گھوم چکا ہے، عمران خان صاحب! آپ جتنی بھی ریاستی طاقت استعمال کرلیں، آپ اپنے آپ کو نہیں بچا سکتے۔ آپ کے جرائم کی فہرست میں اپنے مخالفین سے انتقام لینا ہی نہیں، ایف آئی اے جیسے قومی اور ریاستی اداروں کو اپنے ذاتی انتقام کے لیے استعمال کرنا بھی شامل ہے۔ حساب تو دینا ہوگا! صحافی محسن بیگ کی گرفتاری سے متعلق (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

حکومت تعلیم کے حوالے سے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے، گورنر بلوچستان

موجودہ حکومت صوبے کے تمام اضلاع بالخصوص دورافتادہ علاقوں کے عوام کو تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے

بلوچستان کی آبادی قلیل مگر منتشر ہے جس کی وجہ سے عوام کو تعلیم، صحت اور صاف پانی کی سہولیات پہنچانا خاصا مشکل کام ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت صوبے کے تمام اضلاع بالخصوص دورافتادہ علاقوں کے عوام کو تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے۔ بلوچستان کی آبادی قلیل مگر منتشر ہے جس کی وجہ سے عوام کو تعلیم، صحت اور صاف پانی کی سہولیات پہنچانا خاصا مشکل کام ہے تاہم حکومت ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں بدھ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں جمعیت علمای اسلام کے رہنماء اور رکن صوبائی اسمبلی زابد ریکی کی قیادت میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو ڈسٹرکٹ واشک کے عو (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

عمران خان کو ہٹانے کے سوا نجات کا دوسرا کوئی راستہ نہیں ہے، شفیق دولت زئی

جمعیت علماء اسلام (س) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو مسترد کرتی ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی رہنماء وصوبائی ترجمان مولانا محمد شفیق دولت زئی نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو مسترد کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

آو بچوں اسکول چلیں مہم میں حصہ لے کر اپنے بچوں کو اسکول میں داخل کریں تاکہ نئی نسل تعلیم یافتہ ہوں، جمیل احمد

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد نے کہا ہے کہ داخلہ مہم برائے سال 2022 کے سلسلے میں محکمہ تعلیم کے (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

فیصل واوڈا کی خالی نشست پر الیکشن کا اعلان

الیکشن کمیشن کے مطابق خالی نشست پر 9 مارچ کو سندھ اسمبلی کی عمارت میں پولنگ ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) الیکشن کمیشن نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فیصل واوڈا کی خالی نشست پر الیکشن کا اعلان کردیا جس کے مطابق خالی نشست پر 9 مارچ کو (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

سیکولر نظام کا دعویٰ کرنے والا ہندوستان اب بے نقاب ہوچکا ہے، مولانا حیدری

مسلمانوں کو انکی شخصی حقوق سے محروم کررہا ہے، مودی حکومت غنڈے پال رکھے جو آئے روز مسلمانوں کے گھروں پر حملے کررہے ہیں

مودی کے غنڈے چادر اور چاردیواری کے تقدس کو پامال کررہے ہیں حال ہی میں حجاب پہننے خواتین پر غنڈوں نے حملہ کرکے ان پر تشدد کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نے جمعہ کے روز بھارت کی مسلم خواتین سے اظہار یکجہتی کیلئے یوم حجاب منانے کا اعلان کردیا۔ گزشتہ روز جمعیت علمائے اسلام اسلام آباد کا تیاریوں کے سلسلہ میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں مولانا عبدالغفور حیدری نے علیل ہونے کے باوجود خصوصی شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل وسینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

پاکستان ہمیشہ سے پرامن، مستحکم اور خودمختار افغانستان کا حامی رہا ہے، ثمینہ ممتاز زہری

عالمی برادری افغانستان کو کسی بھی قسم کے بحران سے بچانے کیلئے بھرپور تعاون کرے

کوئٹہ (آن لائن) کنوینئر ذیلی کمیٹی برائے قائمہ کمیٹی وزارت داخلہ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ پاکستانہ ہمیشہ سے پرامن، مستحکم اور خودمختار افغانستان کا حامی رہا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

کوئٹہ کے علاقے سے ایک شخص کی لاش برآمد

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے سے ایک شخص کی لاش برآمد۔ پولیس کے مطابق بدھ کو کوئٹہ کے علاقے عملدار روڈ سعید احمد سٹریٹ کے قریب بلڈنگ کی ٹینکی سے نامعلوم شخص (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

نئے معاہدے میں حکومت پاکستان کے منافعے میں حصہ بڑھا دیا گیا ہے، حماد اظہر

بلوچستان حکومت کی رائلٹی اور کرایہ بڑھانے کے ساتھ ساتھ مزید سرمایہ کاری کو بھی یقینی بنایا گیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان کی وفاقی حکومت نے بلوچستان میں سینڈک سے سونے اور تانبے کے ذخائر نکالنے کے لیے چینی کمپنی ایم سی سی کے ساتھ چوتھی مدت کے لیے مزید 15 سال لیز معاہدے کی منظوری دے دی ہے۔ چینی کمپنی اب 2037 تک اس منصوبے پر کا (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

صوبائی مشیر داخلہ ضیاء اللہ لانگو سے ڈی جی لیویز قادر بخش پرکانی ملاقات کررہے ہیں

حکومت نے عوام پر پیٹرول بم گرادیا، مہنگائی کی وجہ سے عوام خودکشی کرنے پر مجبور ہیں، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (آن لائن) پیپلز پارٹی کے ترجمان فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ حکومت نے عوام پر پیٹرول بم گرادیا، مہنگائی کی وجہ سے عوام خودکشی کرنے پر مجبور ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

1985 میں ہمارے ساتھ کئے گئے معائدے پر عمل درآمد نہیں ہوسکا، حافظ احمد خان

قلعہ سیف اللہ، تورغر تاشپہ پہاڑ میں کسی بھی پارٹی کو شکار کی اجازات نہیں دیں گے، قوم شائزئی ٹویٹ کمیٹی

قلعہ سیف اللہ (نامہ نگار) قوم شائزئی ٹویٹ کمیٹی کے حافظ احمد خان حیات خان عبدالوکیل محمد صادق عالم گل زین اللہ حافظ انور مولوی روزی محمد عبداللہ جان محبت خان اور حاجی محمد عیسی نے مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ 1985 میں Step NGO کے ساتھ ایک (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

میٹروپولیٹن کارپوریشن ملازمین کی تنخواہیں فوری طور پر ریلیز کیا جائے، نعمت اللہ ظہیر

بلوچستان بھر میں میٹروپولیٹن ملازمین کے احتجاج کی حمایت کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) خدمت خلق فاونڈیشن انٹرنیشنل کے چیئرمین وتمغہ امتیاز نعمت اللہ ظہیر نے کہا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن ملازمین کی تنخواہیں فوری طور پر ریلیز کیا جائے کیونکہ کچرہ نہ اٹھانے سے شہر گندگی کی ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے بلوچستان بھر میں میٹروپولیٹن ملازمین کے (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

پیرامیڈیکس کے بغیر صحت کا شعبہ ادھورا ہے، قاسم سوری

صحت کے شعبے میں پیرامیڈیکس کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے کسی بھی وبا، جنگ یا حادثے کے دوران پیرامیڈیکس فرنٹ لائن کا کردار ادا کرتا ہے

شہریوں کو صحت کے بہترین سہولیات کی فراہمی اور صحت کے شعبے سے متعلقہ پیرامیڈیکس سٹاف کو درپیش مسائل کو حل کرنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ صحت کے شعبے میں پیرامیڈیکس کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی وبا، جنگ یا حادثے کے دوران پیرامیڈیکس فرنٹ لائن کا کردار ادا کرتا ہے انہوں نے کہا کہ پیرامیڈیکس (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

صوبہ میں حکومت صرف میڈیا کی حد تک زندہ ہے، رحمت صالح بلوچ

ہم شروع دن سے کہہ رہے تھے کہ بلوچستان میں جن لوگوں کو لایا گیا وہ کسی بڑی سازش کا شاخسانہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر سابق وزیر صحت رحمت صالح بلوچ نے تادم مرگ بھوک ہڑتال پر بیٹھے میڈیکل کالجز کے طلبا کی حالت غیر ہونے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اگر طلبا کو کچھ ہوگیا تو ذمہ دار حکومت اور پی ایم سی ہوگی انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

چوہدری فواد حسین نے پنڈ دادنخان میں نجی سکول کی عمارت گرنے کے واقعہ کی رپورٹ طلب کرلی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات چوہدری فواد حسین (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے خالد خورشید دل ملاقات کررہے ہیں

پروگرام سرعام کی ٹیم کے واقعہ کی جامع تحقیقات کی جارہی ہیں، فرخ حبیب

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت اطلاعات ونشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ پروگرام سرعام کی ٹیم کے ساتھ جوا (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

حکمرانوں کو تنقید برداشت نہیں ہوتی، عبدالحئی بلوچ

پاکستان کو آئی ایم ایف کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے

اوستہ محمد (آن لائن) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ و بلوچ بزرگ قوم پرست رہنماء ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو مسترد کریت ہوئے کہا ہے کہ حکمرانوں کو تنقید برداشت نہیں ہوتی، پاکستان کو آئی ایم ایف کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے، (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کیا۔انہوں نے کہاعدم اعتماد کی تحریک کو کامیاب بنانے کیلئے حکومتی اتحادیوں کے پاس جرگہ بھیج رہے ہیں۔حکومتی اتحادیوں کو یہ باور کرائینگے کہ ملک وقوم کو تباہی سے دوچار کرنے والوں کا مذید ساتھ نہ دیا جائے۔عدمِ اعتماد کی کامیابی کے لیئے پی ڈی ایم کے علاوہ حزب اختلاف کی دیگر جماعتوں سے بھی رابطے کر رہے ہیں خیبر پختونخواہ کے ضمنی بلدیاتی انتخابات میں جے یو آئی سب آگے ہے ڈیرہ سٹی میئر شپ کے انتخابات میں ہمارے ایک کارکن کے مقابلے میں دھاندلی کے تمام ذرائع استعمال میں لائے گئے یہ کیسے ممکن ہے کہ 50 فیصد ان پولنگ اسٹیشنوں پر جہاں نتائج باقاعدہ فارم 17 پر دیئے گئے وہاں جمعیت 6 ھزار سے زائد کی لیڈ سے جیت رہی ہو اور بقیہ 50فیصد پولنگ اسٹیشنوں پر جہاں نتائج سادہ کاغذ پر دیئے گئے ہیں وہاں جمعیت کے کل ووٹ 6 سے 7 ھزار ہوں۔انہوں نے آخر میں پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ پر شدید تشویش کا اظہار کیا اور مطالبہ کیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں فی الفور واپس لی جائیں ورنہ مہنگائی کا اور سونامی آجائے گا

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے مطابق ملک میں بلدیاتی انتخابات, الیکٹورل رولز کیلئے فنڈز کی سمری پیش کی جائے گی، الیکشن کمیشن آف پاکستان نے فنڈز کیلئے حکومت سے رجوع کیا ہے۔ذرائع کے مطابق الیکشن کمیشن نے سپلمنٹری گرانٹ کی مد میں 18ارب 36 کروڑ 47 لاکھ روپے مانگے ہیں، اسلام آباد ہائی کورٹ کی بلڈنگ, ججز ریذیڈنسز کیلئے 14 کروڑ 20 لاکھ روپیا ضافی فنڈز پر غور کیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق ایئرپورٹ سیکورٹی فورس کیلئے اضافی فنڈز کی سمری پیش کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق اضافی فنڈز کیلئے ایوی ایشن ڈویژن کی سمری بھی منظوری کیلئے پیش کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق سرسید سکول اینڈ کالج آف سپیشل ایجوکیشن کیلئے گرانٹ کی تجویز پر غور کیا جائے گا، وزارت ہاوسنگ کیپٹل آوٹ لے آن سول ورکس کیلئے گرانٹ کی سمری پیش کرے گی۔ ذرائع کے مطابق آئی پی پیز کی طرح حکومتی پاور پلانٹس کو ادائیگیوں سے متعلق معاملہ ایجنڈے میں شامل ہے، ملک میں آکسیجن گیس کی بلاتعطل فراہمی سے متعلق سمری پیش کی جائے گی۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

منسٹریشن کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر صوبائی وزیر حاجی اکبر آسکانی سے محکمہ فشریز کا قلمدان واپس لے لیا گیا ہے۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ماورا ہے۔ایک بیان میں آصف علی زرداری نے کہا کہ اختلاف رائے رکھنے والوں پر حکومتی طاقت کا استعمال آمرانہ ذہنیت کا عکاس ہے، کسی میں تنقید سننے کا حوصلہ نہیں ہے تو سیاست کرنا چھوڑ دے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہوش کے ناخن لے اور صحافی محسن بیگ کو رہا کرے۔سابق صدر آصف علی زرداری نے صحافی محسن بیگ کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ محسن بیگ کو جس انداز میں گرفتار کیا گیا قانون سے ماورا ہے۔ایک بیان میں آصف علی زرداری نے کہا کہ اختلاف رائے رکھنے والوں پر حکومتی طاقت کا استعمال آمرانہ ذہنیت کا عکاس ہے، کسی میں تنقید سننے کا حوصلہ نہیں ہے تو سیاست کرنا چھوڑ دے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہوش کے ناخن لے اور صحافی محسن بیگ کو رہا کرے۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہ سی این جی اسٹیشنز بھی تین ماہ سے بند ہیں، اور اب تیل کی قیمتوں میں اضافہ مہنگائی میں مزید اضافہ کرے گا اور اشیائے خوردونوش کے نرخ عوام کی پہنچ سے بلکل بھی باہر ہو جائیں گے۔ پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ سلیکٹڈ حکومت کی جانب سے تیل کی قیمتوں میں اضافہ تو پہاڑ جتنا اور کمی چیونٹی جتنی بھی نہیں کی جاتی۔ عالمی مارکیٹ میں قیمتیں بڑھنے پر تو پاکستان میں تیل کی قیمت بڑھادی جاتی ہے، لیکن کم ہونے پر کمی نہیں لائی جاتی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ کم ازکم اقتدار کے آخری دنوں میں تو عمران خان کو پاکستان کے غریب عوام پر ترس کھانا چاہیے۔ لیکن لگتا ہے، عمران خان بھی حکومت کے خاتمے کے بعد معین قریشی کی طرح کبھی پاکستان لوٹ کر نہیں آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سلیکٹڈ حکومت میں شامل اگر کسی کو پاکستانی عوام سے رتی برابر بھی ہمدردی ہے، تو خان صاحب کو سمجھائیں۔ پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ 27 فروری سے شروع ہونے والا لانگ مارچ عوام کی جیبوں پر ڈالے گئے ہر ڈاکے کا حساب لے گا۔ کٹھ پتلی سرکس کے خاتمے کے دن آن پہنچے ہیں۔ پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ مسترد کردیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری، غربت، ڈالر اور کرپشن کے بعد عمران خان نے تیل کی قیمتوں کو بھی ریکارڈ سطح پر پہنچا دیا۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ عوام کی جیب پر ڈاکہ ہے، پاکستان قبول نہیں کرے گا۔انہوں نے کہا کہ جاتے جاتے عمران خان نے عوام پر مہنگائی کی بمباری تیز کردی ہے، سی این جی اسٹیشنز بھی تین ماہ سے بند ہیں، تیل کی قیمتوں میں اضافہ مہنگائی میں مزید اضافہ کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے نتیجے میں اشیائے خوردونوش کے نرخ عوام کی پہنچ سے بالکل بھی باہر ہو جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ سلیکٹڈ حکومت کی جانب سے تیل کی قیمتوں میں اضافہ تو پہاڑ جتنا اور کمی چیونٹی جتنی بھی نہیں کی جاتی۔ انہوں نے کہا کہ عالمی مارکیٹ میں قیمتیں بڑھنے پر تو پاکستان میں تیل کی قیمت بڑھادی جاتی ہے، لیکن کم ہونے پر کمی نہیں لائی جاتی۔انہوں نے کہا کہ کم ازکم اقتدار کے آخری دنوں میں تو عمران خان کو پاکستان کے غریب عوام پر ترس کھانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ لگتا ہے عمران خان بھی حکومت کے خاتمے کے بعد معین قریشی کی طرح کبھی پاکستان لوٹ کر نہیں آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سلیکٹڈ حکومت میں شامل اگر کسی کو پاکستانی عوام سے رتی برابر بھی ہمدردی ہے، تو خان صاحب کو سمجھائیں۔انہوں نے کہا کہ 27 فروری سے شروع ہونے والا لانگ مارچ عوام کی جیبوں پر ڈالے گئے ہر ڈاکے کا حساب لے گا، کٹھ پتلی سرکس کے خاتمے کے دن آن پہنچے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہم پر نااہل حکمران مسلط ہیں، سلیکٹڈ حکومت کی وجہ سے معاشی بحران پیدا ہوا ہے، ان کی وجہ سے غربت اور بے روزگاری انتہائی سطح پر پہنچ چکی ہے۔ بدھ کو کراچی میں طلبا کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ طلبا ونگ کو مبارکباد دینا چاہتا ہوں، طلبا ونگ کی محنت کی وجہ سے آج تنظیم بحال ہوئی، بینظیر بھٹو جب وزیراعظم بنیں تو طلبا یونینز کو بحال کیا، آمر ضیا نے یونین سازی کا حق ملک کے ایوانوں سے چھینا، بینظیر بھٹو حکومت کے خلاف سازشیں ہوتی رہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد عوام نے اس ملک کو آئین دیا، جمہوریت کو بحال کیا، سیاست کرنا نوجوانوں کا بڑاحق ہے، پابندی لگائی گئی نظریاتی طور پر بغیر منشور سیاست نہیں کی جاسکتی، مختلف نظریوں کی وجہ سے تعلیم، نوجوانوں کی تربیت کا نقصان ہوا، جو حقوق ہم سے چھینے جارہے ہیں وہ بھی ہم نے حاصل کرنے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں ہراساں کرنے کے واقعات افسوسناک ہیں، نوجوانوں کو روزگار دینے کے بجائے روزگار چھینا جارہا ہے، ہم نے پرامن جدوجہد کے ذریعے جمہوریت بحال کرائی، تعلیمی اداروں کے فیصلے نوجوانوں کواپنے ہاتھ میں لیناپڑیں گے، پیپلزپارٹی کی پہلی ترجیح رہی ہے کہ لوگوں کو مفت علاج ملے۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کیلئے ڈسٹرکٹس میں یوتھ مرکز قائم کریں گے، ملک میں سب سے زیادہ یونیورسٹیز پیپلزپارٹی دور میں بنیں، سب سے زیادہ تعلیمی ادارے پی پی دور میں بنائے گئے، صحت کی طرح تعلیم بھی گھر گھر پہنچانا چاہتے ہیں، تعلیمی اداروں کی فیسوں میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، ہم پر نااہل حکمران مسلط ہیں، سلیکٹڈ حکومت کی وجہ سے معاشی بحران پیدا ہوا ہے، ان کی وجہ سے غربت اور بے روزگاری انتہائی سطح پر پہنچ چکی ہے۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کامیابی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک طویل عرصے تک فوجی خدمات انجام دینے والے ملک کے طور پر پاکستان امن قائم کرنے کی مسلسل کامیابی میں گہری دلچسپی رکھتا ہے۔انکا کہنا تھا کہ ہمارے امن دستوں نے دنیا کے تقریبا تمام براعظموں میں امتیازی اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ خدمات انجام دی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کے احاطیا ورسازوسامان کی حفاظت کی حتی کہ انتہائی خطرے والے حالات میں محدود وسائل کے باوجود امن مشن کی واپسی اور بندش کے دوران بھی نمایاں کردار ادا کیا۔سفیر منیر اکرم نے مزید کہا کہ امن قائم کرنا سب سے زیادہ موثر ہوتا ہے جب اسے ایک اچھی طرح سے طے شدہ سیاسی حکمت عملی کی حمایت حاصل ہو۔انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر کا تنازعہ ایک ایسی ہی مثال ہے، جہاں بھارت اور پاکستان میں اقوام متحدہ کے فوجی مبصر گروپ پاکستان سیاست کی اولین حیثیت پر سیکرٹری جنرل کے ایک منصفانہ اور پرامن حل کے لیے متعین کیا گیا ہے۔سفیر منیر اکرم نے کہا کہ ہمیں یہ تسلیم کرنا چاہیے کہ کارکردگی کا انحصار کئی عوامل پر ہوتا ہے، ایک جامع نقطہ نظر کے بغیر امن مشن میں کارکردگی پر معیار حاصل کرنا مشکل ہوگا۔انکا کہنا تھا کہ خطرے والی تعیناتیوں میں اضافے کی وجہ سے امن فوجیوں کے لیے سخت تربیت ناگزیر ہوگئی ہے، اقوام متحدہ کے تربیتی پروگراموں کو میزبان ریاستوں اور ٹی سی سی میں تربیت دہندگان کو بڑھانے کی کوشش کرنی چاہیے۔سفیر منیر اکرم نے کہا کہ وبائی امراض اور تنازعات کے حالات میں امن دستوں کی بڑھتی ہوئی تعیناتی کے ساتھ ٹیکنالوجی کی اہمیت کئی گنا بڑھ گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں مناسب انفراسٹرکچر اور انٹرآپریبل ریڈیو سسٹمز، ہیلتھ کیئر ٹیکنالوجیز، ہائی ٹیک ایئر ایمبولینس، ٹیلی میڈیسن اور اچھی طرح سے لیس طبی عملے کی ضرورت ہے۔سفیر منیر اکرم نے کہا کہ پاکستان ایجنڈے کی قدر کرتا ہے، پاکستانی خواتین کی انگیجمنٹ ٹیموں نے خواتین کی آبادی کے ساتھ بات چیت کے ذریعے مقامی کمیونٹیز کے ساتھ زیادہ اعتماد پیدا کرنے کے لیے کام کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حالیہ برسوں میں پاکستان نے اپنی کمیونٹی مصروفیت کے پلاٹون میں 50 فیصد خواتین کی نمائندگی حاصل کرنے کے لیے ٹھوس کوشش کی ہے۔سفیر منیر اکرم نے اس حوالے سے مزید کہا کہ ہم خواتین کی مساوی جغرافیائی نمائندگی کے لیے اپنے مطالبے کا اعادہ کرتے ہیں، بشمول سینئر سطح کے عہدوں پر، فیلڈ اور اقوام متحدہ کے سیکرٹریٹ میں۔سفیر منیر اکرم نے کہا کہ اقوام متحدہ کی امن فوج کو فطری طور پر اپنی ذمہ داری کے علاقوں میں شہری آبادی کو تحفظ فراہم کرنا چاہیے، تاہم امن مشنز کو گرے زون میں کام کرنے سے گریز کرنا چاہیے جوان کی غیر جانبداری اور قانونی حیثیت کو ختم کرسکتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ قیام امن اور قیام امن باہمی طور پر معاون ہیں، یہ رشتہ مضبوط ہونا چاہیے۔ پاکستان امن کی کارروائیوں میں قیام امن کی سرگرمیوں کے لیے مختص پروگراماتی فنڈنگ کو مضبوط بنانے کا مطالبہ کرتا ہے، اس تناعات سے متاثرہ ملکوں میں بحالی کی رفتار کو تیز کرے گا۔واضح رہے کہ اجلاس میں نائجیریا کے مستقل مندوب، محترم تیجانی محمد بندے کو خصوصی کمیٹی برائے امن قائم کرنے کی کارروائیوں کے سربراہ کے طور پر دوبارہ منتخب ہونے پر سفیر منیر اکرم نے مبارکباد بھی پیش کی۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نہیں حکومت نے ملک میں غربت، مہنگائی اور بے روزگاری میں اضافہ کیا ہے، پٹرول کی قیمت نہیں بڑھی،عوام کا آٹا چینی بجلی گیس دوائی، سبزی دال گھی کی قیمت بڑھی ہے،عمران نیازی کے ہر فیصلہ سے مہنگائی بڑھتی ہے اورعوام کی تکلیف میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پونے چار سال میں اس حکومت نے صرف مہنگائی بڑھائی ہے ، موجودہ حکومت عوام کی سفید پوشی کی چادر چھیننے پر تلی ہوئی ہے، 46روپے لیٹر پیٹرول دینے کی تقریریں کرنے والے آج ایک ہی دن میں 12 روپے لیٹر اضافے کی منظوری دیتے ہیں،عمران نیازی کے نئے پاکستان میں غریب کی کوئی جگہ نہیں، صرف مافیا اور گٹھ جوڑ کرنے والوں کی جیبیں بھری جا رہی ہیں۔پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ظالمانہ قرار دے دیا۔ اپنے بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ پٹرول کی قیمت میں فی لیٹر 12 روپے سے زائد اضافہ ظالم، جھوٹی اور کرپٹ حکومت کا ظالمانہ اقدام ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کے خاتمے تک مہنگائی کا ظلم ختم نہیں ہوگا،عوام کو ظالم حکومت کے خلاف باہر نکلنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو مہنگائی کی سزا دینے والی حکومت سے نجات دلاکر ریلیف دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں نہیں حکومت نے ملک میں غربت، مہنگائی اور بے روزگاری میں اضافہ کیا گیا ہے، پٹرول کی قیمت نہیں بڑھی،عوام کا آٹا چینی بجلی گیس دوائی، سبزی دال گھی کی قیمت بڑھی ہے۔انہوں نے کہا کہ عمران نیازی کے ہر فیصلہ سے مہنگائی بڑھتی ہے اورعوام کی تکلیف میں مزید اضافہ ہوتا ہے، پونے چار سال میں اس حکومت نے صرف مہنگائی بڑھائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت عوام کی سفید پوشی کی چادر چھیننے پر تلی ہوئی ہے،46روپے لیٹر پٹرول دینے کی تقریریں کرنے والے آج ایک ہی دن میں 12 روپے لیٹر اضافے کی منظوری دیتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ عمران نیازی کے نئے پاکستان، میں غریب کی کوئی جگہ نہیں صرف مافیا اور کارٹلز کی جیبیں بھری جارہی ہیں۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

خدمات کی فراہمی کے لئے بھرپور اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ عوام کے جان ومال اور مفادات کے تحفظ کے لیے شرپسندوں، ذخیرہ اندوزوں، اور قبضہ مافیا کے خلاف بھی موثر اقدامات کیئے جائیں۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سیکولر نظام کا دعوی کرنے والا ہندوستان اب بے نقاب ہو چکا ہے، مسلمانوں کو انکی شخصی حقوق سے محروم کر رہا ہے، مودی حکومت غنڈے پال رکھے ہیں جو آئے روز مسلمانوں کے گھروں پر حملے کر رہے ہیں مودی کے غنڈے چادر اور چار دیواری کے تقدس کو پامال کر رہے ہیں حال ہی میں حجاب پہننے خواتین پر غنڈوں نے حملہ کرکے ان پر تشدد کیا ہے، ہندوں نے مسلم طالبہ مسکان پر بھی حملے کی کوشش کی ہے، اس بہادر بچی نے اللہ اکبر کا نعرہ لگا کر بتوں کی پوجاریوں کو خوفزدہ کیا، آج پوری دنیا اس مسلم بچی کو خراج تحسین پیش کر رہی ہیں، مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ جمعیت علما اسلام جمعہ 18 فروری کو ہندوستان کے مسلم خواتین سے اظہار یکجہتی کے لیے یوم حجاب منارہی ہے، اسلام آباد میں پارلیمنٹ ہاس کے سامنے مسلم خواتین سے اظہار یکجہتی کے لیے بہت بڑا اجتماع منعقد ہونے جارہا ہے، قائدین و کارکنان اسلام آباد کے خواتین اجتماع کو بھرپور کامیاب کرے، ہندوستان کو بڑا پیغام دیں گے مودی مسلمانوں سے نارواسلوک سے باز آجائیں۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

م جاری رکھ سکے گی۔وفاقی وزیر توانائی حماد اظہر کا کہنا ہے کہ نئے معاہدے میں حکومت پاکستان کے منافع میں حصہ بڑھادیا گیا ہے۔ بلوچستان حکومت کی رائلٹی اور کرایہ بڑھانے کے ساتھ ساتھ مزید سرمایہ کاری کو بھی یقینی بنایا گیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں ان کا کہنا تھا کہ یہ معاہدہ بلوچستان حکومت کی مشاورت اور رضامندی سے ہوا ہے۔تاہم بلوچستان میں قوم پرست جماعتوں نے وفاقی حکومت کے فیصلے کو آئین اور قانون کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اٹھارہویں ترمیم کے بعد معدنیات پر حق و اختیار صوبوں کا ہے اس لیے وفاق خود فیصلے کرنے کے بجائے سینڈک منصوبہ بلوچستان کو منتقل کرے۔وزیراعظم عمران خان کی زیرِ صدارت وفاقی کابینہ نے منگل کو اقتصادی رابطہ کمیٹی) ای سی سی (کی سفارش پر سینڈک منصوبے پر پہلے سے کام کرنے والی چینی کمپنی میٹالرجیکل کارپوریشن آف چائنا) ایم سی سی (کے ساتھ چوتھی مدت کے لیے معاہدہ کی منظوری دی۔اس سے پہلے ای سی سی نے 9فروری کو معاہدے کی منظوری دی تھی۔ 2017 میں کیے گئے پانچ سالہ معاہدے کی مدت 31 اکتوبر 2022 کو ختم ہو رہی تھی۔ نئے معاہدے کے تحت چینی کمپنی اب سینڈک میں مزید 15سال یعنی 2037 تک تین کانوں سے سونے اور تانبے کے ذخائر نکال سکے گی۔وفاقی وزیر توانائی حماد اظہر کے مطابق نئے معاہدے میں حکومت پاکستان کا منافع میں حصہ 50فیصد سے بڑھا کر 53فیصد کر دیا گیا ہے جبکہ بلوچستان حکومت کی رائلٹی اور سماجی ترقی) کارپوریٹ سوشل رسپانسبلٹی (کی مد میں حصہ 5فیصد سے بڑھا کر 6.5فیصد کر دیا گیا ہے۔ان کا کہنا ہے کہ نئے معاہدے میں مزید سرمایہ کاری کو بھی یقینی بنایا گیا ہے جبکہ حکومت پاکستان کی مینجمنٹ اور نگرانی میں سکوپ کو بھی بڑھا دیا گیا ہے۔سینڈک پراجیکٹ وفاقی حکومت کی کمپنی سینڈک میٹلز لمیٹڈ) ایس ایم ایل (کی ملکیت ہے جس پر چین کی ایم سی سی کمپنی لیز معاہدے کے تحت کام کرتی ہے۔ انٹرنیشنل فنانشل لا، تیل، گیس اور کان کنی کے بین الاقوامی قوانین میں ماہر کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے جہانزیب درانی ایڈووکیٹ سینڈک میٹل لمیٹڈ میں انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کی حیثیت سے معاہدے کے لیے مشاورت میں شریک رہے۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

۔اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ حکومت نے عوام پر پیٹرول بم گرادیا، سلیکٹڈ حکومت نے ملک اور معیشت کو تباہ کرکے عوام پر پیٹرول کا بم گرایا۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کی وجہ سے عوام خودکشی کرنے پر مجبور ہیں، پٹرولیم مصنوعات میں اضافے سے عوام فاقہ کشی پر مجبور ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مجرمانہ فعل کو پیپلز پارٹی مسترد کرتی ہے، حکومت فوری طور پر حالیہ قیمتوں کے اضافہ کو واپس لے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو لانے والے سہولت کار بھی اس مجرمانہ فعل میں برابر کے ملوث ہیں

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی لاش ملی ہے، پولیس کے مطابق لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

معاہدہ کیا آس معائدے کے تحت قوم شائزئی کو 80 فیصد مراعات قوم دیئے جائیں گے لیکن اس معائدے پر تا حال عمل درآمد نہیں ہوا ہیں اور وہاں پر چند افراد قابض ہیں اور قوم شائزئی کے مراعات وہ قابض افراد لے رہے ہیں اور غریب قوم ہیں مسلسل مارخور کی شکار جاری ہیں اور اب 17 اور 18 فروری کو شکار کرنے کے لئے نئی پارٹی آئے گی لیکن قوم شائزئی ٹویٹ کمیٹی کسی کو بھی شکار کرنے کی اجازات نہیں دیں گے انہوں نے کہا کہ شکار کے لئے آنے والی پارٹیوں کو خبردار کرتے ہیں کہ وہ شکار کے لئے نہیں آئیں اور آنے کی صورت میں انہیں شکار کی اجازات نہیں دیں گے۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے بغیر صحت کا شعبہ ادھورا ہے۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کو صحت کے بہترین سہولیات کی فراہمی اور صحت کے شعبے سے متعلقہ پیرامیڈیکس سٹاف کو درپیش مسائل کو حل کرنا موجودہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قومی پیرامیڈیکس ڈے کے حوالے سے اسلام آباد میں منعقدہ تقریب کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ موجودہ حکومت شہریوں کو بہترین صحت کی سہولیات کی فراہم کے لئے کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے شہریوں کو سہولیات کی فراہمی کے لیے صحت انصاف کارڈ کا اجرا کیا ہے۔اوراس کارڈ کا حامل 10لاکھ تک سرکاری ونجی ہسپتالوں میں مفت علاج کروا سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخواصحت کارڈ کا اجرا حکومت کا ایک احسن اقدام ہے جس کے تحت نچلے طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد بھی نجی ہسپتالوں میں اپنا علاج کرواسکتے ہیں جو پہلے ان کے لیے ممکن نہیں تھا۔ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان عمران خان نے بلوچستان کےعوام کیلئے صحت انصاف کارڈ کی اجرا کی منظوری دے دی ہیں اور بہت جلد بلوچستان کے عوام بھی اس پروگرام سے مستفید ہونگے۔انہوں نے کہا کہ صحت انصاف کارڈ کا اجرا کرکے وزیراعظم پاکستان عمران خان نے اپنے دونہیں ایک پاکستان کے وعدے کو پورا کرکے دیکھایا ہے۔ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ کورونا وبا کے خلاف جنگ اور ملک سے پولیو کے خاتمے کیلئے پیرامیڈیکس سٹاف نے لازوال قربانیاں پیش کی ہیں۔ انہوں نے پیرامیڈیکس سٹاف کو ان کی لازوال قربانیاں پر انہیں اور پارلیمان کی طرف سے خراج تحسین پیش کیا۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ موجودہ حکومت نے قومی اسمبلی سے الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل بل پاس کروا کر پیرامیڈیکس سٹاف کے 70 سالہ پرانے مسئلے کو حل کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے شہریوں کو بہترطبی سہولیات کی فراہمی کیلئے طبعی آلات کی درآمدات پر ٹیکس صفر کر دیا گیا ہے اور نجی ہسپتالوں کے قیام کے لیے رعایتی نرخوں پر زمین فراہم کرنے کو اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے ان اقدامات سے ملک کے دیہی علاقوں میں بھی نجی ہسپتال قائم ہونگے اور دیہی علاقوں کے عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ پیرامیڈیکس سٹاف کو بھی بہتر ملازمت کے مواقع فراہم ہونگے۔انہوں نے پیرامیڈیکس سٹاف کو درپیش مسائل کو حل کرنے کیلئے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پاکستان پیرامیڈیکس ایسوسی ایشن وقار حسین جعفری نے ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی کا شکریہ ادا کیا اور قومی اسمبلی سے الائیڈ ہیلتھ بل کی منظوری کو سراہتے ہوئے کو کہا کہ اس بل کی منظوری سے پیرامیڈیکس سٹاف کی محرومیوں کا خاتمہ ہو گیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے دیگر مقررین نے حکومت کی طرف سے صحت کی شعبے کی ترقی کیلئے اٹھائے جانے والے اقدامات کو سراہا۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

قعہ پیش آیا اس پر فوری اقدامات کیے گئے، واقعہ کی جامع تحقیقات کی جارہی ہیں، واقعہ کے ذمہ داران کو قانون کے مطابق سزا دی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار وزیر مملکت فرخ حبیب نے چیئرمین فیصل جاوید کی زیر صدارت منعقدہ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات و نشریات کے اجلاس میں کیا۔انہوں نے کہا کہ پیمرا کے قوانین میں بھی بہتری آنی چاہیے۔اس موقع چیئرمین کمیٹی سینیٹر فیصل جاوید نے کہا کہ سندھ کے علاوہ پورے پاکستان میں صحت کارڈ کا اجراء جاری ہے، گزشتہ اجلاس میں سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے بتایا تھا کہ سندھ حکومت صحت کارڈ کا اجراء چاہتی ہے، ان کی یقین دہانی کے باوجود ابھی تک سندھ میں صحت کارڈ کا اجراء نہیں ہوا۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ ہمارے زیادہ تر فنکار کراچی میں رہتے ہیں ان کے لیے سرکاری علاج کی کوئی سہولت موجود نہیں، اگر حکومت سندھ صحت کارڈ کا اجراء کردے تو فنکاروں کو بہت فائدہ ہو سکتا ہے۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے پنڈ دادن خان کے مضافاتی علاقے ڈھڈی پھپرا میں پرائیویٹ سکول کی خستہ حال عمارت گرنے کے باعث پرائمری سکول کے بچوں کے زخمی ہونے کے واقعہ پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے ڈی سی جہلم سے رابطہ کر کے واقعہ کی فوری تحقیقات کی ہدایت کی اور رپورٹ طلب کر لی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے زخمیوں کو ہسپتال میں بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ بچوں، خواتین ٹیچرز اور سکول کے دیگر عملہ کو جہلم منتقل کر کے علاج معالجہ کی بہترین سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہا کہ طلبا جائز مطالبہ پر 72 دن سے شدید سردی میں احتجاج کر رہے تھے لیکن بے حس حکمرانوں کے کانوں پر جوں تک نہیں رہیں گے جس پر مجبور ہوکر طلبا کو تادم مرگ بھوک ہڑتال کا راستہ اختیار کرنا پڑا بلوچستان کی بدقسمتی ہے کہ جعلی لوگوں کو اسمبلی پہنچایا گیا اور اب یہاں حکومت ہے نہ اپوزیشن، ایک مافیا ذاتی مفادات کی تکمیل کے لیے سرگرم ہے جس کو عوام کے دکھ درد کا کوئی احساس نہیں اس وجہ سے طلبا، ڈاکٹر کسان اور میونسپل کارپوریشن کے ملازمین سمیت ہر طبقہ احتجاج پر ہے انہوں نے کہا کہ مکران، جھالاوان اور لورالائی میڈیکل کالجز کے طلبا 72 روز سے سراپا احتجاج ہیں مگر افسوس نااہل سلیکٹڈ حکومت ان کے جائز مطالبات پر توجہ دینے کی بجائے ریکوڈک فروخت اور سینڈک منصوبے کی توسیع کے لیے سرگرم ہے انہوں نے کہا کہ ہم شروع دن سے کہہ رہے تھے کہ بلوچستان میں جن لوگوں کو لایا گیا وہ کسی بڑی سازش کی شاخسانہ ہے ریکوڈک معاہدہ اور سینڈک لیز میں توسیع کے حوالے سے ہمارے خدشات درست ثابت ہو رہے ہیں اس وقت جو لوگ اقتدار میں ہیں ان کے پاس ایک گیٹ کھولنے کا بھی اختیار نہیں، انہوں نے کہا کہ صوبہ میں حکومت صرف میڈیا کی حد تک زندہ ہے اور گریڈ 18 کا ایک آفیسر میڈیا کی حد تک حکومت چلا رہے ہیں۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

احتجاج کی حمایت کرتے ہیں یہ بات انہوں نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ملازمین کی وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کا عملہ انتہائی قلیل تنخواہوں میں دن رات ایک کرکے صوبہ بھر کے مختلف شاہراہوں گلیوں سے کچرہ اٹھاتے ہیں اور عوام کو مختلف بیماریوں سے محفوظ کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود انتظامیہ کی جانب سے تنخواہیں نہ دینے ایک سوالیہ نشان ہے اور ملازمین کی تنخواہیں تو دیتے نہیں اور اپنی عیاشیوں اور کرپشن کے لئے اربوں روپے مختص کیے جاتے ہیں اس لئے حکومت کو چاہیے کہ ان غریب نادار ملازمین کی تنخواہیں فوری طور پر ریلیز کیا جائے اگر صوبائی حکومت ملازمین کی تنخواہیں ریلیز نہیں کرسکتے تو ان کو اقتدار میں رہنے کا کوئی حق نہیں ہے ملازمین کے احتجاج کی مکمل حمایت کرتے ہیں اور ان کے ساتھ ہرقسم کے تعاون کرنے کیلئے تیار ہیں۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

موجودہ حکومت کا خاتمہ عوامی مفاد میں ناگزیر ہو چکا ہے، نااہل وزیراعظم نے ہمیشہ رات کی تاریکی میں عوام پر مہنگائی کے پہاڑ توڑے ہیں، تمام حقیقی سیاسی جمہوری جماعتوں کی متحد ہونے کی ضرورت ہے بصورت دیگر حالات مزید خراب ہونگے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے آن لائن سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ اور موجودہ نااہل وزیراعظم نے جب بھی عوام پرحملہ کیا ہے تو وہ رات کی تاریکی میں کیا ہے، نئے پاکستان سے اب لوگ تنگ آچکے ہیں ہمیں پرانے پاکستان کو بچانا ہے پیٹرول مہنگا کر رہے ہیں عوام کا قتل کیا ہے اب موٹرسائیکل چلانے والے بھی پریشان ہے عوام اور ٹرانسپورٹروں کو چاہیے وہ صرف ایک ہفتے کے لیے کاروبار بند کریں تو یہ خود بخود حکومت چھوڑ دے گا اس ظالم سے جان چھڑانے کی ضرورت ہے ۔ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر عبدالحئی نے کہا کہ ملک کو اس نے آئی ایم ایف کے حوالے کر دیا ہے اس کے ہاتھ میں کچھ نہیں سیاسی شعور رکھنے والے سیاسی پارٹی ہی ملک کو چلا سکتا ہے اس کے بس کی بات نہیں۔انہوں نے کہا کہ غیر جمہوری قوت ملک پر سیاست پر قبضہ کیے ہوئے ہیں، اس وقت سب کو ملک کو اور عوام کو بچانا ہے اور ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونے کی ضرورت ہے ورنہ حالات مزید خراب ہو جائیں گے مہنگائی سے ملک میں بدامنی ۔ بے روزگاری بڑھ جائیگی اس لیے فکر کی ضرورت ہے سب سے بڑا ڈاکو عمران اور اس کی ٹیم ہے اس کی حکومت کو ختم کرنا ناگزیر ہے۔ نیشنل ڈیموکریٹ پارٹی عوام کی مفاد کے خاطر سیاسی قوت کا ساتھ دے گی۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جیت کے مارجن سے زیادہ ہونے پر ایک بار پھر الیکٹرانک ووٹنگ مشین کی مخالفت کرنے والوں کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کے پی کے بلدیاتی انتخابات کے نتائج کے حوالے سے ایک تصویر شیئر کی۔تصویر میں واضح طور پر تحریر ہے کہ پشاور میں میئر کی نشست کے لیے ہونے والے پولنگ میں مسترد شدہ ووٹوں کا مارجن جیتنے گئے ووٹوں کے مارجن سے زیادہ رہا۔ٹوئٹر پر عمران خان کی جانب سے شیئر کی گئی تصویر کے مطابق میئر پشاور کے الیکشن میں جے یو آئی کو 63610 ووٹ ملے جبکہ تحریک انصاف کے امیدوار نے 51523 ووٹ حاصل کیے۔میئر پشاور کے انتخابات کے لیے جیت کا مارجن 12087 رہا جبکہ مسترد شدہ ووٹوں کی تعداد 23113 رہی۔تصویر کے ساتھ وزیراعظم عمران خان نے ایک کیپشن بھی تحریر کیا جس میں لکھا تھا کہ کے پی کے بلدیاتی انتخابات میں ایک بار پھر ڈبل اسٹیمپنگ یا دیگر وجوہات کی بنا پر مسترد شدہ ووٹوں کا مسئلہ سامنے آیا۔عمران خان نے لکھا کہ 2013 کے الیکشن کے حوالے سے جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ میں بھی اس مسئلے کی نشاندہی کی گئی تھی۔وزیراعظم نے کہا کہ مخالفین کے مسترد شدہ ووٹوں کے ذریعے انتخابات پر اثر انداز ہونا بھی 'اسٹیٹس کو' کی جانب سے الیکٹرانک ووٹنگ مشین (ای وی ایم) کی مخالفت کی ایک وجہ ہے۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بیگ کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کٹھ پتلی ڈکٹیٹر بننے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اپنے بیان میں سینیٹر پلوشہ خان نے کہا کہ صحافی محسن بیگ کی گرفتاری عمران خان کی گھبراہٹ ظاہر کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کٹھ پتلی ڈکٹیٹر بننے کی کوشش کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عمران خان کو صحافی محسن بیگ کے خلاف کوئی شکایت تھی تو ان کے خلاف مقدمہ درج کرواتے۔

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حوالے کر دیا۔محسن بیگ کو کمرہ عدالت میں پیش کرنے کے بعد دروازہ لاک کیا گیا، تاہم کورٹ رپورٹرز کے احتجاج کے بعد انہیں رپورٹنگ کی اجازت دے دی گئی۔ محسن بیگ نے عدالت کو بتایا کہ مقامی پولیس اسٹیشن کو اطلاع دیے بغیر سادہ کپڑوں میں چھاپہ مارا گیا، آج کل جیسے وارداتیں ہورہی ہیں میں تو سمجھا ڈاکو گھس آئے ہیں۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ مجھے ایف آئی اے والوں نے تھانے میں تشدد کا نشانہ بنایا، تشدد کر کے میری پسلیاں بھی توڑ دی گئی ہیں، میرا میڈیکل کرانے کا حکم دیا جائے۔انسداد دہشت گردی کی عدالت کے جج نے کہا کہ یہ بات تفتیش میں ثابت ہوگی کہ کیا ہوا ہے۔محسن بیگ نے عدالت کو بتایا کہ میرے تمام ہتھیاروں کا لائسنس موجود ہے، واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج موجود ہے۔محسن بیگ کے وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کی واضح ہدایات ہیں کہ یونیفارم کے بغیر کسی کے گھر نہیں جا سکتے، ان کو کیا پتہ تھا کہ یہ ایف آئی اے والے ہیں یا کوئی چور، ڈاکو ہیں۔ دریں اثناء ایڈیشنل سیشن جج ظفر اقبال نے 5 صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جاری کر دیا ہے۔ فیصلے کے متن میں کہا گیا ہے کہ مقدمہ 9 بجے ہوا اور ساڑھے 9 بجے ایف آئی اے نے چھاپہ مارا۔ بغیر کسی سرچ وارنٹ کے چھاپہ مارا گیا۔محسن بیگ کا بیان پولیس ریکارڈ کرے اور قانون کے مطابق کارروائی کرے۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ سوا دو بجے تک ایس ایچ او نے ریکارڈ اور غیر قانونی حراست میں رکھے محسن بیگ نہیں پیش کیا۔ایف آئی اے اور ایس ایچ او کی ایف آئی آر سے ثابت ہوتا ہے چھاپہ غیر قانونی مارا گیا۔ چھاپہ مارٹیم میں جو لوگ شامل تھے وہ چھاپہ مارنے کا اختیار نہیں رکھتے تھے۔ تھانہ مارگلہ ایس ایچ او نے ان غیر قانونی افراد کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی بجائے اپنی الگ مقدمہ دیدیا۔ ایس ایچ او نے جعلی کارکردگی دکھانے کے لیے مقدمہ درج کیا۔ فیصلے میں آئی جی اسلام آباد کو ذمہ داروں کیخلاف کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے۔ ادھر ذرائع کے مطابق محسن بیگ کی گلی کے باہر پولیس کی نفری تعینات کر دی گئی ہے۔شہریوں کو بھی گلی کے اندر جانے کی اجازت نہیں دی جا رہی۔ واضح رہے کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں سوشل میڈیا پر حکومت کی پالیسیوں پر تنقید کرنے کے الزام میں محسن بیگ کو وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے گرفتار کر لیا، اس موقع پر ایف آئی اے کا ایک اہلکار زخمی ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق صحافی محسن بیگ کے گھر ایف آئی اے سائبر کرائم ونگ کے اہلکاروں نے چھاپہ مارا تھا

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

محمد طاہر رائے ہلال شجاعت وڈی آئی جی قلات رینج سلمان علی خان کے احکامات پر منشیات کے خلاف خصوصی کمپین میں ایس پی قلات عبدالروف برڑیچ کی ہدایت پر CIA قلات پولیس SI حبیب اللہ ساسولی و SI یار محمد مینگل نے اپنے ٹیم کے ہمراہ ڈرامائی انداز میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ملزم شکیل احمد ولد فقیر محمد قوم محمد حسنی سکنہ پالو قلات کو گرفتار کرلیا گیا ملزم سے 1 کلو 15 گرام پختہ چرس برآمد کرکے ملزم کے خلاف مقدمہ 08/2022 بجرم زیر 9CNSA درج کرلیا گیا۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اپنے تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائے ان خیالات کا اظہار انھوں نے اسکول داخلہ مہم کے احوالے سے اجلاس کی صدارت کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اجلاس میں ضلعی افسر تعلیم عزیز اللہ بلوچ زاھد حسین بلوچ اور دیگر افسران نے شرکت کی اجلاس میں کہا گیا ہے کہ صوبائی حکومت ضلع بھر میں جدید جامع نظام تعلیم کی تشکیل کا انقلابی اقدامات اٹھارہے ہیں اسلئے والدین اساتذہ سول سوسائٹی سے اپیل کی جاتی ہے کہ، آو بچوں اسکول چلے مہم میں حصہ لے کر اپنے بچوں کو اسکول میں داخل کریں تاکہ نئی نسل تعلیم یافتہ ہوں۔انہوں نے کہا کہ اسکول داخلہ مہم کے دوران آپ نہ صرف اپنے بچوں کو داخل کروائے بلکہ اہل علاقہ کو بھی ترغیب دے اس سلسلے میں واک و دیگر تقریبات کا انعقاد کرے تاکہ لوگوں میں شعور اجاگر ہو تاکہ وہ اپنے بچوں پر توجہ دے اور بچوں کو اسکول میں داخل کریں

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عمران خان کو ہٹانا ہے، عمران خان کو ہٹانے کے سوا نجات کا دوسرا کوئی راستہ نہیں ہے، یہ بات انہوں نے بدھ کو اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام (س) پیٹرول کی قیمت میں اضافہ مسترد کرتی ہے، انہوں نے کہا کہ حکومت نے عوام پر پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کا ایک اور بم گرا دیا ہے، حکومت عوام کا خون چوس رہی ہے، انہوں نے کہا کہ عمران خان اینڈ کمپنی آئی ایم ایف سے مل کر مہنگائی کی چھری سے عوام کی شہ رگ کاٹ رہی ہے ، انہوں نے کہا کہ ساڑھے 3 سال سے ملک وقوم پر عمران خان کی صورت میں عذاب مسلط ہے، اس عذاب سے ملک وقوم کو نجات دلانا ہوگا ،انہوں نے کہا کہ عمران خان کو ہٹانے کے سوا نجات کا دوسرا کوئی راستہ نہیں ہے۔

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گئے ۔ بلوچستان لیبر فیڈریشن کی کال پر کوئٹہ میں زرغون روڈ ، میونسپل کارپوریشن اور وائٹ روڈ سے احتجاجی ریلیاں نکالی گئیں سینکڑوں مزدوروں و ملازمین کا ایدھی چوک پر دھرنا تنخواہوں کی ادائیگی کا مطالبہ حکومت بلوچستان صوبائی وزیرخزانہ اور سیکرٹری فنانس کے مزدور دشمن رویہ کی شدید مذمت کی گئی بلوچستان لیبر فیڈریشن نے ملازمین و مزدوروں کے معاشی قتل کیخلاف احتجاج تنخواہوں کے حصول تک جاری رکھنے کا اعلان کردیا ملازمین تنخواہوں اور پنشن سے محروم، حقوق کیلئے آواز بلند کی جائے ۔ بروز بدھ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں بلوچستان لیبر فیڈریشن کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرے اور ریلیاں منعقد کی گئیں، اور محکمہ فنانس بلوچستان صوبائی وزیرخزانہ سیکرٹری خزانہ سے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں تنخواہوں و پنشن کے فنڈز کی لیٹ فراہمی پر برہمی کا اظہار اور مطالبات کے حل کیلئے نعرے بازی کی گئی ، کوئٹہ میں تین مرکزی جلوس زرغون روڈ، وائٹ روڈ اور کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن سے نکالے گئے جس کی قیادت خان زمان قاسم خان حضرت خان عارف نیچاری منظور احمد عابد بٹ فضل محمد حاجی سعد اللہ ملک وحید ندیم کھوکھر اور دیگر رہنماؤں نے کی کوئٹہ میں تمام احتجاجی جلوس مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے ایدھی چوک پہنچے جہاں ملازمین و مزدوروں نے دھرنا دیا اور محکمہ واسا میٹروپولیٹن کارپوریشن سمیت اندرون بلوستان میونسپل ملازمین کو تنخواہوں پنشن اور گریجویٹی کے واجبات ادا نہ ہونے کیخلاف اپنے خیالات کا اظہار کیا بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان نے کہا کہ حکومت ہے نہ ادارے آج متعدد محکموں کے ملازمین تنخواہوں کیلئے سراپا احتجاج بن گئے ہیں حکومت کی ہٹ دھرمی ہے یاغفلت اب مزید مہلت نہیں دینگے تنخواہوں کا مسئلہ حل نہ ہوا تو بلوچستان بھر میں شدید احتجاج اور دھرنوں کی کال دیں گے ، اس کے علاوہ بلوچستان لیبر فیڈریشن کی کال پر اندرون بلوچستان لورالائی ہرنائی ژوب ، پشین، چمن قلات مستونگ ، سبی ڈھاڈر ڈیرہ مراد جمالی اوستہ محمد خضدار حب مسلم باغ خاران واشک ، نوشکی اور دیگر اضلاع میں میونسپل کمیٹیوں کے ملازمین کے معاشی استحصال اور ہر ماہ تنخواہوں و پنشن کی لیٹ ادائیگی کیخلاف احتجاجی ریلیوں مظاہرے منعقد ہوئے دوروز میں مسئلہ حل نہ ہوا تو پھر صوبہ بھر میں احتجاج کی کال دی جائے گی ترجمان بلوچستان لیبر فیڈریشن عابد بٹ کے مطابق اندرون بلوچستان متعدد اضلاع میں بلوچستان لیبر فیڈریشن کی کال پر میونسپل ملازمین اور چھوڑ ہڑتال اور احتجاج پر ہیں بیان میں تمام اضلاع کے مزدوروں و ملازمین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ احتجاجی شیڈول پر عمل کرتے ہوئے تنخواہوں کے حصول کیلئے جدوجہد تیز کریں اور اپنے حقوق کیلئے بھرپور آواز بلند کی جائے ۔

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اسلام کے رہنماء ۔ اور رکن صوبائی اسمبلی زابد ریکی کی قیادت میں وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو ڈسٹرکٹ واشک کے عوام کو درپیش مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ اس ترقی یافتہ دور میں علاقہ کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے ان کے مسائل کو غور اور توجہ سے سنا اور ان کے حل کیلئے اپنے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

۔ عالمی برادری افغانستان کو کسی بھی قسم کے بحران سے بچانے کیلئے بھرپور تعاون کرے۔ انہوں نے افغانستان میں سنگین بحران پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے اور اپنے پڑوسی ملک افغانستان کے لئے بھی یہی احساسات رکھتا ہے انہوں نے افغانستان کی بگڑتی ہوئی صورت حال پر عالمی برادری سے اپیل کی کہ وہ ہنگامی بنیادوں پر افغان عوام کی مدد کرے تاکہ کسی بھی انسانی المیہ سے بچا جاسکے۔ افغانستان کی عبوری حکومت کے ساتھ عالمی برادری کی تعمیری، سیاسی اور معاشی رابطہ کاری کی بھی اشد ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان کے حوالے سے علاقائی رابطوں میں وسیع معاشی اور انسانی بحران سے بچنے کے لئے عالمی برادری کو مسلسل تعمیری کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ خطے میں امن وامان اور استحکام کا دارومدار افغانستان کی صورتحال پر منحصر ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ افغان عوام کی بہتری اور ان کی امنگوں کے مطابق فیصلوں کا خیر مقدم کیا ہے اور آئندہ بھی ایسے فیصلوں کی حمایت کرتا رہے گا سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ پاکستان سے زیادہ کوئی اور ملک افغانستان میں امن واستحکام کا خواہشمند نہیں پاکستان افغانستان کا پڑوسی اور خیرخواہ ہے افغانستان کی صورتحال کا براہ راست پاکستان پر اثر پڑتا ہے پاکستان مضبوط ، مستحکم اور پرامن افغانستان کیلئے ہر اقدام کی بھرپور حمایت کرتا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہرمشکل وقت میں افغانستان کا بھرپور ساتھ دیا ہے اور آئندہ بھی پاکستان خطے میں پرامن اور مستحکم افغانستان کی حمایت جاری رکھے گا۔انہوں نے کہا کہ افغانستان میں پائیدار امن اور ترقی کے لئے افغان رہنماؤں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ افغانستان میں جامع سیاسی حل کے لئے تمام فریقین کے ساتھ مل کر کام کریں تاکہ افغانستان کے بہتر مستقبل کے لئے بھرپور لائحہ عمل طے کیا جاسکے۔سینیٹر ثمینہ زہری نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان دین، تاریخ، جغرافیہ، ثقافت اور بھائی چارہ کے مضبوط رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں۔ پاکستان افغانستان کے ساتھ وسیع تر تعلقات کا خواہاں ہے اور افغانستان میں دیرپا امن کے لئے ہر مثبت اقدام کی حمایت کرے گا۔

بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سندھ اسمبلی کی عمارت میں پولنگ ہوگی۔ واضح رہے کہ الیکشن کمیشن نے دوہری شہریت کیس میں سابق وزیر فیصل واوڈا کو نااہل قرار دیا تھا اور ان کا بطور سینیٹر نوٹیفکیشن واپس لینے کا حکم دیا تھا جس کے بعد ان کا بطور سینیٹر الیکشن کمیشن سے جاری نوٹیفکیشن واپس لے لیا گیا۔ الیکشن کمیشن نے اپنے فیصلے میں کہا تھا کہ فیصل واوڈا دو ماہ میں تمام مالی مفادات اور مراعات واپس کریں، انہوں نے جرم چھپانے کے لیے قومی اسمبلی کی نشست سے استعفیٰ دیا۔ فیصل واوڈا سندھ سے تحریک انصاف کی نشست پر 3مارچ 2021 کو سینیٹر منتخب ہوئے تھے ۔

بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مریم نواز نے کہا کہ عمران خان کوئی آسمان سے اتری مخلوق نہیں جس کی شان میں گستاخی کرنے پر شہریوں کے گھروں پر دھاوا بولا جائے گا اور انکو سلاخوں کے پیچھے پھینکا جائے گا۔ آپ کی اہلیہ کا جو احترام ہے وہی میری آئی سی یو میں بیہوش پڑی والدہ کا ہونا چاہیے تھا، مخالفین کی بہنوں اور بیٹیوں کا ہونا چاہیے تھا، عاصمہ شیرازی، ثناء ۔ بچہ اور غریدہ فاروقی کا ہونا چاہیے تھا مگر اس وقت آپ نا صرف خود اس گندے کھیل میں شامل تھے بلکہ اپنے جاہل وزرا کا حوصلہ بڑھاتے تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ اقتدار جب ہاتھ سے نکلنے لگتا ہے تو آپ جیسے انسانوں کا خوف اسی طرح سامنے آتا ہے۔ آپ کی حرکتیں دیکھ کر مشرف کے آخری ایام یاد آجاتے ہیں۔مریم نے مزید لکھا کہ آپ کی اہلیہ کا جو احترام ہے وہی میری ICU میں بیہوش پڑی والدہ کا ہونا چاہیے تھا، مخالفین کی بہنوں اور بیٹیوں کا ہونا چاہیے تھا۔'مریم نواز نے مزید کہا کہ ماضی میں آپ نا صرف خود اس گندے کھیل میں شامل تھے بلکہ اپنے جاہل وزرا کا حوصلہ بڑھاتے تھے، اقتدار جب ہاتھ سے نکلنے لگتا ہے تو آپ جیسے انسانوں کا خوف اسی طرح سامنے آتا ہے، آپ کی حرکتیں دیکھ کر مشرف کے آخری ایام یاد آجاتے ہیں

بقیہ 31 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے کہ بارڈر پر عوام کے استحصال میں دونوں ممالک کے حکمران ذمہ دار ہیں ڈیورنڈ لائین پر تجارت کی بندش سے صوبے کے لاکھوں غریب و متوسط طبقات جو مختلف قسم کے امپورٹ ایکسپورٹ کے کاروبار سے وابسطہ تھے نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں بارڈر پر تجارتی سامان کی بندش محکوم اقوام کو معاشی طور پر کمزور کرنے کی سازش ہے کمزور اور ناقص خارجہ پالیسی کی وجہ سے ہر وقت پاکستان اور ہمسایہ برادر ممالک افغانستان اور ایران کے تعلقات خراب رہتے ہیں ۔ان ممالک کا ایک دوسرے پر الزامات اور بہتان حالات کو مزید گھمبیر بنا دیگی جسکا ناجائز فایدہ ان تینوں ممالک کے دشمنوں کو مل رہا ہے اور سب سے زیادہ نقصان ان بارڈرز کے آر پار رہنے والے اقوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ بارڈرز کی بندش اور ائے روز کشیدگی سے دشمن اپنے مزموم مقاصد حاصل کرنے میں کامیاب ہوں گی جس سے برادر ممالک کو ناقابل تلافی مالی نقصان کا سامنا ہوگا انہوں نے کہا کہ برادر ممالک کو ایک دوسرے کی خود مختیاری اور استحکام کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے احترام کرنا ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ دیرپا دو طرفہ تعلقات قائم کرنے کیلئے تینوں ملکوں کو ایک دوسرے میں مداخلت کرنے کے بجائے ایک اچھے ہمسائے کے حق کوادا کرنا ہوگا بارڈر پر سفارتی اور دو طرفہ تعلقات بحال کر کے دشمن کے ناپاک اعزا ہم خاک میں ملانے کیلئے بارڈر کو تجارت اور امد و رفت کیلئے جلد سے جلد کھولا جائے تاکہ بارڈر سے متصل دونوں اطراف پر عوام سکھ کی زندگی گزار سکے بیان میں ملکی سرحدات پر دیرپا امن کی کوششوں پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک مصدقہ حقیقت ہے کہ ہمسایے تبدیل نہیں کیا جا سکتا بلکہ عدم مداخلت اور بھائی چارگی سے انہیں اپنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 32 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بم دھماکے کے 5برس بیتنے پر پیغام جاری کیا۔اپنے پیغام میں وزیراعلی سندھ نے کہا کہ حضرت لعل شہباز قلندر انسانیت کے علمبردار تھے۔انہوں نے کہا کہ ہمارے صوفی بزرگوں نے مذہبی تفریق سے بالاتر ہوکر محبت کا پیغام دیا، ہمیں ان کی درگاہوں سے محبت، رواداری اور تمام مذاہب کے احترام کا درس ملتا ہے۔وزیراعلی نے کہا کہ صوفیوں کی درگاہوں پر قتل عام کرنا مذہبی تعلیمات کے منافی ہے۔انہوں نے کہا کہ 5سالوں کے بعد بھی واقعے کو یاد کرکے دل خون کے آنسوں روتا ہے، آج بھی بم دھماکے میں شہید ہونے والے لوگوں کے خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی ہے۔یاد رہے کہ 16 فروری 2017 میں حضرت لعل شہباز قلندر کی درگاہ پر پاکستان اور اسلام دشمنوں نے دھما کا کیا تھا۔اس دھماکے میں 90 سے زائد لوگ شہید اور 300 سے زائد افراد زخمی ہوئے تھے۔

بقیہ 33 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بھیجے کی تصدیق کردی ہے ۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم عمران خان کو پی ایس ایل سیون کا فائنل دیکھنے کے لیے اسٹیڈیم آنے کا امکان ہے۔وزیراعظم مصروفیات کو دیکھتے ہوئے 27 فروری کو میچ سے متعلق حتمی فیصلہ کریں گے۔واضح رہے کہ وزیراعظم عمران خان پی سی بی کے پیٹرن ان چیف ہیں۔ ایونٹ کا فائنل 27فروری کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔

بقیہ 34 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مارکیٹ میں قیمتیں 95 ڈالرز تک پہنچ گئی ہیں ۔انہوں نے کہا کہ حکومت پیٹرول کی قیمت میں کوئی ٹیکسز نہیں ڈال رہی۔انہوں نے کہا کہ سخت وقت میں زندگی نارمل نہیں رہ سکتی اور حکومت کس کس چیز کو سبسڈائز کرے، ہماری حکومت کی ترجیح کھانے پینے کی چیزوں پر سبسڈی دینا ہے، کورونا اور مہنگائی عالمی ہے لہٰذا ہمیں اس میں خود کو ایڈجسٹ کرنا ہے۔ شبلی فراز نے کہا کہ وزارت سائنس کی کوشش ہے بجلی کم خرچ ہو، بجلی کم خرچ ہوگی تو آئل کی امپورٹ کم ہوگی۔

بقیہ 35 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

روپے 32 پیسے جبکہ پٹرول کی فی لیٹر قیمت سب سے زیادہ 51 روپے 30 پیسے بڑھائی گئی۔

بقیہ 36 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹن یارن شامل ہے۔جس کی پیداوار میں ہم پانچویں نمبر پر ہیں، اس کے بعد فیبرک میں ہم دوسرے نمبر پر ہیں، کاٹن کلاتھ میں بھی ہم دنیا میں دوسرے نمبر پر ہیں، ہماری برآمدات کی مصنوعات کی نوعیت بھی بہت محدود ہیں، ہمیں اپنی مصنوعات کی ورائٹی میں بہتری اور وسعت لانی چاہیے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد نے کہا کہ ہم اپنے سرمایہ کاروں کو بہتر مسابقتی ماحول دینے کیلئے کوشاں ہیں، پاکستان میں ٹیکسٹائل کا شعبہ بہتری کی جانب گامزن ہے، ٹیکسٹائل میں ہماری کارکردگی اچھی ہے، ٹیکسٹائل کے کم ویلیو ایڈڈ شعبے میں کاٹن یارن شامل ہے جس کی پیداوار میں ہم پانچویں نمبر پر ہیں، اس کے بعد فیبرک میں ہم دوسرے نمبر پر ہیں جبکہ کاٹن کلاتھ میں بھی ہم دنیا میں دوسرے نمبر پر ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر ویلیو ایڈڈ شعبے کی بات کریں تو ہوم ٹیکسٹائل جیسے بیڈ شیٹس جیسی اشیا میں ہم دنیا میں دوسرے نمبر پر ہیں، تولیہ بنانے میں دنیا میں پاکستان کا نمبر تیسرا ہے، ہوزری مصنوعات میں پاکستان دنیا میں چھٹے نمبر پر ہے۔انہوں نے بتایا کہ کپڑے بنانے میں ہمارا نمبر 17واں ہے، اس سے قبل اس شعبے میں ہمارا نمبر 19 تھا، اس سے قبل 20 تھا اور اس شعبے میں بہتری کرتے کرتے پاکستان 17ویں نمبر پر آگیا ہے اور انشااللہ اس سال اس شعبے میں مزید بہتری آئے گی۔مشیر تجارت نے کہا کہ یہ نمبرز ظاہر کرتے ہیں کہ ہماری سمت درست ہے اور ہماری معیشت صحیح راستے پر جارہی ہے۔انہوں نے ٹیکسٹائل کے شعبے میں اپنی حکومت کی کارکردگی بتاتے ہوئے کہا کہ ہماری حکومت آنے سے قبل کے 10 سال کا ریکارڈ دیکھیں تو گزشتہ حکومتوں کے ادوار میں ٹیکسٹائل کے شعبے میں کوئی بہتری، نمو اور ترقی نہیں ہوئی تھی، ہماری حکومت کی پالیسیوں کے باعث بہتری نظر آنا شروع ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سالوں کے دوران پاکستان اس شعبے میں 10، 12 ارب کے درمیان کی مصنوعات پیدا کر رہا تھا جبکہ اس سال ہم 21ارب کی مصنوعات پیدا کریں گے، جس کا مطلب ہے کہ صرف ٹیکسٹائل کے شعبے میں ہی کم ازکم 6 ارب کا اضافہ ہوگا جو کہ بہت اچھی کارکردگی ہے اور امید ہے اس سال ٹیکسٹائل کے شعبہ 26 فیصد مزید ترقی کرے گا۔دنیا میں کاٹن یارن شعبے میں پاکستان کا شیئر بتاتے ہوئے عبدالرزاق داؤد نے کہا کہ دنیا میں مجموعی طور پر ہماری عالمی ٹیکسٹائل مارکیٹ میں حصہ 1.8 فیصد ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی ٹیکسٹائل پالیسی کا بنیادی اور انتہائی اہم مقصد سرمایہ کاروں اور صنعت کاروں کو عالمی سطح کا مسابقتی ماحول دینا ہے تاکہ وہ اس شعبے میں دنیا کے دوسرے ممالک سے مقابلہ کر سکیں، یہ ہماری حکومت کا وعدہ ہے کہ ہم تاجر برادری کو عالمی منڈی میں مقابلے کے لیے مسابقتی قیمتیں دیں گے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ حکومت نے بجٹ میں ٹیرف ریشنلائزیشن پالیسی کے تحت خام مال کی درآمد پر ٹیکس ڈیوٹی کم کی تھی، اس سال بھی اس پالیسی کو برقرار رکھا جائیگا۔مشیر تجارت نے کہا کہ کئی شعبوں میں ہماری حکومت کی کارکردگی بہت اچھی ہے مگر کئی شعبوں میں چیلنجز کا سامنا ہے، کئی ایسے شعبے ہیں جہاں ہمیں بہتری لانے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ یہ پاکستان کی کمزوری ہے کہ ہم پوری دنیا کے صرف 10 ملکوں میں اپنی 75 فیصد اشیا برآمد کر رہے ہیں، ہماری برآمدات کی مصنوعات کی نوعیت بھی بہت محدود ہیں، ہمیں اپنی مصنوعات کی ورائٹی میں بہتری اور وسعت لانی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ شعبے میں پاکستان کے لیے ترقی کے بے پناہ مواقع ہیں، ٹیکسٹائل کے شعبے میں بہتری لاکر ہم ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ کما سکتے ہیں اور اس سلسلے میں ہماری تاجر برادری کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

بقیہ 37 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہیں اور حکمرانوں نے پاکستان کے غریب عوام پر کوئی ترس نہیں ارہاہے خدارا حکمران ملک کے غریب عوام کا سوچیں غریب دووقت کی روٹی پر مجبور ہے لیکن حکمران اور اپوزیشن سیاسی کشمکش میں مبتلا اور ملک کو معیشت کی دھانے پر پہنچا دیا ہے تعجب اس بات پر ہے کہ جب پیٹرول مہنگا کرنے کی سمری وزیراعظم نے مسترد کر دیا لیکن رات کی اندھیرے میں پیٹرول کی 12 روپے فی لیٹر مہنگا ہونے کی نوٹفکیشن جاری ہوا ہے ملک اب ہمارے حکمران نہیں آئی ایم ایف کے اشاروں پر چل رہا ہے مرکزی تنظیم تاجران پاکستان نے پیٹرولیم مصنوعات مہنگا کرنے کی سمری مسترد کردیا گیا اور حکومت سے مطالبہ کردیا ہے کہ فوری طور پیٹرول مہنگا کرنے کی سمری واپس لیں ورنہ تاجر ملک بھر میں احتجاج شروع کریں گے پیٹرول کی مہنگائی سے ہر چیز کی قیمت دوگنی ہونگیں اور غریب عوام دووقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں، اپوزیشن اگر عوام کیلئے آواز اٹھاتی ہے تو سب سے پہلے پیٹرول مہنگا ہونے کی سمری ختم کرنے کیلئے حکومت پر دباؤ ڈالیں۔

بقیہ 38 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بوستان علی کشتمند، ضلعی صدر افتخار حسین، ہزارہ ایس ایف کے سیکرٹری مجتبیٰ حسین اور علی رضا ہزارہ موجود تھے بیان میں کہا گیا کہ غیر منصفانہ حلقہ بندیوں کے خلاف پارٹی نے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ورکن بلوچستان اسمبلی قادر علی نائل کی سربراہی میں کمیٹی بنائی تھی جنہوں نے مختصر ترین مدت میں حلقہ بندیوں سے متعلق تمام ضروری معلومات ودستاویزات جمع کی اور قانونی مشاورت کے بعد مکمل تحریری اپیل کے ذریعے حلقہ بندیوں کی درستگی کیلئے اپیل جمع کی ہے بیان میں کہا گیا کہ حلقہ بندیوں کیلئے ضروری ہے کہ جغرافیائی، لسانی، ثقافتی، قومی، یکسانیت کا خیال رکھا جائے اور ایسے ہر عمل واقدام سے گریز کیا جائے جس سے شہر میں آباد اقوام و برادریوں کے درمیان کسی قسم کے نفاق وشرانگیزی پیدا ہونے کا خدشہ ہو اس مقصد کیلئے پارٹی اپنا کردار ادا کرتے ہوئے عوام کے بنیادی حق کے حصول کیلئے تمام قانونی راستہ اختیار کرنے کا فیصلہ کر رکھا ہے اور توقع کرتی ہے کہ الیکشن کمیشن حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے شہریوں کے وسیع تر مفادات میں فیصلے کریگی۔

بقیہ 39 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ت فوری طور پر جمع کرائیں ان خیالات کا اظہار ایس ڈی او کیسکو آپریشن سب ڈویژن ہرنائی عطاء اللہ ہنگلزئی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ چیف ایگزیکٹو کیسکو کوئٹہ یکسین لورالائی کی ہدایت پر بجلی چوروں ، نادہندگان کے خلاف کارروائی کرنے کیلئے کیسکو آپریشن کے عملے کی چھاپہ مارٹیم تشکیل دی ہے جو ضلع ہرنائی کے شہری اور دیہی علاقوں میں بجلی چوروں اور بجلی نادہندگان کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے واپڈا کی چھاپہ مار ٹیم نے سینکڑوں غیر قانونی اور نادہندگان کے کنکشن منقطع کردیئے ہیں ایس ڈی اوعطاء اللہ ہنگلزئی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کیسکو صارفین تک بجلی سہولیات کی فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہیں انہوں نے کہا کہ کیسکو صارفین کو چاہیے کہ وہ اپنے ذمہ واجبات کی ادائیگی کو ممکن بنا کر ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں، بجلی چوری کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائے گی غیر قانونی کنکشن اور کنڈا کلچر معاشرے میں ناسور کی طرح پھیل گیا ہے۔ جس کے خاتمہ کے لیے مختلف علاقوں میں آپریشن کی گئی ہے اور تا حال چھاپوں کا سلسلہ جاری، بجلی چوری کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائے گی بجلی چوروں کے خلاف کارروائی جاری رہی گی انہوں نے کہا کہ کیسکو کی کارکردگی میں بہتری واجبات کی ادائیگی سے ہی ممکن بنائی جاسکتی ہے اور اس ضمن میں ہرنائی کے صارفین اپنے بقایاجات جات فوری طور پر ادا کر کے کسی بھی قسم کے پریشانی سے خود کو بچائیں انہوں نے بتایا کہ بجلی چوروں اور بقایاجات کی عدم ادائیگی کرنے والے کیسکو صارفین کے خلاف کارروائی جاری رہے گی ۔بلکہ بجلی چوری میں ملوث اور نادہندگان کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کر کے قانونی کارروائی کریں گے۔

بقیہ 40 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

روزگار کی فراہمی کے لیے صوبائی حکومت کوشاں ہے حلقہ میں ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام جاری ہے جن کی تکمیل سے حلقہ انتخاب ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ انتخاب اور صوبے کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے عوامی وفود اور بی اے پی رہنمائی وزیارت کے عہدیداروں سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر عوام کی بڑی تعداد نے اپنے درخواستیں اپنے مسائل سے سنیئر صوبائی وزیرخزانہ کو آگاہ کیا سنیئر صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے موقع پر ہی شہریوں کے مسائل اور ان کی درخواستوں پر عملدرآمد کے احکامات جاری کئے سنیئر صوبائی وزیرخزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ان کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ آنے والے بجٹ میں حلقہ انتخاب کی تحصیل شاہرگ جو کہ غیر فعال ہے فنکشنل بنانے کیلئے ہے

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار
Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ
صفحات 8

خضدار، حاجی محمد حسن اور انکی اہلیہ خاندان کے دیگر افراد کے ہمراہ میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

مہنگائی نے عوام کی سانسیں تک بند کردی ہیں، مفتی محمد روزی خان

مہنگائی سمیت تمام معاملات ٹھیک کرنا اب حکومت کی بجائے آئی ایم ایف کے اختیار میں ہے، مرکزی رہنماء جمعیت علماء اسلام پاکستان

جمعیت ملک کا سفینہ ڈبونے سے بچانے کی فکر میں ہے، عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ امت اور بائیس کروڑ پاکستانیوں کا اجتماعی فریضہ ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سربراہ مجلس فقہی مولانا مفتی محمد روزی خان نے کوئٹہ میں دستار فضیلت کی مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت ملک کا سفینہ ڈبونے سے بچانے کی فکر میں ہے، اب وطن عزیز کی بقاء و سلامتی کا سوال ہے، مہنگائی سمیت تمام معاملات ٹھیک کرنا اب حکومت کی بجائے آئی ایم ایف کے اختیار میں ہے، مہنگائی نے عوام کی سانسیں تک بند کردی ہیں، جس بے دردی اور ظالمانہ طریقے سے تجربات کا تختہ مشق بنا کر معاشی اور نظریاتی طور پر کنگال کر کے رکھ دیا گیا، آئندہ اس کا سدھار کافی مشکل ہوگا، انہوں نے کہا معاشی استحصال کے ساتھ موجودہ حکومت کی قادیانیت نوازی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں رہی، انہوں نے کہا کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کیلئے نرم گوشہ رکھنے والے نظریہ پاکستان کے ازلی دشمن ہیں۔ عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ امت اور بائیس کروڑ پاکستانیوں (باقی صفحہ 2 نمبر 47)

بلاول بھٹو کے قیادت میں عوامی لانگ بہت اہمیت اختیار کر چکا ہے، نعیم بلوچ

پاکستان پیپلز پارٹی نے ستائیس فروری کو عوامی لانگ مارچ کا اعلان کر کے عوام کو جینے کی امید دلایا ہے

بسیمہ (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی رخشان ڈویژن کے صدر نعیم بلوچ نے لانگ مارچ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا پاکستان پیپلز پارٹی نے ستائیس فروری کو عوامی لانگ مارچ کا اعلان کر کے عوام کو جینے کی امید دلایا ہے ظالم جابر حکمرانوں اور ظلم و جبر کا سبب بننے والے نظام کو لپیٹنے کا وقت آیا ہے چیرمین بلاول بھٹو کے قیادت میں عوامی لانگ بہت اہمیت اختیار کر چکا ہے عوام سرمایہ دارنہ نظام کو بدلنے کے لیے آخری حد تک جانے کو تیار ہیں نا اہل حکمرانوں (باقی صفحہ 5 نمبر 4)

بلوچستان کی ہونہار طالبہ کریمہ بتول کا اعزاز

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کی ہونہار طالبہ کریمہ بتول کا اعزاز کریمہ بتول کو امریکہ کی ہارورڈ یونیورسٹی میں ڈیٹا سائنس میں ماسٹر کی ڈگری کیلئے منتخب کر لیا گیا ہے۔ ہارورڈ یونیورسٹی کو دنیا کی بہترین یونیورسٹی کا اعزاز حاصل ہے کریمہ (باقی صفحہ 5 نمبر 3)

حکومت عوام کو ریلیف دینے میں مکمل ناکام ہو چکی ہے، سمندر کاسی ایڈووکیٹ

پی ڈی ایم اور اے این پی پیپلز پارٹی کے تحریک اعتماد جب تک تحریک ٹھمکا پارٹی کے ممبران یقین دہانی نہیں دلاتے بہت مشکل ہے

عمران خان پر اپنا امیج اور مراعات اور سہولیات بڑھانے اور اپنے کیسز نہ اٹھانے اور مونس الٰہی کی نوکری پکی کرنے کے علاوہ اور کچھ نہیں ہیں

کوئٹہ (آن لائن) قومی جسٹس پارٹی کے چیئرمین ملک سمندر خان کاسی ایڈووکیٹ نے اپنے اخباری بیان میں کہا کہ جب تک آسمان ابر آلود نہیں ہوگا پی ڈی ایم اور اے این پی پیپلز پارٹی کے تحریک اعتماد جب تک تحریک ٹھمکا پارٹی کے ممبران یقین دہانی نہیں دلاتے بہت مشکل ہے یہ مسلم لیگ ق کے شجاعت حسین برادران صرف وزیر اعظم عمران خان پر اپنا امیج اور مراعات اور سہولیات بڑھانے اور اپنے کیسز نہ اٹھانے اور مونس الٰہی کی نوکری پکی کرنے کے علاوہ اور کچھ نہیں ہیں شجاعت حسین اور پرویز الٰہی سے ملاقاتیں ایک ٹیسٹ کیس تو ہو سکتا ہے مگر حکومت سے علیحدگی اپنے آپ کو دھوکہ دینے کے سوا کچھ نہیں اسی طرح جہانگیر ترین بھی اپنے باو وزیر اعظم عمران خان پر دباو بڑھانے کے لئے بلیک میلنگ کر کے اپنے (باقی صفحہ 5 نمبر 2)

گورنر بلوچستان سید ظہور آغا سے ڈائریکٹر رہنواز کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

ملک اور قوم کو بچانا ہے تو عمران خان کو ہٹانا ہے، مولانا حافظ حمد اللہ

عمران خان کو ہٹانے کے سوا نجات کا دوسرا کوئی راستہ نہیں حکومت خون خوار بھیڑیے کی طرح عوام کا خون چوس رہی ہے

عوام پہلے ہی سسک سسک کر زندگی گزار رہے ہیں، حکومت نے ان پر پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کا ایک اور بم گرا دیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ عوام پہلے ہی سسک سسک کر زندگی گزار رہے ہیں، حکومت نے ان پر پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کا ایک اور بم گرا دیا ہے حکومت خون خوار بھیڑیے کی طرح عوام کا خون چوس رہی ہے، عمران خان اینڈ کمپنی آئی ایم ایف سے مل کر مہنگائی کی چھری سے عوام کی شہ رگ کاٹ رہی ہے ملک اور قوم کو بچانا ہے تو عمران خان کو ہٹانا ہے، عمران خان کو ہٹانے کے سوا نجات کا دوسرا کوئی راستہ نہیں۔ گزشتہ روز پیٹرول کی قیمت میں اضافے پر ترجمان پی ڈی ایم حافظ حمد اللہ نے اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت خون خوار بھیڑیے کی طرح عوام کا خون چوس رہی ہے، عمران خان اینڈ کمپنی آئی ایم ایف سے مل کر مہنگائی کی چھری سے عوام کی شہ رگ کاٹ رہی ہے۔ پی ڈی ایم ترجمان کا کہنا ہے کہ عمران خان نے ملک و قوم کو آئی ایم ایف کے ہاتھوں گروی رکھ دیا ہے، ساڑھے 3 سال سے ملک و قوم پر عمران خان کی صورت میں عذاب مسلط ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس عذاب سے ملک و قوم کو نجات دلانا پی ڈی ایم کا ہدف ہے، تحریک عدم اعتماد وہ ہتھیار ہے جس سے عمران خان اینڈ کمپنی کو سمندر برد کر دیں گے۔ حافظ حمد اللہ نے مزید کہا ہے کہ ملک اور قوم کو بچانا ہے تو عمران خان کو ہٹانا ہے، عمران خان کو ہٹانے کے سوا نجات کا دوسرا کوئی راستہ نہیں۔ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ) پی ڈی ایم (کے ترجمان حافظ حمد اللہ کا یہ بھی کہنا ہے کہ پی ڈی ایم پیٹرول کی قیمت میں اضافہ مسترد کرتی ہے۔ اس اضافے کے بعد پیٹرول 159 روپے 86 پیسے، ڈیزل 154 (باقی صفحہ 5 نمبر 5)

پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن خاران کے زیر اہتمام پیرامیڈکس دن منایا گیا

پیرامیڈکس انسانیت کی خدمت کا جذبہ سے سرشار لوگوں کے علاج معالجے میں مصروف عمل ہیں

خاران (جی این ایم) پیرامیڈکس کے عالمی دن کے مناسبت سے ال پاکستان پیرا میڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن خاران کے زیر اہتمام پیرامیڈکس دن منایا گیا جس کے مہمان خاص ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز رخشان ڈویژن ڈاکٹر شیر احمد بلوچ تھے اس موقع پر ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر جاوید حسن سیاپاد ایم اینڈ ای آفیسر آصف بلوچ۔ ایم اینڈ ای ملیریا حمایت اللہ دوستین ایمونائیزیشن افیسر ڈاکٹر منیر احمد بلوچ اکانٹ افیسر نیشنل پروگرام ادریس احمد کبدانی انکے ہمراہ تھے انھوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ پورے دنیا بلخصوص خاران کے پیرامیڈکس کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ پیرامیڈ (باقی صفحہ 5 نمبر 28)

سانحہ اعوان گوٹھ کیخلاف مظاہرین نے ضلع کچھی بولان ویئر ڈھاڈر کے مقام پر احتجاجاً بند کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) سانحہ اعوان گوٹھ کیخلاف مظاہرین نے ضلع کچھی بولان ویئر ڈھاڈر کے مقام پر احتجاجاً بند کر دیا جس کی وجہ سے کوئٹہ سے سندھ جانے والی شاہراہ ٹریفک کیلئے بند ہوگئی دونوں جانب گاڑیوں کی لمبی لمبی لائنیں لگ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق سانحہ اعوان گوٹھ (باقی صفحہ 5 نمبر 27)

عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ امت اور بائیس کروڑ پاکستانیوں کا اجتماعی فریضہ ہے، محمد روزی خان

معاشی استحصال کے ساتھ موجودہ حکومت کی قادیانیت نوازی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں رہی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل سربراہ مجلس فقہی مولانا مفتی محمد روزی خان نے کوئٹہ میں دستار فضیلت کی مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت ملک کا سفینہ ڈبونے سے بچانے کی فکر میں ہے، اب وطن عزیز کی بقاء و سلامتی کا سوال ہے، مہنگائی سمیت تمام معاملات ٹھیک کرنا اب حکومت کی بجائے آئی ایم ایف کے اختیار میں ہے، مہنگائی نے عوام کی سانسیں تک بند کردی ہیں، جس بے دردی اور ظالمانہ طریقے سے تجربات کا تختہ مشق بنا کر معاشی اور نظریاتی طور پر کنگال کر کے رکھ دیا گیا، آئندہ اس کا سدھار کافی (باقی صفحہ 5 نمبر 6)

پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان نے 27 فروری کے لانگ مارچ میں صوبے کے قافلوں کی شمولیت کا شیڈول جاری کر دیا

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات اور عوامی مارچ آرگنائزنگ کمیٹی کے کنوینر سردار سربلند خان جوگیزئی نے عوامی مارچ میں شرکت کے لئے بلوچستان کے قافلوں کا روٹ پلان جاری کر دیا، منگل کی شب جاری کئے گئے پلان کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے قافلے کیم مارچ کو صبح 9 بجے عوامی (باقی صفحہ 5 نمبر 17)

سرمایہ کاری اور تجارت ہی مہنگائی سے نکال سکتی ہے، محمد فائق شاہ

حکمرانوں میں غریب کا احساس ہی ختم ہو چکا ہے، مہنگائی کے اثرات شدید اور ناقابل بیان ہیں

کوئٹہ (جی این ایم) امن ترقی پارٹی کے چیئرمین محمد فائق شاہ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکمرانوں میں غریب کا احساس بھی ختم ہو چکا ہے، وہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے، اجلاس میں مرکزی رہنماؤں اویس خان، منصور چوہان، ارسلان شاہ، اشتیاق الٰہی اور دیگر افراد نے شرکت کی، مشترکہ طور پر ایک قرارداد کے ذریعے ہوشربا مہنگائی اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کیا، محمد فائق شاہ نے کہا کہ جس ملک میں تعلیم، صحت، مہنگی اور بے روزگاری عام ہو وہاں مہنگائی (باقی صفحہ 5 نمبر 16)

پسند ناپسند اور سفارش کلچر کی وجہ سے غریبوں کی روزی روٹی بند ہو گی، عارف محمد حسنی

چاغی سمیت قریبی اضلاع کے لاکھوں خاندانوں کا روزگار تیل کاروبار سے وابستہ ہے، سابق صوبائی وزیر

جبکہ ہزاروں گاڑیاں اس کام میں لگے ہیں لیکن حالیہ عرصے میں اس کاروبار کو ٹوکن سسٹم سے منسلک کر کے تیل کمیٹیاں بنائی جارہی ہیں

دالبندین (جی این ایم) سابق صوبائی وزیر اور ایم پی اے چاغی میر محمد عارف محمد حسنی نے ایران تیل کا کاروبار ٹوکن کی بجائے آزادانہ طور پر کرنے کی اجازت دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ چاغی سمیت قریبی اضلاع کے لاکھوں خاندانوں کا روزگار تیل کاروبار سے وابستہ ہے جبکہ ہزاروں گاڑیاں اس کام میں لگے ہیں لیکن حالیہ عرصے میں اس کاروبار کو ٹوکن سسٹم سے منسلک کر کے تیل کمیٹیاں بنائی جارہی ہیں جس کی وجہ سے نہ صرف یہ سرحدی کاروبار محدود ہوگا بلکہ پسند ناپسند اور سفارش کلچر کی وجہ سے غریبوں کی روزی روٹی بند ہوگی اور سیاسی تعصب پھیلے گی۔ انہوں نے کہا کہ جودر بارڈر سے چاغی کے گاڑی مالکان کو تیل لے جانے کی اجازت نہ دینا بھی نامناسب فیصلہ ہے جو ہمیں قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 5 نمبر 18)

خاران شہر میں صفائی کی ابتر صورتحال شہر اور بازار کچروں کے ڈھیر میں تبدیل

بازار میں بازار میں تجاوزات کی بھرمار شہریوں کو بازار میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

خاران (نمائندہ صحافت نیوز / نصیب ریکی) خاران شہر میں صفائی کی ابتر صورتحال شہر اور بازار کچروں کے ڈھیر میں تبدیل بازار میں تجاوزات کی بھرمار شہریوں کو بازار میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے رپورٹ کے مطابق خاران بازار میں تجاوزات کے بڑھنے کے ساتھ ساتھ صفائی نہ ہونے کے باعث بازار کا برا حال بن چکی ہے اسی طرح کافی عرصے سے شہر بھر میں صفائی نہ ہونے کے باعث پورا شہر کچروں کے ڈھیر میں تبدیل ہو گیا ہے دوسری جانب بازار میں آئے روز تجاوزات کے بڑھنے اور صفائی کی ناقص صورتحال کے پیش نظر شہریوں کو بازار میں شدید مشکلات درپیش رہتا ہے بازار اور شہر میں صفائی کی ابتر صورتحال کے پیش نظر مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ ہے شہر (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

تعلیم کے زیور سے آراستہ قومیں ہی ترقی کے منازل طے کرتے ہیں، عبدالواسع کاکڑ

اور دراصل درس و تدریس سے منسلک افراد ہی قوم کے معمار ہوتے ہیں جب کہ ترقی یافتہ ممالک کے ترقی کا راز بھی تعلیم سے وابستہ ہے

تعلیمی اہداف حاصل کرنے کے لیے ضلع میں یونیسف کے خدمات جاری رہینگے تاکہ تعلیمی ترقی کے اس سفر کو جاری رکھا جا سکے

پشین (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالواسع کاکڑ کی زیر صدارت گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری کالج میں یونیسف کے تعاون سے چلنے والے مفت ٹیوشن سینٹر سی، پی، ڈی کی اختتامی تقریب منعقد ہوئی تقریب میں اساتذہ کرام، طلباء و طالبات سمیت مختلف مکاتب فکر کے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایجوکیشن آفیسر نے کہا کہ تعلیم کے زیور سے آراستہ قومیں ہی ترقی کے منازل طے کرتے ہیں اور دراصل درس و تدریس سے منسلک افراد ہی قوم کے معمار ہوتے ہیں جب کہ ترقی یافتہ ممالک کے ترقی کا راز بھی تعلیم سے وابستہ ہے عبدالواسع کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے یونیسف کی تعلیم دوست کاوشوں پر انکا شکریہ ادا کرتے ہوئے مزید خدمات کی فراہمی کی امید ظاہر کی (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

ڈیرہ بگٹی کے مختلف سکولوں سے داخلہ مہم 2022 کے حوالے سے ریلیوں کا اہتمام کیا گیا

ہم بچوں کی تعلیم پر توجہ دیں کیونکہ استاد معاشرے کو سنوارنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار شہباز بگٹی) ڈیرہ بگٹی کے مختلف سکولوں سے داخلہ مہم 2022 کے حوالے سے ریلیوں کا اہتمام کیا گیا ڈیرہ بگٹی میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ڈیرہ بگٹی عبدالغفور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر حاجی سید محمد بگٹی کی قیادت میں ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء اور طلباء سے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ڈیرہ بگٹی حاجی سید محمد نے اپنے تقریر میں کہا کہ آج کی اس ریلی کا مقصد ڈیرہ بگٹی کے عوام اور والدین کو یہ آگاہی فراہم کرنا ھے کہ وہ زیادہ سے زیادہ اپنے بچوں کو سکول میں داخل کریں تاکہ ہم جدید دور کے تقاضوں پر پورا اتریں اور پاکستان چوک میں ریلی کے شرکاء (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

حکومت اور ضلعی انتظامیہ زلزلہ زدگان کی بحالی کے لئے کوشاں ہیں، عبدالمجید خان جوگیزئی

ہرنائی (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر کے زیر نگرانی مسلم ایڈ کے زیر اہتمام متاثرین زلزلہ زدگان میں جانوروں بکرے اور بکریوں کی تقسیم زلزلہ زدگان کے مالی حیثیت پر مثبت اثرات مرتب ہونگے۔ تفصیلات کے مطابق 07 اکتوبر 2021 کے زلزلہ زدگان متاثرین (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

قلعہ سیف اللہ، قوم شاہیزئی ٹویٹ کمیٹی کے اراکین مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا ناقص و مضر خوراک کی فراہمی کے خلاف آپریشن جاری

کوئٹہ، قلات، ڈیرہ مراد جمالی (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے ناقص و مضر خوراک کی فراہمی کے خلاف جاری آپریشن کے دوران کوئٹہ، قلات اور ڈیرہ مراد جمالی میں 14 میٹ شاپس سمیت 32 کھانے پینے کے مراکز پر جرمانے عائد کر دیئے گئے۔ کوئٹہ کے علاقوں سریاب، عالمو چو (باقی صفحہ 5 نمبر 14)

ہمارا مقصد پر امن ترقی یافتہ پنجگور ہے، میر نزیر احمد بلوچ

پنجگور (پ ر) آل پارٹیز شہری ایکشن میٹی پنجگور کا اجلاس زیر صدارت ال پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی پنجگور کے چیئرمین بی این پی کے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر میر نزیر احمد بلوچ منعقد ہوا اجلاس میں نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء علاولدین ایڈووکیٹ، واجہ محمد صدیق بلوچ، زاہد حسین بلوچ، بی این پی کے ریاض احمد بلو (باقی صفحہ 5 نمبر 10)

موجودہ حکمرانوں کی ریاست مدینہ کا دعوہ جھوٹا ہے، مقررین

بارواں سالانہ جلسہ سیرت النبی کانفرنس بمقام مدرسہ دارالعلوم سیدنا علی المرتضیٰ گنداخہ میں منعقد ہوا

گنداخہ (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق جمعیت علماء اسلام تحصیل گنداخہ کے زیر اہتمام بارواں سالانہ جلسہ سیرت النبی کانفرنس بمقام مدرسہ دارالعلوم سیدنا علی المرتضیٰ گنداخہ میں مہتمم مدرسہ مولانا امان اللہ حقانی کی نگرانی میں منعقد ہوا۔ جلسے میں سندھ بلوچستان کے معروف علماء کرام قراء نعت خوان حضرات شریک ہوئے، جبکہ کانفرنس میں عاشقان رسول نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کانفرنس سے خطباء اسلام حضرت مولانا سائیں مفتی محمد طاہر ہالیجوی ہالیجوی، مولانا سید حبیب اللہ شاہ بخاری، مولانا مفتی عبدالباری، سید علی رضا شاہ الحسینی، مولانا (باقی صفحہ 5 نمبر 9)

صحت مند ماحول پیدا کرنے کے لئے ہم سب کو ملکر زیادہ سے زیادہ درخت لگانا ہونگے، مجاہد بوزدار

روہڑی (رپورٹ کاشف یامین) موسی تبدیلی، آلودگی کا خاتمہ اور صحت مند ماحول پیدا کرنے کے لئے ہم سب کو ملکر زیادہ سے زیادہ درخت لگانا ہونگے ملک اور اپنے شہر کو سرسبز بنانے کے لئے ہم سب کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار روہڑی پریس کلب کے صدر مجاہد بوزدار، بیورو آف اسٹیٹسٹ (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

ژوب، اہلیان ژوب کے محمد رفیق مندوخیل و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پرانی حلقہ بندیوں کے مطابق بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں، رحمت اللہ کھوسہ

ایک ہی قومیت اور پس منظر کے افراد کو مختلف حلقوں میں تقسیم کرنا قابل مذمت ہے، ذوالفقار طارقی

کوئٹہ (جی این ایم) اہلسنت وجماعت کے رہنما ذوالفقار طارق قادری نے تحریک اہلسنت صحبت پور کے ضلعی صدر میر رحمت اللہ کھوسہ سے ملاقات میں بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صحبت پور اور اردگرد میں بااثر لوگوں کی مرضی پر حلقہ بندیاں قابل قبول نہیں الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے حالیہ حلقہ بندیوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سلسلے میں عوام کو اعتماد میں (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

عوام مشکلات سید و چار دعویٰ فوٹو سیشن تک محدود ہیں، حافظ نزیر احمد

جمعیت علماء اسلام نظریاتی ہر مشکل وقت ہر ظالم سے بغاوت ہر مظلوم کی حمایت کرتے ہیں

چمن (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع چمن حلقہ محمد حسن ٹیھکدار کیا میر حافظ نزیر احمد و دان جنرل سیکرٹری عبدالباری نظریاتی نائب امیر حاجی محمد انور سرپرست اعلی عبدالولی سالار سیکرٹری اطلاعات حافظ۔ عنایت اللہ دیوبندی سالار محمد صادق رفیع اللہ و دیگر نیا یک اخباری بیان میں کہا کہ موجودہ حکومت عوام و تاجروں کو تحفظ دینے میں ناکام ہے صوبہ بھر (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

جیکب آباد پولیس کی کامیاب کاروائی

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد پولیس کی کامیاب کاروائی، اسنیپ چیکنگ کے دوران ایک ملزم گرفتار کر کے 1235 گرام چرس برآمد کر لی، ایس ایس پی جیکب آباد ڈاکٹر سمیر نور چنہ کے سخت احکامات برائے منشیات کی روکتھام کو مدنظر رکھتے ہوئے تھانہ صدر پولیس نے کامیاب (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

جیکب آباد میں النعیم ڈیری فارم کم نرخ میں دودھ فروخت کر کے قیمتی انسانی جانوں سے کھیل رہا ہے، ڈیری فارم ایسوسی ایشن

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں النعیم ڈیری فارم کم نرخ میں دودھ فروخت کر کے قیمتی انسانی جانوں سے کھیل رہا ہے۔ ڈیری فارم ایسوسیشن ڈیری فارم ایسوسیشن کے رہنماء عبدالرزاق پندرانی میر صدام خان خارانی محمد عظیم پہنور نظیر احمد ابڑو علی نواز بھٹی شوکت علی چاچڑ اور دیگر ڈیری فارم مالکان نے جیکب آباد شہر (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

سبی میں صفائی کی صورت حال کو بہتر بنانے کے لئے کوشش کر رہے ہیں، غلام عباس بوہڑ

میونسپل کمیٹی کے ملازمینوں کو تنخواہوں کی ادائیگی کے لئے حکام بالا سے رابطے میں ہیں

سبی (جی این ایم) ایڈمنسٹریٹر و چیف آفیسر میونسپل کمیٹی حاجی غلام عباس بوہڑ نے کہا ہے کہ میونسپل کمیٹی کے ملازمینوں کی تنخواہوں کی ادائیگی کے لئے حکام بالا سے رابطے میں ہیں تنخواہوں کی مد میں ملنے والا فنڈ ز جیسے ہی ملے گا تمام ملازمین کو تنخواہ ادا کر دی جائے گی سبی میں صفائی کی صورت حال کو بہتر بنانے کے لئے کوشش کر رہے ہیں میونسپل کمیٹی کے فنڈ ز نہ ملنے سے ہمیں بھی مسائل کا (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

قوموں کی ترقی کا راز تعلیم میں ہی ہے، خلیل احمد

تعلیم ایک عظیم زیور ہے ہمیں اس زیور سے اپنے ح کے معماروں کو آراستہ کرنا ہے

خضدار (آن لائن) تعلیم ایک عظیم زیور ہے ہمیں اس زیور سے اپنے ح کے معماروں کو آراستہ کرنا ہے قوموں کی ترقی کا راز تعلیم میں ہی ہے جن قوموں میں تعلیم اور ہنر کو اپنا وہ آج ترقی کی راہ پر گامزن ہیں تعلیم کسی قوم کی جاگیر نہیں ہمیں ہر صورت میں اس حسین زیور سے اپنے ملک اور قوم کے مستقبل کا فیصلہ کرنا ہے ان خیالات کا اظہار آکسفورڈ انگلش اکیڈمی کے سالانہ تقریر (باقی صفحہ 5 نمبر 12)

بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر حبیب اللہ احتجاجی مظاہرے کر رہے ہیں

بلاول بھٹو کی جانب سے لانگ مارچ کا اعلان پاکستانی عوام کے مفاد میں ہے، ساجدہ بنگلزئی

تقریباً چار سال ہونے کو آئے ہے عوام کو مسلسل آسانیوں اور ترقی کی جھوٹی تسلیوں سے بہلانے کی کوشش کی جارہی ہے

انشاء اللہ ایک بار پھر پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں عوامی مینڈیٹ سے اپنی حکومت قائم کرے گی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان خواتین ونگ کوئٹہ ڈویژن کے سیکرٹری اطلاعات ساجدہ بنگلزئی نے نے کہا ہے کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے تبدیلی سرکار کے خلاف لانگ مارچ کا اعلان عوام کے مفادات اور دل کی آواز ہے۔ فارن فنڈنگ کیس میں ثابت ہو رہا ہے کہ عمران نیازی صادق اور امین کی کھال میں بدعنوان اور بددیانت ہے۔ موجودہ حکومت نے عوام سے جینے کا بنیادی حق چھین لیا ہے اس لئے اس کا خاتمہ ضروری ہو گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تقریباً چار سال ہونے کو آئے ہے عوام کو مسلسل آسانیوں اور ترقی کی جھوٹی تسلیوں سے بہلانے کی کوشش کی جارہی ہے جبکہ اسکے برعکس عوام مہنگائی اور مسائل کی دلدل میں دھنس گئی ہے۔ پاکستان سمیت بلوچستان کے (باقی صفحہ 5 نمبر 26)

کنٹونمنٹ کے بچوں کو گھر کے قریب تعلیم کے مواقع فراہم کیئے جائیں، محمد جیلانی

حکومت کا تعلیمی سیشن یکم اگست سے شروع کرنے کا فیصلہ غیر دانشمندانہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان آلائنس آف پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشنز (پپسا) کے زیر اہتمام نیشنل ایجوکیشنل کانفرنس لاہور میں ایک نجی ہوٹل میں منعقد ہوا جس میں آل اقرا پرائیویٹ سکولز آگنائزیشن کے صوبائی عہدیداران مولوی محمد جیلانی محمد نعیم کاکڑ نے خصوصی شرکت کی، مشترکہ اعلامیہ جاری کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ حکومت کا تعلیمی سیشن یکم اگست سے شروع کرنے کا فیصلہ غیر دانشمندانہ ہے، کنٹونمنٹ کے بچوں کو گھر کے قریب تعلیم کے مواقع فراہم کیئے جائیں، کرونا کے دوران نجی تعلیمی اداروں کو ہونے والے غیر معمولی نقصان کو پورا کرنے کے لیے حکومت بلا سود قرضے جاری کرے اور تمام قسم کے ٹیکسز معاف کرے، حکومت قانون سازی میں نجی (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

بالا ناڑی زمینی تنازعے پر تین افراد کے قتل کیخلاف متاثرین کا احتجاج

تین ماہ کا عرصہ گزارنے کے باوجود بااثر نامزد ملزماں کو انتظامیہ گرفتار کرنے سے گریزاں ہے جبکہ ان کو صوبائی حکومت اور وزیر اعلی کی پشت پناہی حاصل ہے

ہمیں انصاف کے لیئے یہ انتہائی قدم اٹھانا پڑا جب تک ہمارے ملزماں کے خلاف کاروائی نہیں کی جاتی ہمارا دھرنا جاری رہے گا

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) تین ماہ قبل ضلع کچھی کے علاقے بالا ناڑی میں زمینی تنازعے پر اعوان برادری کے تین افراد کے قتل کے خلاف متاثرین کی جانب سے بولان ویئر کے مقام پر احتجاجاً قومی شاہراہ بند کر کے دھرنا دیا گیا جس کی وجہ سے عام مسافروں علاوہ خواتین بچے اور بوڑھے افراد بھوک پیاسے اپنی منزل کی جانب پہنچنے کے لیئے سرگرداں نظر آئے اور کھانے پینے کی اشیاء دوگنی قیمت پر خریدنے پر مجبور ہو گئے اس سلسلے میں رند قوم کے سربراہ سردار یار محمد رند کے صاحبزادے سردار زادہ میر حکیم میران خان رند سردار زادہ میر ہیبرگ رند نے اس احتجاج کی مکمل حمایت کرتے ہوئے متاثرین سے اظہار یکجہتی کے طور پر دھرنے میں پہنچا کران کے ہمراہ دھرنے میں شامل ہو گئے اس دوران سینکڑوں کی تعداد میں لوگ احتجاجاً میں موجود تھے

بلوچستان فوڈ اتھارٹی حکام کوئٹہ اور مختلف اضلاع میں ناقص خوراک کی فراہمی پر کارروائیاں کر رہے ہیں

ڈی جی پی آر گزیب کاسی سے محکمہ تعلیمات عامہ کے افسران ملاقات کر رہے ہیں

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت

پبلشر ملک نعیم خان کاکڑ نے سعید پرنٹنگ پریس ملتان روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صحافت کوئٹہ فلیٹ نمبر 8 وحدت پلازہ ملتان چوک کوئٹہ سے شائع کیا۔

فون نمبر: 081-2828822 فیکس نمبر: 03337887770 اسلام آباد بیورو: آفس نمبر: 712 فرسٹ فلور کشمالہ ہاؤس آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد فون نمبر: 051-2603196

E-Mail Address: dailysahafat.quetta@gmail.com

ٹیکسٹائل کا شعبہ بہتری کی جانب گامزن

مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد نے کہا ہے کہ ہماری حکومت آنے سے قبل کے 10 سال کا ریکارڈ دیکھیں تو گزشتہ حکومتوں کے ادوار میں ٹیکسٹائل کے شعبے میں کوئی بہتری، نمو اور ترقی نہیں ہوئی تھی، ہماری حکومت کی پالیسیوں کے باعث بہتری نظر آنا شروع ہو چکی ہے، پاکستان میں ٹیکسٹائل کا شعبہ بہتری کی جانب گامزن ہے، ٹیکسٹائل میں ہماری کارکردگی اچھی ہے، ٹیکسٹائل کے کم ویلیو ایڈڈ شعبے میں کاٹن یارن شامل ہے جس کی پیداوار میں ہم پانچویں نمبر پر ہیں، اس کے بعد فیبرک میں ہم دوسرے نمبر پر ہیں، کاٹن کلاتھ میں بھی ہم دنیا میں دوسرے نمبر پر ہیں، ہماری برآمدات کی مصنوعات کی نوعیت بھی بہت محدود ہیں، ہمیں اپنی مصنوعات کی ورائٹی میں بہتری اور وسعت لانی چاہیے، ہم اپنے سرمایہ کاروں کو بہتر سازگار ماحول دینے کیلئے کوشاں ہیں، پاکستان میں ٹیکسٹائل کا شعبہ بہتری کی جانب گامزن ہے، ٹیکسٹائل میں ہماری کارکردگی اچھی ہے، ٹیکسٹائل کے کم ویلیو ایڈڈ شعبے میں کاٹن یارن شامل ہے جس کی پیداوار میں ہم پانچویں نمبر پر ہیں، اس کے بعد فیبرک میں ہم دوسرے نمبر پر ہیں جبکہ کاٹن کلاتھ میں بھی ہم دنیا میں دوسرے نمبر پر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ویلیو ایڈڈ کی بات کریں تو ہم ٹیکسٹائل میں بیڈشیٹس جیسی اشیا میں ہم دنیا میں دوسرے نمبر ہیں، تولیہ بنانے میں دنیا میں پاکستان کا نمبر تیسرا ہے، ہوزیری مصنوعات میں پاکستان دنیا میں چھٹے نمبر پر ہے۔ کپڑے بنانے میں ہمارا نمبر 17 واں ہے، اس سے قبل اس شعبے میں ہمارا نمبر 19 تھا، اس سے قبل 20 تھا اور اس شعبے میں بہتری کرتے کرتے پاکستان 17 ویں نمبر پر آگیا ہے اور انشاءاللہ اس سال اس شعبے میں مزید بہتری آئے گی۔ نمبرز ظاہر کرتے ہیں کہ ہماری سمت درست ہے اور ہماری معیشت صحیح راستے پر جارہی ہے۔ انہوں نے ٹیکسٹائل کے شعبے میں اپنی حکومت کی کارکردگی بتاتے ہوئے کہا کہ ہماری حکومت آنے سے قبل کے 10 سال کا ریکارڈ دیکھیں تو گزشتہ حکومتوں کے ادوار میں ٹیکسٹائل کے شعبے میں کوئی بہتری، نمو اور ترقی نہیں ہوئی تھی، ہماری حکومت کی پالیسیوں کے باعث بہتری نظر آنا شروع ہو چکی ہے۔ گزشتہ سالوں کے دوران پاکستان اس شعبے میں 10،12 ارب کے درمیان کی مصنوعات پیدا کر رہا تھا جبکہ اس سال ہم 21 ارب کی مصنوعات پیدا کریں گے، جس کا مطلب ہے کہ صرف ٹیکسٹائل کے شعبے میں ہی کم ازکم 6 ارب کا اضافہ ہوگا جو کہ بہت اچھی کارکردگی ہے اور امید ہے اس سال ٹیکسٹائل کا شعبہ 26 فیصد مزید ترقی کرے گا۔

ویلنٹائن ڈے کا شغل۔۔۔!

تحریر۔ طیبہ ضیاء

مسلمان دیگر مغربی تہواروں کی طرح ویلنٹائن کو بھی تہوار سمجھ کر منانے لگے ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ مسلمان ویلنٹائن ڈے آخر مناتے کیوں ہیں۔ تو اس کا سادہ سا جواب ہے کہ "پیار کیلئے"، بس مناتے ہیں۔ مسلمان خاص طور پر نئی نسل "اپل بھی پہلا گیا" کے مصداق جدھر میڈیا لگا دے، بھیڑ بکریوں کی طرح چل دیتی ہے۔ [illegible]

نہیں؟ ویلنٹائن ڈے کی مسرتوں میں شامل ہونے کے لیے نوجوان محبت کرنے والے اور والیاں تلاش کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ موبائل فون، ایس ایم ایس اور انٹرنیٹ نے اس تلاش کو آسان اور سستا بنا دیا ہے۔ [illegible]

[illegible] ویلنٹائن ڈے [illegible] 2017ء میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس شوکت صدیقی نے عوامی سطح پر ویلنٹائن ڈے کی تقریبات اور میڈیا پر تشہیر پر پابندی عائد کر دی تھی۔ [illegible]

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

انجام بھی رسوائی، آغاز بھی رسوائی

OOO شکل وصورت، لباس اور گفتگو کے انداز سے وہ ایک بڑے گھرانے کی خاتون لگتی تھی۔۔ اس کے ساتھ اٹھارہ، بیس سال کی ایک لڑکی بھی ماں بیٹی دونوں نے قیمتی چادریں اوڑھ رکھی تھیں چہروں پر خوف، ندامت اور سراسیمگی صاف ظاہر تھی۔۔۔ وہ اس وقت گوجرانوالہ کی تحصیل نوشہرہ ورکاں کے نجی میٹرنٹی ہوم میں لیڈی ڈاکٹر کے کمرے میں موجود تھے خاتون کبھی سینے میں اٹھتے طوفان کو روکنے کی کوشش کرتی تو آنکھوں سے بے اختیار آنسو بہنے لگتے۔ وہ اپنے پلو سے صاف کرتی اور کبھی غصہ سے بیٹی کی طرف دیکھتی جو آٹھ ماہ کی حاملہ تھی۔۔ اس نے ایک بار پھر رحم طلب اور امید بھری نگاہوں سے لیڈی ڈاکٹر کی طرف دیکھا۔۔ لیڈی ڈاکٹر نے کہا بی بی Sorry! میں یہ نہیں کرسکتی میں تنگ آگئی ہوں اس قتلِ عام سے۔۔۔ خاتون نے اپنے دونوں ہاتھ لیڈی ڈاکٹر کے آگے جوڑتے ہوئے کہا اگر اس کے پاپا کو پتہ چل گیا تو وہ اسے قتل کر کے مجھے طلاق دیدے گے ۔خدارا! ڈاکٹر میرا گھر تباہ ہونے سے بچالو تم میری آخری امید ہو۔ یہ کہتے ہوئے وہ اس کے قدموں میں بیٹھ گئی۔ نوجوان لڑکی ۔ کا رنگ بھی پیلا ہونے لگا خاتون نے اس کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا اس کے پاپا ایک ہفتہ تک لندن سے آنے والے ہیں۔" اچھا کچھ کرتی ہوں۔۔ درمیانی عمر کی لیڈی ڈاکٹر نے خاتون کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔ اسے یوں لگا جیسے سینے سے ٹنوں بوجھ ہٹ گیا ہو۔۔۔ او تھینکس اسی اثناء میں۔۔ گھنٹی کی آواز سن کر نجی میٹرنٹی ہوم میں کام کرنے والی رضیہ الیاس (نام تبدیل کر دیا گیا ہے) نرس کمرے میں داخل ہوئی۔۔ لیڈی ڈاکٹر نے ایک طرف لے جا کر اسے معاملہ کی نزاکت سے آگاہ کیا تو وہ کہنے لگی" میں نے نوزائیدہ بچوں کو قتل کرنا چھوڑ دیا ہے کسی کے گناہوں کا بوجھ میں کیوں اٹھاؤں؟ یہ کام ان کی ماں کیوں نہیں کرتی۔۔۔ ڈاکٹر صاحبہ آپ نے تو خود ایسے کام نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔۔ اس نے بے بسی سے جواب دیا۔۔ بس میں نے ان سے وعدہ کر لیا ہے۔۔۔ لیڈی ڈاکٹر نے نظریں چراتے ہوئے کہا ان پر ترس آگیا ہے۔۔ اب آپ تصور کی آنکھ سے دیکھئے ایک بچہ ابھی پیدا ہی ہوا ہے کسی کو اسے نہلانے، اٹھانے یا پیار کرنے کی فکر ہے نہ ضرورت۔۔ جسم پر ابھی الائشیں بھی موجود ہیں، اسے دیکھ کر کسی کو مطلق خوشی نہیں ہوئی کوئی اسے پیار یا نفرت سے اٹھا بھی نہیں رہا۔ فطرت کے مطابق ماں کے سینے میں دوودھ بھی موجزن ہو رہا ہے روتے معصوم کی چیخیں ماں کے دل کو چیر رہی ہیں لیکن وہ گم سم ہے ۔۔ ایک خوف، بدنامی اور رسوائی کے ڈر کے باوجود ماں کی آنکھیں آنسوؤں سے تر ہیں نانی، نرس یا پھر ماں کے انگوٹھے کا ہلکا سا دباؤ۔ دنیا میں آنے والے کی شہہ رگ دبا کر تمام رشتے ناطوں اور زندگی سے محروم کر دیتا ہے۔

OOO لاہور شہر کی ایک بارونق آبادی کے چوک میں کوڑے کرکٹ کے ڈھیر پر کئی کتے ایک دوسرے پر غرا رہے تھے۔ کچھ بلیاں بھی یہ تماشا دیکھ رہی ہیں لیکن آگے بڑھنے کی جرأت نہیں کر رہی ہیں صبح سویرے ایک بزرگ مسجد میں فجر پڑھنے کیلئے جاتے جاتے یہ شور شرابہ سن کر رک گئے کتوں کو پتھر روڑے مار مار کر بھگایا ایک اور نمازی بھی ان کے قریب آکر ٹھہر گیا دونوں نے مل جل کر صورتِ حال کا جائزہ لیا تو معلوم ہوا ایک نومولود بچے کی ادھ کھائی نعش بکھری پڑی ہے کسی بدچلن نے اپنا گناہ چھپانے کیلئے معصوم کو کوڑے کرکٹ کے ڈھیر میں پھینک دیا تھا۔ نیم تاریکی میں اس کی حالت دیکھ کر دونوں استغفراللہ پڑھنے لگے انہوں نے آتے جاتے چند لوگوں کو اکٹھا کر کے نومولود بچے کی نعش کی باقیات کو اکھٹا کر کے قریبی قبرستان لے کر چلے گئے ان میں ایک کہنے لگا چند ماہ قبل بھی یہاں سے ایک نوزائیدہ بچی کی ایسی ہی لاش ملی تھی

OOO کراچی کے ایک پوش علاقے میں ایک عورت نے اپنا گناہ چھپانے کیلئے مسجد کے باہر نوزائیدہ بچہ رکھ دیا غالباً اس کا خیال ہوگا کہ کوئی درددل رکھنے والا اس کو پال لے گا لیکن مولوی صاحب نے اسے گناہ کی پوٹ قرار دے کر اس سے جینے کا حق چھین لیا لہذا مولوی موصوف کے حکم پر نوزائیدہ بچے کو پتھر مار مار کر ہلاک کر دیا گیا کسی نے اس معصوم پر ترس تک نہ کھایا۔

OOO گزشتہ سال 1100 سے زائد نوزائیدہ بچوں کو قتل کر دیا گیا یا پھر انہیں کوڑے کرکٹ کے ڈھیر پر پھینک دیا گیا یہ اعداد و شمار پاکستان کے چند اہم شہروں سے جمع کئے گئے ہیں بھارت میں ایسے اعداد وشمار ہوشربا ہیں انڈین ٹی وی اخبارات ایسے واقعات سے بھرے پڑے ہیں سوشل ورکرز اور سماجی تنظیمیں پریشان ہیں کہ ہمارے معاشرے میں یہ کیا ہو رہا ہے ایک محتاط اندازہ یہ ہے کہ شہروں کی نسبتاً دیہی علاقوں میں ایسے واقعات کی بھرمار ہے ایدھی فاؤنڈیشن کراچی کے منیجر انور کاظمی کا کہنا ہے ہمارے چاروں اطراف ایسی المناک کہانیاں بکھری پڑی ہیں وہ کہتے ہیں" میں چند واقعات بھلانا بھی چاہوں تو نہیں بھلا سکتا ایک بچے کی عمر صرف 6 دن تھی کسی سنگدل نے اس کو زندہ جلا کر مار ڈالا۔۔ ہمیں کوڑے کرکٹ کے ڈھیروں سے نوزائیدہ بچوں کی ایسی بھی لاشیں ملی ہیں جن کو پھانسی دی گئی تھی اور معصوم بچوں کی ایسی لاشیں بھی جن کو کتے بلوں نے کھا لیا تھا ان کی باقیات دیکھ کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے تھے۔

OOO پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش اور جنوبی ایشیاء کے بیشتر ممالک میں اسقاطِ حمل قانوناً جرم ہے، ڈاکٹروں کو صرف اس صورت میں اجازت ہے جب ماں کی زندگی کو خطرہ لاحق ہو ان کے قوانین کے مطابق زندہ بچے کے اسقاطِ حمل یا قتل کی سزا عمر قید ہے لیکن ڈاکٹر یا دائی کی ملی بھگت سے یہ کام دھڑلے سے کیا جا رہا ہے اور کوئی پوچھنے والا نہیں لاہور کے ٹمپل روڈ پر درجنوں کلینک گناہ کے یہی کاروبار کیلئے مشہور ہیں بلکہ شنید ہے ہر ملک کے ہر چھوٹے بڑے شہر میں متعدد نجی میٹرنٹی ہوم اسقاطِ حمل کے لئے مخصوص ہیں قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اس بارے بہتر جانتے ہوں گے۔

OOO اسقاطِ حمل یا معصوم بچوں کا قتلِ عام۔۔ اس سنگین مسئلہ بارے میں کوئی بھی شوق سے بات کرنا پسند نہیں کرتا ڈاکٹر، نہ مذہبی رہنما نہ سماجی ادارے۔۔ کوئی NGO نہ متاثرین ۔۔۔ اسقاطِ حمل کا شکار مردہ بچے تو ویسے ہی نہیں بول سکتے ہاں البتہ ایدھی فاؤنڈیشن سمیت کچھ سماجی تنظیموں نے معاشرہ کو ترغیب دی ہے کہ وہ ایسے بچوں کو قتل کرنے کی بجائے مخصوص "پالنے" ڈال جائیں ہم خود انہیں پال لیں گے لیکن اس کی بجائے بے راہروی کا شکار اسقاطِ حمل کو جان چھڑانے کا طریقہ بہتر خیال کرتے ہیں۔

OOO آج کی سب سے بڑی حقیقت یہ ہے کہ "اسلامی جمہوریہ پاکستان" میں ہی نہیں بھارت، بنگلہ دیش، افریقی ممالک پر ہی موقوف نہیں دنیا کے نام نہاد مہذب معاشروں میں بھی ہر سال لاکھوں" ناجائز" نو مولود بچوں کو خفیہ طور پر قتل کر دیا جاتا ہے ایک فی صد کی بھی تدفین نہیں کی جاتی بیشتر غلیظ جانوروں کی خوراک بن جاتے ہیں دنیا کے قدامت پسند ملکوں میں یہ گناہ چھپائے جاتے ہیں جس میں مذہبی نقطہ نظر، اخلاقی اقدار اور معاشرتی پابندیوں کی بناء پر "بن بیاہی ماں" کا کوئی تصور نہیں شادی سے پہلے بچوں کی پیدائش کی سخت مذمت کی جاتی ہے اور اسے خاندان کی انتہائی بے عزتی سمجھا جاتا ہے اسلام نے زنا بالجبر یا زنا بالرضا دونوں کو گناہ قرار دیا ہے جس کے مرتکب افراد کو سنگسار کرنے کا حکم دیا گیا ہے یعنی بدکاری کے جرم میں سزائے موت تک سزا دی جا سکتی ہے ایک مشرقی معاشرہ ہونے کے باوجود اس "جرم" میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ آج ہمارے معاشرے میں لوگ پیسے کمانے کے چکر میں اپنے گھر اور گھر والوں سے لاپرواہ ہو گئے ہیں بے ہنگم آزادی، موبائل فون، انٹرنیٹ اور کیبل سسٹم میں سارا دن گھر گھر ٹی وی پر چلنے والی لچر فلموں نے خواتین و مرد کو انتہائی آزاد خیال بنا دیا ہے۔ جبکہ یورپین ممالک میں تو اسقاطِ حمل کی اجازت دے دی گئی ہے مغربی ملکوں میں اسے گناہ نہیں سمجھا جاتا ان کے دیکھا دیکھی زیادہ تر نوجوان نسل نے بے حیائی کو محبت سمجھ لیا ہے اب تو گھر والوں کو علم بھی نہیں ہوتا لڑکیاں اپنے بوائے فرینڈ بنا لیتی ہیں اور "تعلقات" بھی استوار کر لیتی ہیں اہلخانہ کو اس وقت ہوش آتی ہے جب لڑکیاں حاملہ ہو جاتی ہیں اور لڑکے رفو چکر۔۔ خدارا !سب ہوش کے ناخن لیں اپنے گھر اور گھر والوں کی طرف خصوصی توجہ دینے سے حالات کچھ نہ کچھ بہتر ہو سکتے ہیں خصوصاً والدین اپنی بچے ،بچیوں سے دوستی کر لیں۔۔ اس بات پر غور کیا جائے آج کے دور کی محبت ۔۔۔ محبت نہیں نری ہوس ہے۔۔ آج کے دور میں خالص دودھ تو کیا خاص پانی نہیں ملتا محبت کہاں سے ملے گی عقل کے فیصلے جذبات سے کرنے کی بجائے زمینی حقیقتوں کے مطابق زندگی گذارنا پڑتی ہے ورنہ آپ بھی کہتے پھریں گے

دیکھے ہیں بہت ہم نے ہنگامے محبت کے
انجام بھی رسوائی، آغاز بھی رسوائی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صنفِ آہن

تحریر۔ عربہ عدنان

کسی بھی ملکی معاشرے میں عورت کا کردار ایک انتہاء ئی اہم، ناقابلِ تردید اور قابلِ قدر کردار ہے۔ اس کی اہمیت کسی طور بھی مرد سے کم نہیں۔ اللہ تعالی نے تخلیقی درجے پہ مرد و زن دونوں کا مقام یکساں رکھا ہے اور بحیثیت اشرف المخلوق بھی یہ رتبہ سراسر برابری کا ہے لیکن صد افسوس کہ خواتین کے حقوق کو تقریباً دنیا کا ہر معاشرہ رد کرتا ہے اور اسے حقیقی مقام دینے سے قاصر ہے۔ دنیا کے مختلف معاشرتی رویوں پر نظر ڈالی جائے تو صرف اسلامی معاشرہ ہی واحد معاشرہ ہے جس نے عورت کو اسکا حق دے کر اسے اعلیٰ وارفع مقام پر فائز کیا۔ اقوامِ متحدہ کی رپورٹ کے مطابق دنیا کے ۹۰ میں سے ۸ فیصد معاشروں میں عورت پہ تشدد کیا جاتا ہے۔ خواتین پہ تشدد دراصل اس بیمار ذہنی سوچ کی عکاسی ہے جو خواتین کو ان کا جائز مقام اور حق دینے کو کسی طرح تیار نہیں۔ اس بیمار اور قبیح سوچ کو رفع کرنے کے لیے اقوامِ متحدہ ہر سال ۲ نومبر سے ۱۰ دسمبر تک خواتین پہ جنسی تشدد کے خلاف عالمی مہم چلاتی ہے۔ خواتین پہ تشدد کی کء ئی صورتیں ہیں جن میں جسمانی تشدد، جنسی تشدد، نفسیاتی تشدد اور معاشی تشدد شامل ہیں۔ اقوامِ متحدہ کی ۲۰۱۲ کی ایک رپورٹ کے مطابق دنیا میں ہزار لڑکیاں ۲۰۱۲ میں جسمانی تشدد کے باعث ہلاک ہوئیں جن میں ۳۰ ہزار لڑکیاں جنوبی ایشیا سے تعلق رکھتی تھیں۔ خواتین میں جنسی تشدد کے حوالے سے اعداد وشمار کا جائزہ لیں تو اس فہرست میں جو ممالک سب سے پہلے نظر آتے ہیں وہ ترقی یافتہ اور آزادانہ سوچ کے مالک ایسے ممالک ہیں جو خود کو آزادی نسواں کے علمبردار کہلاتے ہیں۔ اس میں سب سے پہلا نام امریکہ کا آتا ہے جو خود کو سب سے زیادہ مہذب اور روشن خیال ملک کہلواتا ہے۔ امریکہ میں ہر چھ میں سے ایک عورت جنسی تشدد کا نشانہ بنتی ہے۔ دوسرے نمبر پہ ساؤتھ افریقہ آتا ہے جو جنسی تشدد کے حوالے سے دنیا میں بدنام ترین ملک جانا جاتا ہے۔ تیسرے نمبر پر سویڈن ہے جہاں ہر چار خواتین میں سے ایک جنسی تشدد کا نشانہ بنتی ہے۔ چوتھا نمبر ہندوستان کا ہے جہاں ہر بائیس منٹ کے بعد ایک عورت جنسی تشدد کا نشانہ بنتی ہے۔ پانچویں نمبر پہ ترقی یافتہ، لبرل ملک انگلینڈ ہے جہاں ۱۶ سے سال کی عمر کی ہر پانچ میں سے ایک عورت جنسی تشدد کا نشانہ بنتی ہے۔ چھٹے نمبر پہ ٹیکنالوجی کا بادشاہ جرمنی آتا ہے ساتویں نمبر پہ فرانس کا نام ہے۔ آٹھواں بڑا ملک کینیڈا ہے جہاں خواتین سے بدسلوکی اور ان پہ جنسی و جسمانی کا تشدد کیا جاتا ہے۔ نویں نمبر پہ سری لنکا آتا ہے۔ یہ بھی مسلم ملک نہیں۔ دسویں نمبر پہ ایتھوپیا آتا ہے جہاں کی ۶۰ % خواتین کو جسمانی تشدد کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس فہرست سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اسلامی معاشرے کے علاوہ ہر معاشرہ عورت کو اسکا اصل مقام دینے میں بری طرح ناکام رہا ہے۔ حیرت کی بات یہ کہ اس فکر انگیز رپورٹ کے باوجود یہ تمام ترقی یافتہ، آزاد سوچ کے مالک ممالک خود کو آزادی نسواں کے علمبردار گردانتے ہیں۔ کیونکہ یہ اسلام دشمن ممالک مسلم معاشرے کو بدنام کرنا چاہتے ہیں اس لیے وہ مسلم معاشرے کی عورتوں کو مظلوم ظاہر کرنے کیلیے سازشوں کے جال بنتے ہیں۔ حالیہ مسلسل ظہور پزیر واقعات انہیں سازشوں کی ہی ایک کڑی ہیں۔ ۸ مارچ کو ایسی ہی سازشی ذہن ان آٹے میں نمک کے برابر مادر پدر آزاد عورتوں کو گھروں سے باہر نکالتے ہیں اور یہ سڑکوں پہ اپنی حرکتوں کے باعث ملک و قوم کے وقار کی دھجیاں بکھیرتی پھرتی ہیں اور سوشل میڈیا ان کی ان بیہودہ حرکتوں کو فلما کر دنیا کے سامنے مسلم عورت کے کردار کو بدنما کر کے دیکھاتا ہے۔ ہماری حکومتِ وقت سے گزارش ہے کہ خدارا ٹک ٹاک اور ایسے ہی اور بیہودہ ایپز پہ فوری پابندی عائد کر دی جائے جو ہمارے مستقبل کے معماروں کو تباہ و برباد کر رہی ہیں اور ان کو اپنی تہذیب وتمدن سے دور کرنے کی وجہ بن رہی ہیں نیز ایسے مدر پدر آزاد جلسے جلوسوں کی ممانعت کر کے اسلامی وقومی معاشرے کی دنیا بھر میں تزلیل کا سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے۔ پاکستان میں ڈیموگرافک اینڈ ہیلتھ سروے کے مطابق چند برسوں میں جنسی استحصال کے جو کیسز رجسٹرڈ ہوئے ہیں ان میں سے ۸۶ فیصد ترقی یافتہ ممالک کے اعداد وشمار سے ان کے اس دعوے کی نفی ہوتی ہے جو وہ عرصے سے کرتے آرہے ہیں کہ ان کا معاشرہ عورت کو مرد کی برابری کا مقام دیتا ہے۔ صرف اسلامی معاشرہ ہی واحد ایسا معاشرہ ہے جس نے عورت کو وہ مقام دیا ہے جو کوء غیر مسلم معاشرہ دے ہی نہیں سکتا۔ بلاشبہ اسلام نے جس قدر بلند وبالا و برتر اور اعلی مقام عورت کو بحیثیت ماں، بیوی، بیٹی اور بہن کے دیا ہے اتنا کوء اور مذہب دے ہی نہیں سکتا۔ ہمارے پیارے نبی نے عورت کو اسکا اصل مقام دلایا، حضرت محمد کا فرمان ہے "ماں کے قدموں تلے جنت ہے."یہ کہہ کر ہر مرد پر فرض کر دیا کہ وہ ماں کا احترام کرے اسکی خدمت کرے تا کہ اسے جنت مل سکے۔ یہی نہیں آپ نے تعلیم کے میدان میں بھی خواتین کے لیئے یکساں حقوق مقرر کیئے۔ حضور پاک ? کا فرمان ہے کہ " علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے"۔ اسلام نے عورت کو عفت وحیا کا پیکر بنا کر عزت بخشی۔ عورت کی عزت کسی بھی اسلامی معاشرے کا سب سے اہم اصول ہے مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اسلامی جمہوریہ ہونے کے باوجود ہم مکمل طور پر اسلامی شریعت لاگو نہیں کر پائے ہیں۔ جس کا ایک واضح ثبوت عورت کو ہمارے معاشرے میں مرد کی نسبت حقیر سمجھنا ہے۔۔۔ اللہ تعالی نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا ہے۔ جس میں مرد و زن دونوں شامل ہیں اس سے یہ بات واضح ہوء ئی کہ سب انسان مساوی ہیں۔ اس میں کچھ غلط نہیں کہ انسان تو بس پیدا ہوتا ہے۔ اب یہ خود انسان کے اپنے اوپر منحصر ہے کہ وہ معاشرے میں اپنے انفرادی کردار کو کس طرح ادا کرتا ہے اور خود کو کیا مقام دیتا ہے۔ یہ انسانی فطرت ہے کہ وہ رسومات اور تجربات کی روشنی میں اپنے اخلاقی اصول بنا کر اپنے مقام کا تعین کرتا ہے۔ اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ مرد جسمانی طور پر مضبوط ہونے کے باعث معاشرے میں نگہبان اور محافظ کی حیثیت رکھتا ہے مگر یہ بھی سچ ہے کہ ایسے گھرانے بھی اسی معاشرے میں موجود ہیں جہاں عورت کے ذمہ کفالت بھی ہوتی ہے اور نگہبانی بھی لہذا یہ امر انتہاء ئی اہم ہے کہ عورت اور مرد کی تعلیم و تربیت یکساں ہو۔ مرد و عورت کا جداگانہ دائرہ کار ہماری معاشرتی کمزوری ہے یہ ہمارے رسم ورواج اور عادات کا نتیجہ ہیں۔

پیٹرول مہنگا ہے تو کم استعمال کریں!!!

تحریر۔ محمد اکرم چوہدری

دیکھیں حکومت آپ کی اپنی ہے، آپ کے ووٹ کے ذریعے بنی ہے، آپ کی فلاح کے لیے کام کرتی ہے، آپ کا خیال رکھتی ہے، آپ کے دکھ سکھ میں شریک رہتی ہے، آپ کی صحت بارے فکر مند رہتی ہے، آلودگی کی وجہ سے کئی بیماریاں جنم لیتی ہیں لوگوں کو بے پناہ تکلیف اٹھانا پڑتی ہے۔ جب کوئی عوامی حکومت ہو اور اس کے سامنے عوام کو ان مسائل کا سامنا ہو تو حکومت کیا کرے گی۔ یقیناً عوام کی مشکلات کم کرنے کے لیے اقدامات کرے گی۔ اپنے شہریوں کی تکلیف دور کرنے کی حکمت عملی تیار کرے گی، لوگوں کو ہسپتالوں میں جانے سے بچائے گی۔ اب کوئی مانے یا نہ مانے پاکستان تحریکِ انصاف کی حکومت بھی یہی کر رہی ہے۔ ایسی دردمند حکومت تو آج تک نہیں آئندہ بارے کوئی پیشگوئی کرنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن ماضی میں تو ایسی کوئی حکومت نہیں گذری جو اس حد تک شہریوں کی فلاح و بہبود پر توجہ دے، سوچ بچار کرے اور ایسا مسائل کا ایسا حل پیش کرے کہ سب عش عش کر اٹھیں۔ یہ کام صرف پی ٹی آئی ہی کر سکتی ہے۔ یہ حوصلہ صرف پی ٹی آئی کے پاس ہی ہے کہ وہ انقلابی اقدامات کرتی ہے، دور جدید کے تقاضوں پر پورا اترتے ہوئے نئے رجحانات متعارف کرواتی ہے۔ چونکہ حکمراں جماعت بہت آگے کی سوچ رکھتی ہے لوگوں کی اکثریت اسے نہیں سمجھ سکتی اسی لیے کم علمی میں تنقید ہوتی ہے۔ اب پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو ہی دیکھ لیں ہر شخص حکومت پر تنقید کر رہا ہے کوئی یہ نہیں سمجھتا کہ پیٹرولیم مصنوعات کا مہنگا ہونا تو تصویر کا ایک رخ ہے دوسرا اور حقیقی رخ تو کسی کے ذہن میں ہی نہیں ہے۔ حقیقت یہ ہے حکومت کو عوام کی صحت بہت عزیز ہے، حکومت کو عوام کے پیٹرول پر خرچ ہونے والے پیسوں کی وجہ سے بہت تکلیف پہنچتی ہے۔ گوکہ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ پیٹرول ان کی پہنچ سے باہر نکل رہا ہے لیکن حقیقت یہ بھی ہے کہ اس مہنگائی میں حکومت کا فلسفہ سمجھنے کی کوشش کریں۔ اگر پیٹرول مہنگا نہ ہو تو آلودگی بڑھتی چلی جائے گی، سڑکوں پر گاڑیوں، موٹر سائیکلوں کی تعداد بڑھے گی تو ماحول پر برا اثر پڑے گا، لوگ مختلف بیماریوں میں مبتلا ہوں گے اب یہ باتیں عام آدمی کو سمجھانے بیٹھیں گے تو بھلا کون سنے گا حکومت نے اس کا حل یہی نکالا ہے کہ آلودگی کم کرنے اور شہریوں کو سانس سمیت دیگر ایسی بیماریوں سے بچانے کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اتنا اضافہ کر دیا جائے کہ لوگ پیٹرول خرید ہی نہ سکیں۔ یقیناً اس کے علاوہ بھی حکومت نے کئی پہلوو?ں پر مسلسل غور وفکر کے بعد یہ کام کیا ہے کہ شہریوں کی فزیکل فٹنس مسلسل خراب ہوتی جا رہی ہے اور خراب فزیکل فٹنس والے افراد کی تعداد میں خطرناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے۔ جب حکومت نے ان اعداد وشمار پر نظر دوڑائی تو اندازہ ہوا کہ اس کی سب سے بڑی وجہ سائیکل نہ چلانا ہے، سفر کے لیے گاڑیوں، بسوں اور موٹر سائیکلوں کے بے تحاشا استعمال نے لوگوں کو بیمار کر دیا ہے۔ لوگوں کو دوبارہ فٹ کرنے، پیدل چلنے اور سائیکل چلانے کی طرف لانے کے لیے پیٹرول کو مسلسل مہنگا کرنے کی حکمت عملی اختیار کی ہے تا کہ لوگ بسوں، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کے بجائے سائیکل کا استعمال شروع کریں، گھر سے دفتر جائیں تو سائیکل پر، بازار جائیں تو سائیکل کا استعمال کریں، سائیکل نہیں رکھتے تو زیادہ سے زیادہ پیدل چلیں۔ اب کون سا حکمران ہو گا جو اس باریک بینی سے عام آدمیوں کی مشکلات کا جائزہ لے گا یہ تاریخی اور بہادری والا کام صرف اور صرف پاکستان تحریکِ انصاف ہی کر سکتی ہے اور انہوں نے کر دکھایا ہے۔ ایک ایسی جماعت جو باتوں پر یقین نہیں رکھتی بلکہ عملی اقدامات اٹھاتی ہے اور اس جماعت کا نام پاکستان تحریکِ انصاف ہے۔ حکومت نے فیصلہ کیا کہ فٹنس کلچر کو فروغ دینے کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کیا جائے اور پیٹرول اتنا مہنگا کر دیا جائے کہ اس سہولت سے نا صرف کروڑوں اربوں کا فائدہ ہو گا بلکہ بیماریوں میں کمی ہو گی اور لوگوں میں صحت کے حوالے سے شعور پیدا ہو گا۔ اب آپ ان پہلوو?ں کو نظر انداز کر کے صرف اور صرف مہنگائی کرتے رہیں گے تو یہ بہترین فیصلے آپکو کبھی سمجھ نہیں آئیں گے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام کے فائدے میں ہے۔ اس سے نا صرف صحت مند معاشرہ تشکیل پائے گا بلکہ اخراجات میں بھی کمی واقع ہو گی۔ یہ کام بھلا آج تک کسی وزیراعظم نے کیا ہے۔ کوئی ایسے سوچ ہی نہیں سکتا۔ اس لیے قارئین سے درخواست ہے کہ حکومت کے اس فیصلے کو سپورٹ کریں، پیٹرول کم استعمال کریں تا کہ بچت ہو۔

چودھریوں کے گھر لگی رونقیں

تحریر۔ نصرت جاوید

دوسروں کے ساتھ دوستی یا دشمنی ہر صورت برقرار رکھنے کی عادت میرے اور آپ جیسے عام انسانوں ہی کو لاحق رہتی ہے۔ سیاست دان خود کو ایسے بوجھ سے قطعاً آزاد محسوس کرتے ہیں۔ ان کی دوستیاں دشمنی اور مخاصمت دوستی میں بدلنے کو دیر نہیں لگاتی۔ مفادات ان سے کچھ بھی کروا سکتے ہیں۔

گزشتہ چند دنوں سے گجرات کے چودھریوں کے لاہور والے گھر میں بہت رونق لگی ہوئی ہے۔ آصف علی زرداری صاحب کے بعد شہباز شریف بھی ان کے ہاں چودھری شجاعت حسین کی عیادت کے بہانے گئے اور عمران حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانے کی بات چلائی۔ "آنیاں جانیاں" سے جو فضا بن رہی تھی چودھری مونس الٰہی نے پیر کے روز اسے وزیراعظم صاحب کی موجودگی میں ہوئی ایک تقریب میں "تماشہ" قرار دیا۔ عمران خان صاحب سے یہ درخواست بھی کر دی کہ تحریک انصاف کے متوالوں کو آگاہ کر دیں کہ مذکورہ "تماشے" سے گھبرانا نہیں ہے۔

خان صاحب مونس الٰہی کی تقریر دل پذیر سے بہت خوش ہوئے۔ جوابی تقریر کرتے ہوئے چودھری شجاعت حسین کی سیاسی بصیرت کو سراہا۔ طنز بھری حیرت سے یاد دلایا کہ اپوزیشن رہ نماؤں کو کئی ماہ سے بیمار ہوئے چودھری صاحب کی "عیادت" کا "اچانک خیال آنا شروع ہو گیا ہے۔ میں نے یہ فقرے انٹرنیٹ پر وائرل ہوئی ایک ویڈیو کی بدولت سنے۔ اسے سنتے ہوئے بہت کچھ یاد آ گیا۔

جنرل مشرف کو اقتدار پر قابض ہوئے چند ماہ گزرے تھے تو ان دنوں تحریک انصاف کے باغی ہوئے اکبر ایس بابر کے ذریعے پیغام ملا کہ عمران خان صاحب مجھ سے ملاقات کے خواہاں ہیں۔ سیاسی رپورٹر ایسی خواہشوں کے اظہار کے منتظر رہتے ہیں۔ خان صاحب سے ملاقات کے لئے تحریک انصاف کے دفتر چلا گیا جو ان دنوں اسلام آباد کے بازار روڈ جو ان دنوں بیگم سرفراز اقبال کی یاد سے منسوب ہے پر واقع ایک عمارت کی دوسری یا تیسری منزل پر قائم تھا۔

مذکورہ ملاقات میں عمران خان صاحب خود کلامی نما طویل گفتگو کرتے رہے۔ انہیں قوی امید تھی کہ جنرل امجد کی قیادت میں قائم ہوا نیب "کرپٹ" سیاست دانوں کو قطعاً معاف نہیں کرے گا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو پاکستان میں موجود نہیں تھیں۔ آصف علی زرداری صاحب کو نواز حکومت کے سیف الرحمن پہلے ہی جیل بجھوا چکے تھے۔ جنرل مشرف نے اقتدار سنبھالنے کے بعد نواز شریف کو اٹک قلعہ کے تہہ خانے میں محصور کر رکھا تھا۔ مذکورہ صورتحال عمران خان صاحب کی دانست میں تحریک انصاف کے خوش حال مستقبل کی راہ بنا رہی تھی۔ میں نہایت توجہ سے ان کی گفتگو سنتا رہا اگرچہ ان کی سوچ مجھے ضرورت سے زیادہ خوش فہمی محسوس ہو رہی تھی۔ انہیں بحث کو اکسانے کے لئے سرسری التجا کی کہ چودھری شجاعت حسین پر نگاہ رکھنا لازمی ہے۔ یہ بات سنتے ہی عمران خان صاحب چراغ پا ہو گئے۔ مصر رہے کہ احتساب بیورو نے چودھری برادران کے خلاف جو ثبوت جمع کئے ہیں ان میں سے چند ان کی نظر سے بھی گزرے ہیں۔ انہیں کامل یقین تھا کہ مذکورہ ثبوتوں کے ہوتے ہوئے چودھری برادران بھی طویل عرصے کیلئے جیل بھیج دیئے جائیں گے۔

میں نے ان سے بحث کرنا مناسب نہ سمجھا۔ بحیثیت صحافی ویسے بھی انہیں بتا نہیں سکتا تھا کہ ان سے ملاقات سے چند ہی دن قبل میری جنرل مشرف کے دیرینہ دوست اور انتہائی بااعتماد مصاحب طارق عزیز صاحب سے بھی تنہائی میں طویل ملاقات ہوئی ہے۔ وہ بہت مان سے اپنے بزرگوں کے چودھری ظہور الٰہی مرحوم سے تعلقات کا ذکر کرتے رہے۔ یہ انکشاف بھی کیا کہ وہ اور شجاعت حسین صاحب لاہور کے ایف سی کالج کے طالب علم رہے ہیں۔ سروس انڈسٹریز کے چودھری احمد سعید بھی ان دنوں اس کالج میں تھے۔ گجرات کے مقامی سیاست میں یہ خاندان چودھریوں کا دیرینہ حریف رہا ہے۔ طارق صاحب کی مگر دونوں سے دوستی ہے اور ان کے باہمی اختلافات ختم کروانے کی کاوشوں میں مصروف رہتے ہیں۔ کالج کے پرانے دوستوں میں طارق صاحب نے اوکاڑہ کے راؤ سکندر اقبال کا ذکر بھی خلوص بھرے پیار سے کیا۔ طارق صاحب کی گفتگو سنتے ہوئے ذات کے اس رپورٹر نے فوراً طے کر لیا کہ جنرل مشرف کے دور میں ان تینوں سیاستدانوں کا کردار اہم ترین رہے گا۔ عمران خان صاحب البتہ طارق عزیز صاحب کی اہمیت سے مجھے غافل نظر آئے۔

چودھری شجاعت حسین صاحب نے ہمیشہ یاد رکھا ہے کہ میں حبیب جالب صاحب کا "چمچہ" رہا ہوں۔ بسا اوقات انہیں چودھری ظہور الٰہی مرحوم سے ملاقات کے لئے ان کے گھر لے جانا بھی میری "ڈیوٹی" میں شامل تھا۔ جالب صاحب کی بدولت استوار ہوئے تعلق کو چودھری صاحب نے ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا۔ سیاست کے مشکل ترین لمحات میں بھی میرے اٹھائے ہر سوال کا تنہائی میں ہمیشہ دیانت دارانہ جواب دیا۔ کئی اہم ترین خبروں کا کھوج لگانے میں میری مدد فرمائی 2002ء ئ کے دوران ان ہی کی مہربانی سے دریافت ہوا کہ عمران خان صاحب نے اس برس ہوئے انتخاب میں حصہ لینے کے لئے کاغذات نامزدگی میں اپنے "پیشے" اور "آمدنی" کو کیسے بیان کیا تھا۔ عمران خان صاحب کو چودھری صاحب ان دنوں ایک لمحے کے لئے بھی سنجیدگی سے لینے کو آمادہ نہیں تھے۔ انہیں ایک کھلنڈرا کھلاڑی ہی تصور کرتے رہے۔ حالات مگر 2011ء ئ کے بعد بدلنا شروع ہو گئے اور بالآخر گجرات کے چودھریوں کو بھی 2018ء کے بعد عمران حکومت کے اتحادی کی حیثیت پر اکتفا کرنا پڑا۔

(ادارے کا کالم نگاروں/ مضمون نگاروں کی زاتی رائے اور ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں) ادارہ

باصلاحیت وزیرصحت سید احسان شاہ صاحب

تحریر۔حماد بلوچ

سید احسان شاہ صاحب کا نام کسی تعارف کے محتاج نہیں موجودہ صوبائی حکومت میں وزیرصحت کا قلمدان سنبھالتے ہوئے تقریباً تین مہینے مکمل ہوچکے ہیں انکا بطور وزیرصحت بننا نا صرف مجھ جیسے انکے ورکر کے لیے ایک خوشی کا باعث تھا بلکہ ڈاکٹر پیرا میڈیکل اسٹاف سمیت پورے شعبہ صحت سے تعلق رکھنے والے ہر فرد کے لیے ایک خوشی کی خبر تھی کیونکہ ہمارے ملک میں اگر کسی چیز کی کمی ہیں تو وہ صرف ایماندار دیانتدار باصلاحیت قابل لوگوں کی کمی ہیں باقی اللہ پاک نے نہ صرف پاکستان بلکہ بلوچستان پر بہت کرم کیا ہیں دنیا جہان کے وسائل ہمیں دیئے ہیں بلوچستان میں سابقہ ادوار میں نہ صرف ہر محکمہ تباہی سے دوچار تھا بلکہ محکمہ صحت کا بھی حال چندان محکموں جیسا تھا جو کہ تباہی کے آخری دہانے پر پہنچ چکے تھے سید احسان شاہ صاحب نے محکمہ صحت کا قلمدان سنبھالتے ہی ہنگامی بنیادوں پر محکمہ کے فوری حل طلب مسائلوں کو نوٹ کرکے انکے لیے احکامات جاری کرنا شروع کردیا اپنے دفتر کے دروازے عام عوام کے لیے کھول دیئے تاکہ ہر شہری کا مجھ تک ڈائریکٹ رسائی وا ور انکے مسائل کو سن کر حل کرواسکے کسی بھی وزیر کا محکمہ کا قلمدان سنبھال کر صرف اس محکمے کو سمجھنے میں کافی ماہ لگتے ہیں سوشل میڈیا پر کافی سارے لوگ غلط پروپیگنڈا کرنے میں مصروف ہیں یہ وہی لوگ ہیں جنکو بلوچستان کے عوام نے مسترد کردیا ہیں جو نہ کچھ کرتے ہیں نہ کسی اور کو کرنے دیتے ہیں میں صرف محسن بلوچستان قائد مکران واجہ سید احسان شاہ صاحب کے تین مہینے کی کارکردگی آپ تمام ناظرین کو بتاؤنگا جس نے بطور وزیرصحت کیا کیا کام سر انجام دی ہیں

1: صوبے کے سب سے بڑے سرکاری ہسپتال سول ہسپتال کوئٹہ کے لیے 26 کروڑ روپے کے لاگت سے ایم آر آئی اور سی ٹی اسکین مشین کی منظوری اور کچھ ہی دن میں ہسپتال میں تنصیب تاکہ غریب شہریوں کو علاج معالجے میں آسانی اور مہنگے ٹیسٹ پرائیویٹ لیبارٹریوں کے بجائے سرکاری ہسپتالوں میں ہی ممکن بنایا جاسکے

2: اسی طرح ڈی ایچ کیو ہسپتال تربت کے لیے 26 کروڑ روپے کی لاگت سے ایم آر آئی سی ٹی سکین مشینوں کی منظوری دیدیں

3: صوبے کے تمام سرکاری ہسپتالوں سے او پی ڈی پرچی فیس کا خاتمہ تاکہ مکمل مفت میں شہریوں کا علاج سرکاری ہسپتالوں میں ممکن بنایا جاسکے

4: ایم ایس ڈی سسٹم کو ختم کرکے ادویات خریدنے کا اختیار اضلاع میں منتقل کردی ایم ایس ڈی سسٹم سے بڑے پیمانے پر کرپشن اور اتنے بڑے صوبے میں بروقت ادویات نہیں پہنچ سکتے تھے اسی لیے عوامی درخواست پر صوبائی وزیرصحت سید احسان شاہ نے فوری طور پر ایم ایس ڈی ختم کرکے اضلاع کو میڈیسن خریدنے کا اختیار دیدیا

5: محکمہ صحت میں 3 ہزار سے زائد خالی آسامیاں کو مکمل میرٹ پر پر کروانا کے لیے سیکریٹری ہیلتھ، ڈی جی ہیلتھ کو حکم اب تک 500 کے قریب آسامیاں کے اشتہارات کرواکران میں بھرتی کا پروسس جاری

6: پچھلی کئی سالوں سے ینگ ڈاکٹرز سراپا احتجاج ہیں انکے ساتھ روزانہ کے طور پر کامیاب مذاکرات کرکے انکے تمام جائز مطالبات تسلیم کرکے ان پر کام شروع کردیا

7: صوبے کے تمام سرکاری ہسپتالوں کے پیرامیڈیکل اسٹاف کی ایچ پی اے الاونس میں 100 فیصد اضافی کی منظوری

8: محکمہ صحت کے تمام کلاس فور ملازمین کی ہیلتھ رسک الاونس میں بھی 100 فیصد اضافی کی منظوری

9: سول ہسپتال کوئٹہ اور بی ایم سی ہسپتال کے ڈاکٹروں کے لیے ہسپتال کے نزدیک علاقوں میں فلیٹس تعمیر کروانے کی منظوری تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعے رونما ہونے سے ڈاکٹرز فوری ہسپتال پہنچ سکے

10: محکمہ صحت میں بہتری کے لیے کچھ سینئیرز آفیسران پر مشتمل ایک اسپیشل کمیٹی تشکیل دینے کی منظوری تاکہ وہ محکمہ کی کارکردگی اور اسکی بہتری کے لیے کام کر سکے

11: صوبے کے تمام بڑے ہسپتالوں میں جدید مشینیں جن میں ایم آر آئی، سی ٹی اسکین، انجیو گرافی، سی آر ایم ایچ، انڈس سکوفی سمیت تمام مشینیں ہسپتالوں کو فراہم کرنے کی منظوری تاکہ یہ عوام کو سرکاری ہسپتالوں میں مفت علاج معالجے کی سہولیات پہنچایا جائے

12: سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کی کمی کو پورا کرنے کے لیے 450 اسسٹنٹ پروفیسر اور 500 میڈیکل آفیسر سمیت ڈاکٹروں کی 1500 کے قریب آسامیوں کی منظوری جلد چیرمین بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو لیٹر لکھ کر آسامیاں پبلک سروس کمیشن کے زریعے پر کرنے کا اعلان

13: صوبے کے مختلف اضلاع کے سرکاری ہسپتالوں کے لیے جدید ایمبولینس اضلاع کو فراہم کردیئے تاکہ ایمرجنسی کی صورت میں مریض کو فوری ہسپتال اور ہسپتال سے گھر پہنچایا جاسکے

صوبائی وزیرصحت سید احسان شاہ صاحب کی مخلصانہ کاوشوں کی جتنی بھی تعریف کی جائے وہ کم ہیں موصوف دن رات اپنے محنت ولگن سے بلوچستان میں صحت کے شعبے کو درست کرنے کی کوششیں کررہے ہیں تاکہ بلوچستان کے ہر غریب شہری کو اسکے اپنے ہی شہر میں علاج ومعالجہ کی تمام سہولیات میسر ہوسکے پہلی دفعہ تاریخ میں اس طرح کے اقدامات اتنے کم عرصے میں کسی وزیر نے اٹھائے ہیں ہمارے محبوب قائد ھر دلعزیز رہبر موجودہ وزیر صحت سید احسان شاہ صاحب ایک قابل نڈر باصلاحیت ایماندار شخص ہیں جو پانچویں دفعہ صوبائی کابینہ کا حصہ ہیں اس سے قبل آپ نے 3 مرتبہ وزیرخزانہ ایک مرتبہ وزیرصنعت وتجارت کا محکمے کے وزیر کے حیثیت سے جو کارکردگی دکھایا ان محکموں کے آفیسران آج تک آپ جیسے شخص کو بطور وزیر آج بھی چاہتے ہیں کہ انکے محکمہ کو آپ جیسے ایماندار قابل باصلاحیت شخص ہی چلائے بلوچستان کے عوام کو مزید اس طرح کے قابل باصلاحیت لوگوں کی ضرورت ہیں میں سمجھتا ہو کہ بہت ہی مشکل ہوتا ہیں ایک شہرت یافتہ باصلاحیت قابل، بااخلاق عاجز، غرور، تکبر، گھمنڈ سے پاک انسان کی کارکردگی اور انکی خوبیوں سیاسی کیریئر کے متعلق لکھا جائے جس نے نہ صرف اپنی برادری، قوم، علاقہ، سماج، ضلع وصوبے کے تعمیر وترقی اور بہتری کی جدوجہد میں فرنٹ لائن پر خدمات سر انجام دے کر تاریخ کے صفحہ جات میں اپنا نام ہمیشہ کے لیے زندہ کر رکھا ہیں یہ سب آپکا اپنے قوم کی دن رات رنگ نسل مذہب فرقہ سے بالاتر ہوکر لوگوں کی خدمت کا نتیجہ ہیں آپ کا شمار بلوچستان کے بہترین سیاسی شخصیات میں ہوتا ہیں آپ نہ صرف مکران ڈویژن میں سب سے مقبول لیڈر ہیں بلکہ آپ سینکڑوں غریب مسکین بیوہ یتیم لاچاروں کا سہارا اور انکے دلوں میں دھڑکن بن کر بسنے والے عظیم شخصیت ہیں ایک عام سا غریب شخص کا بھی آپ تک آسانی سے رسائی و رابطہ ہیں چاہے وہ بلوچستان کے کسی بھی علاقے سے ہو بذریعہ فون میسج چندمنٹ میں اپنا مسلے مسائل دکھ تکالیف پریشانی آپ تک پہنچاتا ہیں یہ آپکی اپنے قوم اپنے لوگوں سے مخلصی وفاداری کا سب سے بڑا ثبوت ہیں آپ کے ہزاروں چاہنے والے بلوچستان کے مختلف علاقوں جن میں بشمول کوئٹہ، مستونگ، قلات، سبی، نصیر آباد، لسبیلہ، آواران، خضدار سمیت و دیگر علاقوں میں موجود ہیں آپ کی کارکردگی، سیاسی کیریئر سماجی وعوامی خدمات کو ایک تحریر میں لکھنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہیں مگر میں اس بات کو دعوے سے کہتا ہو کہ پورے بلوچستان اسمبلی میں سید احسان شاہ صاحب جیسا شریف النفس بااخلاق، غرور، تکبر، گھمنڈ سے عاری صوم وصلوٰ؟ کا پابند انسان پورے بلوچستان اسمبلی میں کوئی نہیں بلوچستان کی سیاست میں جو عزت اپنائیت عاجزی انکساری وفاداری شاہ خاندان میں میں نے پایا وہ کسی سیاسی پارٹی میں موجود نہیں آخر اللہ پاک اپنے خاص کرم سے میرے محبوب ہر دلعزیز قائد واجہ سید احسان شاہ صاحب کی زندگی میں چین وسکون کی ایسی بہار لائے جو کبھی ختم نہ ہو دعا ہے کہ اللہ پاک انکو ہمیشہ کامیابی وکامرانی سے نوازے انکو ہمیشہ صحت وتندرستی عمر درازعطا فرمائے آمین یارب العالمین

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹیکسوں کی سکت نہیں ہے پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے سے مزید مہنگائی بڑھے گی موجودہ حالات میں عوام کو ریلیف کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی مسلسل فرمائشوں پر آئی ایم ایف کے مسلط پالیسیوں سے ملک میں بحرانوں کی تسلسل ہے آزاد معاشی پالیسیاں کی تشکیل کی دعوے ادھورے رہ چکے انہوں نے کہا کہ قوم میں مزید مہنگائی بے روزگاری اور بے تحاشا ٹیکسوں کی سکت نہیں ناروا ٹیکسز اور روپے کی قدر میں کمی سے کاروبار ٹھپ ہوچکی اب آئی ایم ایف کی خواہش پر پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ سے عوام کی رہی سہی معاشی سانسیں بھی رک گئی حکمران قوم کی حالت پر رحم کرے یہاں عوام اپنے بچوں برائے فروخت کررہے ہیں اور خودکشیوں اور خودسوزیاں کررہے ہیں جبکہ نوے فیصد مزدوروں کو تو روزگار نہیں ملتی انہوں نے کہا حکمران اپنے ناروا پالیسیوں سے عوام کو نکلنے پر مجبور کررہے ہیں عوام پر بوجھ لادنے کی بجائے اپنی شاہ خرچیوں میں کمی لائیں انہوں نے کہا کہ مصنوعی بحران سے مافیاز کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے ہر حد تک جا رہے ہیں لیکن غریب کے لیے چار سال میں کوئی ریلیف نہیں ملا غریب عوام کی مشکلات میں اضافہ اور مافیا کی تجوریاں بھرنے میں آسانی مل رہی ہے قوم میں مزید مہنگائی بے روزگاری اور بے تحاشا ٹیکسوں کی سکت نہیں اور ھمارے حکمران تو عوام کو دیگر ممالک کی زیادہ مہنگائی کے مثالیں تو دیرہی ہے لیکن پاکستان کے روزگار فراہمی دیگر کے مقابلے میں اچھی معیشت وسہولیات کی تصویر بھی پیش کریں پاکستان میں عوام غربت بیروزگاری سے اپنے بچوں کو قتل اور خودکشیوں پر مجبور ہے

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گروپ کے اجلاسیں بلاکر وزیراعظم عمران خان کو پریشان کرنے کے خفیہ ملاقاتیں کے نام پر بلیک میلنگ کرکے مگر وزیراعظم عمران خان کے خلاف عدم آعتماد میں حزب اختلاف والوں کے ساتھ دینا جہانگیر ترین جیسے کمزور اور سرمایہ دار کا اپنے اعلی کا پر کارخ مسلم لیگ ن کی طرف ناممکنات میں سے ہیں وزیراعظم عمران خان پر اعتماد لانے سے عمران خان کے اتحادی اپنے معاہدوں پر وزیراعظم کو مزید پریشان اور مراعات کا مطالبہ اور عمل درآمد کے لئے بلیک میل کرکے مفادات حاصل کرنے کے لئے کوششیں کرکے کچھ حاصل کرینگے مگر جب تک تحریک ٹھما کا پارٹی کے اندر سے قومی اسمبلی کے ممبران حزب اختلاف کو عدم اعتماد کو کامیاب کرانے کے لئے ساتھ دینے اعلان نہیں کرتے شجاعت حسین اور پرویز الہی بلیک میلنگ کرتے رہینگے۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بتول خواتین انجینئرنگ سوسائٹی کی صدر بھی ہیں کریمہ بتول کا یہ اعزاز بلوچستان کے لوگوں کے لیے فخر کی بات ہے۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے عوام پر پیٹرول بم گرادیا ہے جس مہنگائی کا ایک نیا سونامی آئے گا ان جاہل حکمرانوں نے ملک کو شدید خطرات سے دوچار کیا ہے معاشی بدحالی کی وجہ سے جینا عذاب بن چکا ہے تعلیم اور صحت ایک منافع بخش کاروبار کے شکل اختیار کرگئے ہیں علاج تعلیم روزگار ایک عام پاکستانی کی دسترس سے باہر ہوکر خواب بن گئے ہیں زندگی اذیت سے کم نہیں امن وامان کی صورتحال انتہائی تشویش ناک ہے عوام کے جان اور مال کی تحفظ میں حکومت مکمل طور پر ناکام ثابت ہوا ہے آئین پاکستان کو کاغذ کے ایک ٹکڑے سے زیادہ اہمیت نہیں دیا جارہا ادارے تباہ اور برباد ہیں ریاست کے چاروں ستون اپنے پاوں پر خود گررہے ہیں پورا ملک جیل خانہ بن چکا ہے محنت کش طبقہ زندہ رہنے کی جدوجہد میں زندگی ہار رہے ہیں نوجوان مایوس اور ناراض نظر آتے ہیں حکمران جھوٹ اور مکاری میں پی ایچ ڈی کرچکے ہیں پورا ملک مایوس اور بیزار ہے وطن عزیز کو خطرات میں ڈالنے والے بدبختی سے ہمارے حکمران بنے بیٹھے ہیں ان حکمرانوں کی شان شوکت ان کے بلند وبالا ایوان ہمارے ذلت بھوک اور غربت کا سبب ہیں ملک وقوم کو بچانے کے لیے لاکھوں کے تعداد میں عوام چیرمین بلاول بھٹو کے قیادت میں روڈوں پر نکلیں گے جو مجبوریوں کی وجہ سے نکل نہیں سکتے ہیں وہ اپنے علاقوں میں لانگ مارچ کے شرکا کا بھرپور استقبال کریں گے لانگ مارچ سے پہلے حکمرانوں نے بوریا بستر باندھنا شروع کیا ہے حکومتی وزیر خوفزدہ ہیں ان کے بہکی بہکی باتیں ان کے گھبراٹ وخوف کے نشانی ہیں ستائیس فروری کو پاکستان پیپلز پارٹی مزار قائد سے بھرپور قوت کے ساتھ ظالم اور خون چوسنے والے حکمرانوں سے نجات دلانے اسلام آباد کو روانہ ہوگا یہ عوامی لانگ مارچ ایک تاریخی لانگ مارچ ثابت ہوگا۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

روپے 15 پیسے، لائٹ ڈیزل 123 روپے 97 پیسے اور مٹی کا تیل کی 126 روپے 56 پیسے فی لیٹر ہو گیا۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مشکل ہوگا، انہوں نے کہا معاشی استحصال کے ساتھ موجودہ حکومت کی قادیانیت نوازی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں رہی، انہوں نے کہا کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کیلئے نرم گوشہ رکھنے والے نظریہ پاکستان کے ازلی دشمن ہیں۔ عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ امت اور بائیس کروڑ پاکستانیوں کا اجتماعی فریضہ ہے۔ پارلیمنٹ میں قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دلانے کے لئے مفکر اسلام مولانا مفتی محمود اوران کے رفقاء نے اہم کردار ادا کیا ہے جمیعت علماء اسلام اپنے عظیم قائد کے نظریات اور جدوجہد کی آمین جماعت ہے۔ بدقسمتی سے ہر دور میں مغربی آقاؤں کی خوشنودی کی ناکام کوششیں کی گئیں مگر جمیعت علماء اسلام کی آواز پر قوم نے لبیک کہتے ہوئے ان کوششوں کو ناکام بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قادیانی کو کلیدی عہدوں پر لانا ملک کے آئین کی کھلی خلاف ورزی ہے، اس قسم کی ناپاک کوششوں کو خاک میں ملانا ہر پاکستانی کا فرض ہے کیوں کہ وطن عزیز پاکستان اسلام کے نام پر بنا ہوا ہے اس کی بنیاد میں اسلام اور دوقومی نظریہ ہے کہ جس کے تحت ہم ہندووں سے آزاد ہوگئے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بعض سیکولر افراد کہتے ہیں کہ یہ ملک اسلام کے نام پر نہیں بنا ہے وہ تاریخ کو جھٹلانے کی ناکام کوشش کرتے ہیں دراصل اس قسم کے لوگ غیروں کے ایجنٹ ہوا کرتے ہیں، جس طرح انسان کو اللہ تعالی نے ایک مقصد کیلئے پیدا کیا ہے اسی اجتماعی مقاصد کے لیے اللہ تعالی نے اکابرین کی جدوجہد اور قربانیوں کی بدولت ہمیں وطن عزیز پاکستان سے نواز ہے جس کو دشمنوں کی خون آشام نظروں سے بچانا ہمارے فرائض منصبی میں شامل ہے، ملک کے مستقبل کے حوالے سے 22 فروری کو قائد جمیعت مولانا فضل الرحمان کی زیر صدارت جمیعت علماء اسلام پاکستان کے ذمہ داران کا اجلاس انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا جس کے بعد قوم کو لائحہ عمل دیں گے۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں صفائی نہ ہونے کی ایک وجہ میونسپل کمیٹی ملازمین کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے باعث ان کا ہڑتال ہے عوامی حلقوں نے بازار میں تجاوزات کے خاتمے بازار اور شہر بھر میں ہنگامی بنیادوں پر صفائی کا سلسلہ شروع کرنے اور کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پرامن طور پر منتشر ہوگئے سوئی میں محکمہ ایجوکیشن (میل) آفیسر محمد نواز بگٹی اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالرزاق بگٹی کی قیادت میں گورنمنٹ ہائی سکول اولڈ سوئی۔ گورنمنٹ ہائی سکول نواب دین کالونی۔ گورنمنٹ ہائی سکول بگٹی کالونی سوئی۔ گورنمنٹ مڈل سکول عدل خان کالونی سوئی اور تحصیل سوئی کے پرائمری سکولز سے ریلیاں نکالی گئیں تمام ریلیاں گورنمنٹ ہائی سکول اولڈ سوئی میں یکجا ہوگئیں ریلی کی قیادت ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن ڈیرہ بگٹی محمد نواز بگٹی ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن سوئی عبدالرزاق۔ ہیڈ ماسٹر ہائی سکول اولڈ سوئی عبدالعزیز۔ ہیڈ ماسٹر ہائی سکول بگٹی کالونی مسعود ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول نواب دین کالونی عبدالواحد۔ مڈل سکول عدل خان کالونی کے ہیڈ ماسٹر نواب حسین اور گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ڈیرہ بگٹی کے صدر فیض محمد بگٹی نے کی ریلی ہائی سکول اولڈ سوئی سے نکل کر اللہ والی چوک تحصیل بازار سے ہوتے ہوئے ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس سوئی میں اختتام پذیر ہوا ریلی کے شرکاء اساتذہ اور طلباء سے ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن ڈیرہ بگٹی محمد نواز بگٹی ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن سوئی عبدالرزاق ہیڈ ماسٹر مسعود بگٹی عبدالعزیز اور گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن (آئینی) کے صدر فیض بگٹی نے اپنے تقریر میں والدین سے کہا کہ وہ اپنے بچوں کو سکولوں میں داخل کریں انھوں نے کہا کہ اس جدید دور میں تعلیم حاصل کرکے ہی ترقی کے منازل طے کرسکتے ہیں انھوں نے مزید کہا کہ اساتذہ کو بھی اپنے چاہئیے کہ ہم بچوں کی تعلیم پر توجہ دیں کیونکہ استاد معاشرے کو سنوارنے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سداللہ کھوڑو، مولانا عبدالغنی ہانبھی، مولانا محمد قاسم میکھو، مولانا الہی بخش حقانی، مولانا عبداللہ جتک، مولانا مہراللہ جتک، مولانا محمد جان عابد، مولانا مبین احمد مستوئی، مولانا عزیر احمد، جمیعت علماء اسلام گنداخہ کے امیر قاری نذیر احمد شاکر، مذہبی اسکالر مولانا نعمت اللہ جمالی۔ مولانا محمد ادریس مینگل اور دیگر علماء کرام نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امت مسلمہ کی تمام تر کامیابیاں اللہ پاک نے دین اسلام میں رکھی ہیں مسلمان پانچ وقت کی نماز کو اپنی زندگی کے معمول کا لازمی حصہ اور حضور صہ کے طریقوں کو اپنائیں تاکہ دنیا وآخرت میں کامیابی حاصل ہو، مساجد ومدارس دینی تحریکات نے ہمیشہ امت مسلمہ کو اللہ پاک ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات اور دینی شعور کا درس دی ہے، دینی اجتماعات کا مقصد بھی یہی ہے کہ مخلوق کو مخلوق کی غلامی سے نکال کراپنے خالق حقیقی معبود ومسجود رب اللہ پاک کی درو ربانی احکامات کیطرف راغب کرنا ہے جبکہ مقررین نے مزید خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکمرانوں کی ریاست مدینہ کا دعویٰ جھوٹا ہے جبکہ ملک کو مادر پدر آزاد سٹیٹ بنانے کی سازشیں ریاست کے چھتری تلے ہورہی ہیں عوام کو مذید گمراہ نہیں کیا جاسکتا ہے مغربی آقاؤں کی خوشنودی کے لیے ملک کی آزاد حیثیت اور اسلامی تشخص کو قربان کرنے والے عوام اور ریاست کے دشمن ہیں حکمران جن کے ایجنڈے پر کارفرما ہیں ان کا نتیجہ تباہ کن ہے ان خیالات کا اظہار مقررین نے سالانہ جلسہ سیرت النبی کانفرنس میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مزید قائدین جمیعت وعلماء کرام نے کہا کہ ریاست مدینہ کے نعرے لگانے والے حکمرانوں کا کردار عمل ریاست مدینہ کے منافی ہے نظام ریاست مدینہ قائم ہوتی تو ان حکمرانوں کا انجام عبرتناک ہوتا، انھوں نے کہا کہ جمیعت علماء اسلام ملک میں اسلام کی عادلانہ نظام کے نفاذ آئین کی بالادستی اور جمہوریت کی بقاء کے لئے جدوجہد کررہی ہے۔ جبکہ جلسے کے اختتام پر ملک وملت وقوم کی سر بلندی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئی اور جلسے کی منتظمین جمیعت علماء اسلام گنداخہ کے جنرل سیکرٹری مولانا امان اللہ حقانی نے کانفرنس میں آئے ہوئے تمام معزز مہمانوں اور ڈی سی۔ ایس ایس پی جعفر آباد، اے سی، ڈی ایس پی اوستہ محمد، تحصیلدار، ایس ایچ او گنداخہ و پولیس فورسز انتظامیہ و کارکنان سالار رضا کار خدمت گار رفقاء جمیعت وصحافی برادری گنداخہ و شرکاء جلسہ کا شکریہ ادا کیا۔۔۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

چ، راشد لطیف، سہیل رحیم بلوچ، مسلم لیگ (ن) مکران ڈویژن کے رہنماء اشرف ساگر، جمعیت علماء اسلام کے ضلعی رہنماء مولوی عبدالحمید مدنی، عطاء اللہ، جماعت اسلامی کے قاضی عبدالواحد، انجمن تاجران کمیٹی کے صدر حاجی خلیل احمد دھانی، بارڈر کمیٹی کے ممبر حنیف شمبیزئی، آٹوز یونین کے محمد جان بلوچ سمیت دیگر جماعتوں کے عہدیداران نے بڑی تعداد میں شرکت کیا اجلاس میں پنجگور میں 2 فروری کی افسوسناک واقعہ پنجگور کے امن وامان بارڈر میں کاروباری ایشو بے گناہ لاپتہ افراد کی عدم بازیابی حالیہ افسوسناک واقعہ میں تاجروں اور سرکاری دفاتر کی نقصانات سمیت دیگر اہم ایشو پر تبادلہ سیر حاصل بحث ہوئی اور متعدد فیصلے عمل میں لائے گئے اجلاس کے بعد ال پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی پنجگور کے چیئرمین میر نزیر احمد بلوچ علاوالدین ایڈوکیٹ اشرف ساگر حاجی خلیل احمد دھانی مولوی عبدالحمید مدنی نے پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجگور میں 2 فروری کے افسوسناک واقعہ کے بعد اعلی حکام خصوصا چیف اف ارمی اسٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ چیف سیکریٹری بلوچستان دیگر اعلی حکام کی حالیہ دورہ پنجگور کے موقع پر ال پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی پنجگور نے وفد کی صورت میں ملاقات کرکے پنجگور کے اہم مسائل امن وامان کی صورتحال بے گناہ لاپتہ افراد کی بازیابی ایرانی بارڈر پر عوام کی کاروباری سہولت فراہم کرنے 2 فروری کے افسوسناک واقعہ میں تاجر برادری کی نقصانات بے گناہ افراد کی شہادت سمیت دیگر اہم ایشو پر بات چیت ہوئی جس پر اعلی حکام نے ال پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کو یقین دھانی کرائی کہ بے گناہ لاپتہ افراد سمیت سوشل ورکر ملک میران کو جلد بازیاب کیا جائے گا بارڈر پر منشیات اسلحہ کے علاوہ کاروبار پر عوام کو فوری اجازت اور بارڈر کے اختیارات سکیورٹی فورسز کے بجائے ضلعی انتظامیہ کے حوالے کیا جائے گا امن وامان کی خراب صورتحال پر ضلعی انتظامیہ ال پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی دیگر اسٹیک ہولڈر سے ملکر لائحہ عمل ترتیب دے گی تاجر برادری کے نقصانات کے ازالہ کیا جائے گا لیکن تاحال کوئی پیش رفت ہوئی ہے اور نہ ہی زمین پر کوئی عمل درامد دیکھنے میں نظر ارہا ہے لاپتہ ملک میران سمیت دیگر بے گناہ لاپتہ افراد تاحال بازیاب نہیں ہوسکے نہ ہی بارڈر کو ضلعی انتظامیہ کے حوالے کیا گیا اور نہ ہی تاجر برادری کی نقصانات کا ازالہ کیا گیا ہے جس سے ال پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کو شدید تشویش ہے اج کے پریس کانفرنس کا مقصد اعلی حکام اور ضلعی انتظامیہ کو گوش گزار کرنا ہے کہ وہ فوری طور پر ملک میران سمیت دیگر بے گناہ لاپتہ افراد کو منظر عام پر لاکر عوام کے اندر بے چینی کا خاتمہ کریں اگر کسی لاپتہ افراد کے خلاف کوئی جرم ہے تو انھیں عدالتوں میں پیش کیا جائے روزگار کے دیگر زرائع نہ ہونے سے عوام کی معیشت اور روزگار کا واحد زرائعہ بارڈر پر کاروبار سے ہے بارڈر کو فوری طور ضلعی انتظامیہ کے حوالے کرکے عوام کیلئے زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کرکے انٹری پوائنٹ کو اضافہ کرکے مزید تین انٹری پوائنٹ بنائے جائے 2 فروری کے افسوسناک واقعہ میں تاجر برادری کو جو شدید نقصان ہوا حکومت بلوچستان فوری طور پر تاجر برادری کی نقصانات کا ازالہ کریں اور امن وامان کی صورتحال کو قابو کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات کیا جائے عوام کی جان عمال کی تحفظ کو یقینی بنائی جائے ال پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی عوامی اور علاقائی مسائل کی حل کیلئے ہر ممکن کوشش کریگی ہمارا مقصد پرامن ترقی یافتہ پنجگور ہے۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کاروائی کرکے اسنیپ چیکنگ کے دوران ایک ملزم احسان علی ولد علی مراد لاشاری کو نزد پہلوان فقیر سے گرفتار کرلیا اور ملزم کے قبضے سے منشیات 1235 گرام چرس برآمد کرکے قانونی کاروائی کردی گئی

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ی مقابلہ کے دوران مقررین نے خطاب کے دوران کیا تقریری مقابلہ میں کرپشن، تعلیم اور سماجی حالات کے مطابق تین مختلف کیٹگری میں درجنوں طلباء نے حصہ لیکر اپنے انداز خیالات کا اظہار کیا اور مہمانوں سے خوب داد وصول کیے اس موقع پر ڈائریکٹر آکسفورڈ انگلش اکیڈمی خلیل احمد، عبدالرشید، جمیل احمد، عبیداللہ ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے ملک کا روشن مستقبل طلبا اور نوجوان نسل سے جڑا ہے اور انکی نشونما کرنے کے لئے اساتذہ کرام شب وروز سرگرم ہیں سالانہ تقریری مقابلہ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبا میں انعامات اور سرٹیفکیٹس تقسیم کررہے ہیں۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں عوام شہری آج ہر قسم کی مشکلات ومسائل کا شکار ہے جمیعت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کی غریب عوام کیحقوق کیلے ہمیشہ آواز بلند کرتی رہیگے غریب عوام کیحقوق کیلے آواز بلند کرتی رہیں گے حکمرانوں کی زمہ داری ہے عوام کو روزگار فراہم کریں حکومت اور اپوزیشن کو ذاتی مفادات غریز عوام کی کوئی فکر نہیں جمعیت نظریاتی علماء دیوبند کی حقیقی وارث جماعت ھےجمعیت نظریاتی کیخلاف کوئی سازش کامیاب نھیں ھونگے۔ بلوچستان میں۔ انیوالا دور جمعیت نظریاتی کا ھوگا اور جمعیت نظریاتی بلوچستان میں فعال اور مضبوط ھے جمعیت علماء اسلام نظریاتی ہر مشکل وقت ہر ظالم سیغاوت ہر مظلوم کی حمایت کرتے ہیں

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ک (ائیر پورٹ روڈ) اور جناح ٹاؤن میں 10 میٹ شاپس کو وارننگ نوٹسز کے باوجود دکانوں کے باہر غیر صحت بخش ماحول میں گوشت لٹکانے وصفائی کے ناقص انتظامات پر جرمانہ کیا گیا، سریاب کے نواحی علاقے میں قائم 3 بیکنگ یونٹس کے خلاف یونٹ میں گندگی، ورکرز کی ذاتی صفائی ودستانے، ماسک وغیرہ نہ ہونے اور اشیاء کی تیاری میں مضرصحت کپڑے رنگنے والے کلرز کے استعمال پر کارروائی کی گئی، جناح ٹاؤن میں موجود "ہاٹ بروسٹ" کو کچن میں صفائی کی ابتر صورتحال، حشرات کی موجودگی والیس او پیز پر عملدرآمد نہ کرنے جبکہ معروف زمزمہ بیکری (بیکنگ پلانٹ) کو ناقص و غیر صحت بخش اسٹوریج سسٹم سمیت مختلف وجوہات پر جرمانہ کیا گیا۔ نیوادہ سیٹلائٹ ٹاؤن میں 5 ہولسیل ٹریڈرز سے کھلا اور پابندی عائد ناقص کوکنگ آئل (نازگل، حیات، گلناز) برآمد ہوئے جس پر پانچوں مراکز پر جرمانے عائد کیے گئے۔ اس طرح بی ایف اے کی زونل ٹیموں نے مراکز کا معائنہ کرتے ہوئے قلات میں 3 جنرل اسٹورز اور 1 ہولسیلر کو زائد المعیاد کولڈ ڈرنکس ومصالحے رکھنے جبکہ 1 ہوٹل کو ایس او پیز کی خلاف ورزی پر فائن کیا، ڈیرہ مراد جمالی میں بھی زونل فوڈ سیفٹی ٹیم کی گزشتہ ہدایات واصلاحی نوٹسز کے باوجود ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 4 میٹ شاپس اور مضرصحت چائنیز نمک، غیر معیاری فوڈ کلرز و ایکسپائرڈ فوڈ آئٹمز برآمد ہونے پر 3 مصالحہ شاپس کے خلاف کارروائی کی گئی۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اوران ٹیوشن سینٹران کی نگرانی کرنے اور بلا معاوضہ خدمات فراہم کرنے والے اساتذہ کرام کے اعزاز میں 48 روزہ استحقاقی اعزازی چھٹیوں کا اعلان کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یونیسف کے ٹریننگ منیجر سلیمان ترین نے کہا کہ دوماہ کے دورانیہ پر محیط ان ٹیوشن سینٹران میں 50 سے زائد طلباء نے استفادہ حاصل کیا تاہم انہوں نے بتایا کہ سی، پی، ڈی کے تحت اب تک ضلع کے 600 اساتذہ کرام کو پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جاچکی ہے اب چونکہ یونیسف نے اپنے جاری مختلف تدریسی پروگراموں کی کامیابی کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کو مزید وسعت دینے کے لیے صوبہ کے 11 اضلاع کے بجائے 20 اضلاع کا حدف مقرر کیا ہے جس پر جلد عمل درآمد کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ تعلیمی اہداف حاصل کرنے کے لیے ہر ضلع میں یونیسف کے خدمات جاری رہینگے تاکہ تعلیمی ترقی کے اس سفر کو جاری رکھا جاسکے تقریب کے اختتام پر خدمات فراہم کرنے والے اساتذہ کرام اور طلباء میں شیلڈ تقسیم کیئے گئے۔

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

انسانوں کو کھا جاتی ہے، ذرائع آمدن زیرو اور مہنگائی آسمان پر معاشرے کو تباہ کردے گی، ملکی برآمدات، سرمایہ کاری اور تجارت میں اضافے اور آمدن بڑھانے سے ہی مہنگائی کے اثرات ختم کیے جاسکتے ہیں، نہ حکمرانوں کے پاس اور نہ ہی اپوزیشن کے پاس کوئی حل ہے، انہوں نے کہا کہ واحد حل تمام اداروں کو ملا کر بورڈ برائے حکمت وایمانداری تشکیل دینے سے ممکن ہے تاکہ ملک کی معیشت اور معاشرت کو ترقی دی جاسکے، ہم مکمل حل پیش کرتے ہیں، اپوزیشن جماعتوں کو چاہیئے کہ مسائل سے نکلنے کا حل دیں، سیاست برائے مفاد کو ختم کیا جائے، محمد فائق شاہ نے کہا کہ فوری قومی نوعیت کی معاشی پالیسی بنائی جائے تاکہ عوام کو آسانی میسر آئے۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مارچ میں شرکت کے لئے نکلیں گے مرکزی قافلہ صوبائی جنرل سیکرٹری روزی خان کاکڑ کی سربراہی میں کیم مارچ کو عبدالستار ایدھی (ہاکی) چوک کوئٹہ سے صبح 9 بجے کو روانہ ہوگا اور براستہ بولان، سبی سے ہوتا ہوا دوپہر 3 بجے کو نصیر آباد پہنچے گا، پی پی پی بلوچستان کا دوسرا مرکزی قافلہ کیم مارچ کو خضدار سے مرکزی رہنما سابق وزیر اعلی نواب ثناء اللہ زہری کی سربراہی میں صبح 9 بجے کو نصیر آباد کے لئے نکلے گا جو نصیر آباد میں صوبائی قیادت کے قافلے میں شامل ہوگا کیم مارچ کو صبح 9 بجے کوئٹہ سے روانہ ہونے والے مرکزی قافلے میں ضلع کوئٹہ، کوئٹہ سٹی، ضلع پشین، ضلع مستونگ، ضلع قلعہ عبداللہ، ضلع چمن، ضلع قلعہ سیف اللہ، ضلع زیارت، ضلع ہرنائی، ضلع لورالائی، ضلع ژوب، ضلع موسی خیل، ضلع دکی، ضلع شیرانی، ضلع چاغی، ضلع نوشکی کے جلوس شامل ہونگے، کیم مارچ کو ضلع کچھی بولان، ضلع سبی، ضلع بارکھان، ضلع کوہلو کے جلوس کوئٹہ سے روانہ ہونے والے قافلے میں دن 12 بجے کو سبی کے مقام پر شامل ہونگے، کیم مارچ کو صبح 9 بجے خضدار سے روانہ ہونے والے قافلے میں ضلع خضدار، ضلع قلات، ضلع لسبیلہ، ضلع آواران، ضلع گوادر، ضلع تربت، ضلع پنجگور، ضلع خاران، ضلع واشک کے جلوس شامل ہونگے، کوئٹہ سے روانہ ہونے والے قافلے میں شامل اضلاع کے جلوس 28 فروری کو کوئٹہ پہنچیں گے اور رات کوئٹہ میں قیام کریں گے جسکی میزبانی ضلع کوئٹہ اور کوئٹہ سٹی کی تنظیم کریں گی خضدار سے روانہ ہونے والے قافلے میں شامل اضلاع کے جلوس 28 فروری کو خضدار پہنچیں گے اور خضدار میں رات کو قیام کریں گے جن کی میزبانی ضلع خضدار کی تنظیم کریگی، کیم مارچ کو ضلع نصیر آباد، ضلع جعفر آباد، ضلع جھل مگسی، ضلع صحبت پور ضلع ڈیرہ بگٹی کے جلوس دوپہر 3 بجے نصیر آباد پہنچنے پر مرکزی قافلے کے ساتھ شامل ہونگے، کیم مارچ کو سہ پہر 4 بجے پی پی پی بلوچستان کا قافلہ صوبائی صدر میر چنگیز خان جمالی کی سربراہی میں نصیر آباد سے براستہ جیکب آباد روانہ ہوگا اور شام کو 6 بجے سکھر پہنچے گا سکھر پہنچنے کے بعد پی پی پی بلوچستان کا قافلہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں جاری عوامی مارچ میں شامل ہوگا اور مرکزی روٹ پلان کے مطابق اسلام آباد کی جانب گامزن ہونگے۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

چھوٹی گاڑیوں کو راجے اور جودر سے تیل لے جانے کی اجازت دے کر ٹوکن سسٹم کی بجائے آزادانہ کام کرنے دیا جائے تاہم بہتر نظم وضبط قائم رکھنے کے لیے گاڑیوں کو نمبر وائز آنے جانے کی اجازت دی جائے۔ انہوں نے کور کمانڈر بلوچستان اور آئی جی ایف سی ساتھ بلوچستان سے درج بالا مطالبات پر سنجیدگی سے غور کرکے عملدرآمد کرنے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں ڈپٹی کمشنر سردار محمد رفیق ترین اور اسسٹنٹ کمشنر سردار عبدالمجید خان جوگیزئی کی نگرانی میں مسلم ایڈ پروجیکٹ کے آفیسران نے جانور بکرے اور بکریاں تقسیم کی۔ دوسو بکریاں تقسیم کی گئی۔ ہر متاثر کو دو دو جانور دئے گئے۔ اس موقع پر متاثرین زلزلہ زدگان سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سردار رفیق ترین اور اسسٹنٹ کمشنر سردار عبدالمجید خان جوگیزئی نے کہا کہ حکومت اور ضلعی انتظامیہ زلزلہ زدگان کی بحالی کے لئے کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی مختلف این جی اوز کی جانب سے متاثرین کی مالی مدد وانکی معیشت کی بہتری کے لئے دو دو جانور دیے جا رہے ہیں۔ امید ہے کہ ان زلزلہ زدگان کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہماری حتی الوسع کوشش ہے۔ کہ زلزلہ زدگان کی بحالی کے لئے تمام تر وسائل بروئے لاکران کی مالی مدد میں انکا ساتھ دیں۔ تاکہ وہ اپنے مکانات کی دوبارہ از سرنو تعمیر کرکے واپس اپنی زندگی کی طرف لوٹ آئیں۔ امید ہے کہ زلزلہ زدگان کو جانوروں کے پیکج سے مدد ملے گی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کے پی ایس سید امین شاہ مسلم ایڈ کے پروجیکٹ ڈائریکٹر نقیب اللہ کاکڑ و پروجیکٹ کے صوبائی آفیسر عدنان خان پروجیکٹ کے دیگر آفیسران کے ساتھ ساتھ متاثرین کی کی بھی تعداد موجود تھی جن میں دو دو جانوروں کے دو بکرا و بکری کی تقسیم کی گئی۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کس ڈپٹی ڈائریکٹر سکھر ڈویژن حضور بخش بھٹو، ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ سکھر محمد حاجی برڑو نے ڈائریکٹر جنرل بیورو آف اسٹیٹکس کراچی کی ہدایت پر بیورو آف اسٹیٹکس پلاننگ اینڈ ڈویلمپنٹ ڈپارٹمنٹ آف سندھ ڈویژنل آفس سکھر روہڑی کے دفتر میں شجرکاری مہم کا افتتاح کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا مقررین کا مزید کہنا تھا کہ اس وقت وفاقی وصوبائی حکومت کی بھی یہ ہی کوشش ہے کہ ملک بھر میں درخت لگانے کے سلسلے میں تیزی لائی جائے تاکہ ہمارے ملک میں بڑھتی ہوئی فضائی آلودگی کو روکا جاسکے اور ہر شخص کو صحت مند ماحول فراہم کیا جائے اس لئے ہم سب کی بھی ذمہ داری ہے کہ اپنے اپنے شہروں میں درخت لگانے کی مہم کو کامیاب بنانے کے لیے شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لےقبل ازیں مہمان گرامی نے پودے لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کیا اس موقع پر بیورو آف اسٹیٹکس پلاننگ اینڈ ڈویلمپنٹ ڈپارٹمنٹ آف سندھ کے ڈپٹی ڈائریکٹر سکھر ولی اللہ قاضی اسٹیٹیکل آفیسر روہڑی سکندر علی داہو ودیگر افسران بڑی تعداد میں موجود تھے

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں 80 روپے فی کلو دودھ فروخت کرنے والے النعیم ڈیری فارم کے خلاف مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ جیکب آباد شہر میں النعیم ڈیری فارم کے نام سے ایک جعلی دودھ فروش کم نرخ میں دودھ فروخت کرکے قیمتی انسانی جانوں سے کھیل رہا ہے اور النعیم ڈیری فارم کے نام سے عام صارفین کو گمراہ کررہا ہے النعیم ڈیری فارم کا دودھ مضر صحت اور انسانی جانوں کے لیئے نہایت ہی نقصان کار ہے۔ النعیم ڈیری فارم کا مالک دودھ فروخت کرکے لاکھوں روپے کما رہا ہے جس کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ النعیم ڈیری فارم کے نام سے دودھ فروخت کرنے والا ایک فراڈ اور دوکھا ہے جس نے فوڈ ڈپارٹمنٹ اور ضلع انتظامیہ کے کرپٹ افسران کو بھاری رشوت دیکر خاموش کرادیا ہے۔ جس کے خلاف کسی بھی قسم کی کاروائی نہیں کی جاتی اور یہ شخص عام شہریوں کو کم نرخ میں مضرصحت دودھ فروخت کرکے بے وقوف بنارہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ھم ڈیری فارم والے بھاری رقموں سے بھینس اور گائے خرید کر کے دودھ حاصل کرکے عوام کو صاف وشفاف دودھ سپلائی کرتے ہیں۔ ھم اپنے ڈیری فارم پر جانوروں کا دیکھ بھال کرتے ہیں اور انکی مہنگی خوراک وچارہ بمشکل سے گزارہ کرتے ہیں مگر النعیم ڈیری فارم والے کے پاس ایک بھی گائے یا بھینس نہیں ہے مگر وہ شخص مزدا گاڑی میں ہزاروں لیٹر دودھ کندہ کوٹ سے لیکر آتا ہے جو صرف مضرصحت کیمیکل اور پاوڈر سے بنا ہوا ہے جو انسانی جانوں کے لیئے بے انتہا نقصان کار ہے باشعور شہری النعیم ڈیری سے دودھ کی خریداری سے اجتناب کریں اپنی اور اپنے معصوم بچوں کی زندگی بچائیں ھم اعلی اختیارات سے مطالبہ کرتے ہیں کہ شہر میں النعیم ڈیری فارم کے نام سے مضرصحت دودھ فروخت کرنے والے کے خلاف سخت کاروائی کریں دیگر صورت میں ھم تمام ڈیری فارم مالکان اپنی بھینسوں کے ھمراہ قومی شاہراہ پر دھرنا دینگے۔

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سامنا کرنا پڑ رہا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر چیف سینٹری آفیسر بابو محمد سلیم بنگلزئی، معروف قانون دان محمد رشید ایڈووکیٹ بھی موجود تھے ایڈمنسٹریٹر و چیف آفیسر میونسپل کمیٹی حاجی غلام عباس بوہڑ نے کہا کہ محدود وسائل میں رہ کر بھی شہر گردونواح کی خوبصورتی کو بحال رکھنے کے علاوہ نکاسی آب ودیگر عوامی مسائل حل طلب ہے جس کے خاتمہ کیلئے وسائل میں رہ کر اقدامات اٹھائے جائیں گے میونسپل کمیٹی کے پاس فنڈز نہیں تاہم اپنی مدد آپ کے تحت شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کررہے ہیں ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے ملازمین تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر سراپا احتجاج ہے محکمہ فنانس سے جیسے ہی تنخواہوں کی مد میں فنڈز ملے گا ہم ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنائیں گے انہوں نے کہا کہ سی میونسپل کمیٹی کے فنڈز نہ ملنے کی وجہ سے ہمیں بھی کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ہماری کوشش ہے کہ محکمہ بلدیات ترجیح بنیاد پر ملازمین کو درپیش مسائل کا تدارک یقینی بنائیں گے کیونکہ ہمیں بھی اپنے ملازمین کی مشکلات کا احساس ہیں انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے ملازمین نے ہمیشہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر میونسپل کمیٹی کا مورال بلند کیا تمام ملازمین محکمہ بلدیات کا قیمتی سرمایہ ہیں ملازمین کو درپیش مسئلہ مسائل اور ان کی فلاح وبہبود کے لئے صوبائی حکومت وزیر بلدیات بلوچستان محکمہ بلدیات سیکرٹری بلدیات اپنا رول پلے کررہے ہیں۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نہیں لیا گیا بلدیاتی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت ہے متنازعہ حلقہ بندیوں کی ذمہ دار وفاقی اور صوبائی حکومتیں ہیں پرانی حلقہ بندیوں کے مطابق بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں انہوں نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ اور بلدیاتی نظام جمہوریت کی بنیاد ہے مگر افسوس کہ جمہوری حکومتوں کے دور میں اس پر توجہ نہیں دی گئی اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وطن عزیز میں ہر جمہوری حکومت اختیارات اور فنڈز کی نچلی سطح پر منتقلی کے خوف سے بلدیاتی نظام سے گریزاں رہتی ہے یا پہلے سے موجود نظام میں مزید بگاڑ پیدا کرکے اس کو مزید کمزور بنادیتی ہیں اور پھر سارا ملبہ الیکشن کمیشن پر ڈال کر اپنا دامن چھڑا لیتی ہے۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سبی کی خواتین سیکرٹری بانو ارباب کی قیادت میں ملنے والے ورکرز سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مرکزی کمیٹی کی ممبر شائلہ اسماعیل، ڈسٹرکٹ کوئٹہ کی خواتین سیکرٹری منورہ سلطانہ بلوچ سمیت دیگر خواتین ممبران بھی موجود تھیں قبل ازیں خواتین سیکرٹری سبی بانو ارباب نے بی این پی مینگل مرکزی کمیٹی کے ممبران کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ نومنتخب خواتین ممبران صوبے بھر کی خواتین کی نمائندگی کرتے ہوئے خواتین کو درپیش مسائل کو حل کرنے میں رول پلے کریں گے ملاقات کے موقع پر سبی میں خواتین یونٹ سازی، آئندہ کا لائحہ عمل سمیت خواتین کو ضلع سبی میں درپیش مسائل کے حوالے سے بھی آگہی فراہم کی گئی اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی و بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل کی مرکزی خواتین سیکرٹری شکیلہ نوید دھوار نے کہا کہ بی این پی مینگل خواتین ونگ صوبے بھر میں اپنا سیاسی جدوجہد بلاخوف وخطر جاری رکھے ہوئے ہیں بی این پی مینگل کے قائد مرکزی صدر سردار اختر جان مینگل کی قیادت میں بی این پی مینگل عوام کے حقوق کی ترجمانی کررہی ہیں بلوچستان کے معاشرے میں خواتین کی عزت احترام کو درجہ رکھتی ہیں بلوچستان کی ترقی اور سیاسی میدان میں خواتین کا کردار کسی سے پوشیدہ نہیں آج سیاسی میدان میں خواتین صوبے بھر کی نمائندگی کرتی نظر آرہی ہیں بی این پی مینگل خواتین کی فلاح وبہبود ان کو درپیش مسئلہ مسائل کے تدارک کے لئے نہ صرف بلوچستان بلکہ قومی اسمبلی سمیت سینٹ میں بھی اپنی آواز بلند کرتی نظر آتی ہیں انہوں نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں خواتین کی اہمیت زیادہ ہے اب ہر علاقہ میں خواتین کو بھی سیاسی میدان میں اپنی صلاحیتوں کو استعمال میں لانے کے لئے بی این پی مینگل مواقع فراہم کرے گی انہوں نے خواتین ورکرز کو ہدایات دی کہ وہ سبی سمیت بلوچستان بھر میں خواتین کے مسائل کو اجاگر کریں بی این پی مینگل کا پیغام کونے کونے میں لے جاکر پارٹی کو مضبوط کرنے میں اپنا رول پلے کرے۔

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تعلیمی اداروں کی مشاورت کو ممکن بنائے پاکستان الائنس آف پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشنز پیپسا کے زیر اہتمام ملک بھر کی 80 سے زائد تنظیموں کی نیشنل ایجوکیشنل کانفرنس کا انعقاد لاہور کے ایک نجی ہوٹل میں ہوا، پیپسا کے چیئرمین شیخ محمد اکرم، سید طارق شاہ، عقیل رزاق، محمد نواز بندرانی، ڈاکٹر محمد افضل بابر، صاحبزادہ سجاد مسعود چشتی، چوہدری اقبال، خواجہ عبدالحنان، ملک عمران، ملک خالد محمود، محمد آصف بابر، ودیگر، پاکستان سے آئے ایسوسی ایشنز کے صدور نے شرکت کی، شیخ محمد اکرم چیئرمین PAPS نے کانفرنس کا اعلامیہ پڑھ کر سنایا، جس کے مطابق وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ پبلک سیکٹر میں جتنا خرچہ ایک بچے کی تعلیم پر ماہانہ آتا ہے اس کے برابر فیس وصول کرنے والے تعلیمی اداروں کو فلاحی ادارے قرار دیا جائے، بلوچستان کے لئے پرائیویٹ پبلشرز کو فوری طور پر این اوسی جاری کیا جائے، کرونا کے دوران نجی تعلیمی اداروں کے ہونے والے نقصان کی تلافی کی جائے آئے، کلاس ششم سے لے کر آٹھویں تک نصاب کی تیاری میں نجی تعلیمی شعبہ کو نمائندگی دی جائے، حکومت نجی تعلیمی اداروں کو اسٹیک ہولڈرز سمجھتے ہوئے پالیسی مرتب کرنے کے عمل میں شریک کرے، کنٹونمنٹ کے نجی تعلیمی اداروں میں تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھنے کے لیے حکومت مناسب قانون سازی کرے، ملک بھر کے تنظیم وکا اگلا اجلاس اسلام آباد میں طلب کرلیا گیا ہے۔

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عوام اب اس ظالم اور جابر حکمرانوں سے جان چھڑانا چاہتے ہیں۔ پیپلز پارٹی نے عوامی خواہشات کے عین مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے لانگ مارچ کا اعلان کیا ہے تاکہ عوام کو کمر توڑ مہنگائی سے نجات دلاکر نئے انتخابات کروائے جائیں تاکہ حقیقی جمہوریت کے ذریعے عوامی حکومت قائم کی جاسکے۔ پاکستان کے عوامی مسائل کا حل صرف پیپلز پارٹی کے پاس ہے پیپلز پارٹی نے جب بھی اقتدار سنبھالا ملک مشکلات کا شکار تھا تاہم اسکے باوجود پیپلز پارٹی نے عوام کو روزگار فراہم کیا اور ملک کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کیا ہے۔ انشاء اللہ ایک بار پھر پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں عوامی مینڈیٹ سے اپنی حکومت قائم کرے گی اور عوام کو مشکلات سے نجات دلائے گی اور انشاء اللہ بلوچستان کی عوام بھی ان نااہلی نالائق حکمرانوں کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف بدترین مہنگائی؟ بیروزگاری بدعنوانی اور بے حسی کے خلاف چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے ان کے شانہ بشانہ قدم سے قدم ملاکر اس ظالم نظام حکومت کو گرانے میں ہراول دستے کا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کیخلاف مظاہرین نے ضلع کچھی بولان ویئر ڈھاڈر کے مقام پر احتجاجا بند کردیا جس کی وجہ سے کوئٹہ سے سندھ جانے والی شاہراہ ٹریفک کیلئے بند ہوگئی سندھ بلوچستان نیشنل ہائی وے ڈھاڈر کے مقام پر سینکڑوں افراد نے احتجاج کیا مظاہرین نے غیر معینہ مدت کے لیئے سندھ بلوچستان قومی شاہراہ بند کرکے اعوان برادری وعلاقہ ضلع بھر سے تعلق رکھنے والے افراد نے سندھ بلوچستان نیشنل ہائی وے پر دھرنا دیا مظاہرین نے سانحہ اعوان گوٹھ میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ جب تک سانحہ اعوان گوٹھ کیقاتلوں کو گرفتار نہیں کیا جاتا تب تک نیشنل ہائی وے بندرہیگی ضلع کچھی میں 12 نومبر کو فائرنگ کرکے اعوان برادری سے تعلق رکھنے والے 5 افراد کو قتل کیا گیا تھا۔

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کس انسانیت کی خدمت کا جذبہ سے سرشار لوگوں کے علاج معالجے میں مصروف عمل ہیں بلاتفریق رنگ ونسل نامساعد حالات ہو یا طوفان بارش سردی گرمی شہر یا گاوں دور دراز علاقوں میں اکو پیرامیڈکس خدمات کرتا نظر ائیگا جبکہ صدر کریم جان ملازئی جنرل سیکرٹری حاجی زمرد علی درکزئی سابقہ صدر آل ملازمین اتحاد خاران کے صدر داد محمد قمبرانی ضیا جان مسکانزئی ثنا اللہ عیسی زئی عطا اللہ دہانی اور سعید احمد نے بھی شرکا سے خطاب اس دوران ڈاکٹر شیر احمد بلوچ ودیگر نے پیرامیڈکس عالمی دن کے مناسبت سے کیک بھی کاٹا گیا۔

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54400-1278278-7 بنام فیصل شاہ ولد محمد اشرف جو گوالمنڈی چوک کے قریب کہیں گم ہوگیا ہے ملنے کی صورت میں رابطہ کرے۔ 03136544701
المشتہر:۔ فیصل شاہ ولد محمد اشرف

پولیس

ریلوے اسٹیشن:---------9201490
کینٹ پولیس اسٹیشن:-------9201087
بجلی روڈ پولیس اسٹیشن:-------9202042
سٹی پولیس اسٹیشن:-------9201250
گوالمنڈی پولیس اسٹیشن:-------1217
پشتون آباد پولیس اسٹیشن:-----2664040
قائدآباد پولیس اسٹیشن:-------9202218
انڈسٹریل پولیس اسٹیشن:-----92111050
پولیس لائن:-----------9201435
کچلاک پولیس اسٹیشن:-------2890234
سریاب پولیس اسٹیشن:-------9211080
بروری پولیس اسٹیشن:-------2853610
نیو سریاب پولیس اسٹیشن:-----2892033
شالکوٹ پولیس اسٹیشن:-------2460190
ایمرجنسی سینٹر:---------15
ایمرجنسی سینٹر (A):--------9202555
ایمرجنسی سینٹر (B):--------9202777
سول لائن پولیس اسٹیشن:-----9202730
کرائمز برانچ:----------9201418
صدر پولیس اسٹیشن:--------9201435
ٹریفک ایمرجنسی:---------9201991
سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس اسٹیشن:--9211707
سی آئی اے:-----------9202253
ایئرپورٹ پولیس اسٹیشن:-----2880387

بجلی

مرکزی شکایات سینٹر:--------18
کوئٹہ سٹی ڈویژن:---------9202027
ریونیو آفس سریاب:---------9211341
سب ڈویژن کرانی:---------2442834
کچلاک سب ڈویژن:---------2890075
گوالمنڈی سب ڈویژن:--------2869001
لیاقت بازار شکایت آفس:------9201459
بروری سب ڈویژن:---------2828400
زرغون آفس:-----------2823403
سپرنٹنڈنٹ انجینئر کوئٹہ:-----9202003

پی آئی اے

انکوائری:-----------117
ایکس چینج:----------9201993/9202632
ریزرویشن:----------9201066
ایئرپورٹ انکوائری:--------114
ٹیلیکس چینج:---------9203873
ایئرپورٹ ایکسچینج:-------2880213/6
شیڈیک:------------2880028

ٹیلیفون

ہیلپ لائن:-----------1236
شکایات:------------1218
بلنگ ہیلپ لائن:---------1200

ہسپتال

ایدھی سینٹر:----------2830861115
عمر فاؤنڈیشن:----------2837296
سول ہسپتال ایمبولینس:------9202017
سول ہسپتال ایکس چینج:------9202017
کرسچن ہسپتال:---------2842697
وفاقی میڈیکل سینٹر:-------9211636
ہیلپر آئی ہسپتال:--------9211087
ریلوے ہسپتال:---------9211078
لیڈی ڈفرن ہسپتال:--------2836532
فاطمہ جناح ٹی بی سینیٹوریم:---2853618
چلڈرن ہسپتال:---------2823705/11
مائیلو شہید ٹرسٹ:--------2824875/2828383
پاکستان جنرل ہسپتال:-------2842043/2842229
جیلانی ہسپتال:---------2447183
ایل آر بی ٹی:----------2850362
شعبہ حادثات سول ہسپتال/ایمرجنسی:--137
بی ایم سی:-----------2823618/2830553
فوجی فاؤنڈیشن میڈیکل سینٹر:--2664461

فائر بریگیڈ

سٹی فائر بریگیڈ:---------2841118/920264
سرکلر روڈ:-----------9201066/16
کنٹونمنٹ بورڈ:---------9201629

واسا شکایات

ایکسین:------------9211612
سب آفس مالی باغ:--------9202299
کواری روڈ:-----------9202846
ایوب اسٹیڈیم:----------9202708

صحافت شوبز

معروف بھارتی ڈرامہ 'کیونکہ ساس بھی کبھی بہوتھی' کی ایک بار پھر واپسی

پرومو کی صرف ایک جھلک دیکھ کر تمام پرانی یادیں تازہ ہو گئیں

کراچی (ویب ڈیسک) معروف بھارتی ٹی وی ڈرامہ کیوں کہ ساس بھی کبھی بہوتھی ایک بار پھر چھوٹی اسکرین پر واپسی کر رہا ہے۔ حال ہی میں، ایکتا کپور نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شو کی پروموویڈیو شیئر کی۔ ایکتا کپور نے اپنی پوسٹ کے کیپشن میں لکھا کہ اس پرومو کی صرف ایک جھلک دیکھ کر تمام پرانی یادیں تازہ ہوگئیں۔ انہوں نے کہا کہ آج جب میں پیچھے مڑکر دیکھتی ہوں تو مجھے ہرلحہ یاد آتا ہے جس نے اس شو کو سب سے زیادہ پسند کیا جانے والا سیریل بنا دیا۔ ایکتا کپور نے سوشل میڈیا صارفین کو خوشخبری دیتے ہوئے کہا کہ اسی محبت کے ساتھ دوبارہ اس سفر میں شامل ہوں۔ معروف بھارتی ٹی وی ڈرامہ کیوں کہ ساس بھی کبھی بہوتھی ایک بار پھر چھوٹی اسکرین پر واپسی کر رہا ہے۔ حال ہی میں، ایکتا کپور نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شو کی پروموویڈیو شیئر کی۔ ایکتا کپور نے اپنی پوسٹ کے کیپشن میں لکھا کہ اس پرومو کی صرف ایک جھلک دیکھ کر تمام پرانی یادیں تازہ ہو گئیں۔ انہوں نے کہا کہ آج جب میں پیچھے مڑکر دیکھتی ہوں تو مجھے ہرلحہ یاد آتا ہے جس نے اس شو کو سب سے زیادہ پسند کیا جانے والا سیریل بنا دیا۔ ایکتا کپور نے سوشل میڈیا صارفین کو خوشخبری دیتے ہوئے کہا کہ اسی محبت کے ساتھ دوبارہ اس سفر میں شامل ہوں۔ معروف بھارتی ٹی وی ڈرامہ کیوں کہ ساس بھی کبھی بہوتھی ایک بار پھر چھوٹی اسکرین پر واپسی کر رہا ہے۔ حال ہی میں، ایکتا کپور نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شو کی پروموویڈیو شیئر کی۔ ایکتا کپور نے اپنی پوسٹ کے کیپشن میں لکھا کہ اس پرومو کی صرف ایک جھلک دیکھ کر تمام پرانی یادیں تازہ ہو گئیں۔ انہوں نے کہا کہ آج جب میں پیچھے مڑکر دیکھتی ہوں تو مجھے ہرلحہ یاد آتا ہے۔

محسن عباس کا دوبارہ شادی نہ کرنے کا فیصلہ

اگر کوئی خاتون میری زندگی کا حصہ بننا چاہے گی تو وہ میری ماں، بہن یا بیٹی بن سکتی ہے، اداکار

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار، میزبان وگلوکار محسن عباس حیدر نے کہا ہے کہ وہ اب محبت اور شادی کے رشتے میں نہیں بندھیں گے۔ سوشل میڈیا پر جاری کیے گئے پیغام میں محسن عباس حیدر نے کہا کہ میرے پاس محبت یا ہوں۔ پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار، میزبان وگلوکار محسن عباس حیدر نے کہا ہے کہ وہ اب محبت اور شادی کے رشتے میں نہیں بندھیں گے۔ سوشل میڈیا پر جاری کیے گئے پیغام میں محسن عباس حیدر نے کہا کہ میرے پاس محبت یا شادی کے [illegible]



[illegible]

قندیل بلوچ کیس، مرکزی ملزم وسیم کی رہائی پر عثمان خالد بٹ برہم

کراچی (ویب ڈیسک) اداکار عثمان خالد بٹ نے قندیل بلوچ قتل کیس کے مرکزی ملزم وسیم کے بری کرنے کے عدالتی فیصلے پر سوال اٹھا دیا۔ قندیل بلوچ قتل کیس کے فیصلے پر عثمان خالد بٹ نے ردعمل میں ٹوئٹر پر سلسلہ وار ٹوئٹس میں مطالبہ کیا کہ عدالتی حکم کو عام کیا جائے تا کہ ہمیں معلوم ہو سکے کہ وسیم نے عمر قید کی اپیل کیسے جیتی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جب ملزم اپنے جرم کا اعتراف کر چکا ہے تو اسے رہا کرنے کی کیا تک ہے؟ کیا کوئی مجھے سمجھا سکتا ہے؟۔ اداکار نے لکھا کہ ہم اس وقت ایک اعلیٰ سطحی اور نا قابل یقین حد تک سفا کانہ قتل کے مقدمے کے اختتامی مراحل میں ہیں، اس مرحلے میں ایسا فیصلہ آنا انصاف کے نظام پر سوالیہ نشان لگاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پہلی بار نہیں ہوا کہ گھناؤنے جرائم کی سزا میں کمی یا اسے ختم کیا گیا ہو، ہمارے عدالتی نظام میں ایسی خامیاں اب بھی کیوں موجود ہیں جن کے تحت قاتل آخر میں آزاد گھوم پھر سکتے ہیں۔؟

خواتین کے عالمی ڈے کے موقع پر ملک بھر میں خواتین کے روپ سکپنگ کے نمائشی میچز منعقد کروانے کا اعلان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان روپ سکپنگ فیڈریشن نے 8 مارچ کو خواتین کے عالمی ڈے کے موقع پر ملک بھر میں خواتین کے روپ سکپنگ کے نمائشی میچز منعقد کروانے کا اعلان کر دیا ہے۔ گذشتہ روز پاکستان روپ سکپنگ فیڈریشن (خواتین ونگ) کی صدر رامہ لیلی نے بتایا کہ نمائشی میچز منعقد کروانے کی فیڈریشن نے منسلک تمام متعلقہ اداروں، صوبائی اور ریجنل ایسوسی ایشنز کو ہدایات جاری کر دی ہیں کہ وہ اپنے، اپنے علاقوں میں [illegible]

اداکارہ عالیہ بھٹ کا کرن اور سونم کے سامنے رنبیر کا دفاع

[illegible]

عامر خان کی فلم لال سنگھ چڈھا کی ریلیز ایک بار پھر ملتوی

آفیشل انسٹاگرام اکاؤنٹ پر فلم کی ریلیز ملتوی کرنے کا اعلان کرتے ہوئے وجہ بتائی گئی

ممبئی (ویب ڈیسک) بالی ووڈ کے مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان اور کرینہ کپور کی آنے والی فلم لال سنگھ چڈھا کی ریلیز ملتوی کر دی گئی۔ عامر خان اور کرینہ کپور کی فلم لال سنگھ چڈھا ہالی ووڈ فلم فوریسٹ گمپ کا ہندی ریلیز ملتوی کر دی گئی۔ عامر خان پروڈکشن ہاس کے آفیشل انسٹاگرام اکاؤنٹ پر فلم کی ریلیز ملتوی کرنے کا اعلان کرتے ہوئے وجہ بتائی گئی کہ فلم مقررہ وقت پر مکمل نہیں کی جاسکی جس کی وجہ سے یہ فلم 14 اپریل کے

ری میک ہے۔ یہ 2022 میں سب سے زیادہ انتظار کی جانے والی فلموں میں سے ایک ہے۔ فلم رواں سال 14 اپریل کو ریلیز ہونی تھی لیکن فلم کی بجائے اب 11 اگست 2022 کو دنیا بھر میں ریلیز کی جائے گی۔ فلم رواں سال 14 اپریل کو ریلیز ہونی تھی لیکن فلم کی ریلیز ملتوی کر دی گئی۔

حجاب تنازع، فیروز خان بھارتیوں پر برس پڑے

جب ایمان کو تھامنا جلتے ہوئے کوئلے کو تھامے رکھنے کے ترادف ہے، اداکار

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار فیروز خان نے بھارت میں جاری حجاب تنازع پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے سرکاری اسکول میں مسلم خاتون ٹیچر اور طالبات کو برقع اور حجاب کے ساتھ اسکول میں داخل نہیں ہونے دیا گیا۔ طالبات اور خاتون ٹیچر نے سکول کے باہر سڑک



سوشل میڈیا پر پیغام جاری کیا ہے۔ فیروز خان نے انسٹاگرام کی اسٹوری میں وہ ویڈیو شیئر کی جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ بھارتی ریاست کرناٹک کے ایک پر کھڑے ہو کر حجاب اور برقع اتارا جس کے بعد انہیں اسکول میں داخل ہونے دیا۔ فیروز خان نے اپنی انسٹا اسٹوری میں کہا کہ شرم آنی چاہیے۔

سونیا حسین کا والدین کے لیے گھر کا تحفہ

کراچی (ویب ڈیسک) اداکارہ سونیا حسین نے اپنے والدین کو گھر کا تحفہ دے کر مداحوں کے دل جیت لیے۔ اداکارہ نے انسٹاگرام پر 4 منٹ کی ایک ویڈیو شیئر کی جس میں سونیا کو نیا گھر خریدنے کی خوشخبری والدین کو سناتے دیکھا جا سکتا ہے۔ سونیا حسین والدین کو یہ خوشخبری سنانے مٹھائی کے ڈبے لے کر پہنچتی ہیں، والدین کا سونیا کی جانب سے سنائی جانے والی خوشخبری پر ردعمل نے مداحوں کے دل پگھلا دیئے۔ انسٹاگرام پر اپنے فالوورز کے ساتھ یہ خوشخبری شیئر کرنے والی سونیا نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ ہر اولاد کا بچپن سے صرف ایک خواب ہوتا ہے کہ ماں باپ کے لیے کچھ کرے، اور نہ سہی مگر ایک چھوٹا سا گھر ضرور بنائے، وہ گھر جسے وہ دل سے اپنا کہہ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آج میری زندگی کا سب سے بڑا خواب پورا ہوا، الحمدللہ میرے ابو امی کا گھر یہ ہے۔ انسٹاگرام پر اپنے فالوورز کے ساتھ یہ خوشخبری شیئر کرنے والی سونیا نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ ہر اولاد کا بچپن سے صرف ایک خواب ہوتا ہے کہ ماں باپ کے لیے کچھ کرے۔

سائنس فکشن فلم پروجیکٹ جیمینائی کا ٹریلر جاری، فلم 15 مارچ کو ریلیز ہوگی

لاس اینجلس (ویب ڈیسک) ہالی ووڈ سائنس فکشن مووی پروجیکٹ جیمینائی کا ٹریلر جاری کر دیا گیا۔ فلم پندرہ مارچ کو ریلیز کی جائے گی۔ روسی ہارر مووی پروجیکٹ جیمنی میں دکھایا گیا ہے کہ زمین کے وسائل کو تباہ کرنے کے صدیوں بعد، نوع انسانی کو اس سنگین حقیقت کا سامنا ہے کہ اس کی بقا کے آخری شاٹ کے لیے بیرونی خلا میں ایک بالکل نیا گھر بنانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ایک مناسب نئے سیارے کو تلاش کرنے کے لیے ایک بین الاقوامی مہم تیزی سے تشکیل دی جاتی ہے لیکن جب منصوبے خراب ہو جاتے ہیں تو عملہ اچانک ایک عجیب سیارے پر بغیر طاقت کے پھنس جاتا ہے۔ بیرونی خلا میں موجود عملے کے ساتھ یہ پتہ چلا کہ وہ اکیلے نہیں ہیں۔ اس میں کچھ ایلین وائبس ہیں۔

ٹوکیو اولمپکس میں ویمن سنگلز میں پاکستان کی ٹاپ سیڈ کھلاڑی ماحور شہزاد کی منگنی ہوگئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) ٹوکیو اولمپکس میں ویمن سنگلز میں پاکستان کی ٹاپ سیڈ کھلاڑی ماحور شہزاد کی منگنی ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق ماحور شہزاد کا رشتہ میجر فیضان عالم کے ساتھ طے ہوا ہے جس کے بعد گزشتہ روز ان کی منگنی کی تقریب ہوئی۔ ماحور شہزاد کی منگنی کی تقریب کراچی میں منعقد ہوئی جس میں قریبی عزیز و اقارب سمیت دوست احباب نے شرکت کی۔ اس حوالے سے ماحور شہزاد نے بتایا کہ شادی کی تاریخ کا ابھی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے اپنے کھیل سے متعلق کہا کہ اپنا کھیل جاری رکھوں گی۔ ٹوکیو اولمپکس میں ویمن سنگلز میں پاکستان کی ٹاپ سیڈ کھلاڑی ماحور شہزاد کی منگنی ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق ماحور شہزاد کا رشتہ میجر فیضان عالم کے ساتھ طے ہوا ہے جس کے بعد گزشتہ روز ان کی منگنی کی تقریب ہوئی۔

بھارتی گلوکار وموسیقار بپی لہری 69 برس کی عمر میں چل بسے

فلم ڈسکو ڈانسر اور نمک حلال وغیرہ کے گانے شامل ہیں

ممبئی (ویب ڈیسک) بالی ووڈ کے نامور گلوکار وموسیقار بپی لہری 69 برس کی عمر میں چل بسے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بپی لہری گزشتہ ایک ماہ سے صحت کے مختلف مسائل کی وجہ سے ہسپتال میں زیر علاج تھے، تاہم انہیں پیر کے روز ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا تھا۔ منگل والے دن بپی لہری کی طبیعت ایک بار پھر خراب ہوگئی اور انہیں دوبارہ ہسپتال لے جایا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہو سکے اور گزشتہ رات انہوں نے ممبئی کے ہسپتال میں اپنی زندگی کی آخری سانس لی۔ ممبئی کے کریٹی کیئر ہسپتال کے ڈائریکٹر ڈاکٹر دیپک نام جوشی کے مطابق بپی لہری کو صحت کے متعدد مسائل تھے۔ ان کی موت او ایس اے (اوبسٹرکٹیو سلیپ اپنیا) کی وجہ سے آدھی رات سے کچھ پہلے ہوئی۔ بپی لہری بھارتی میوزک انڈسٹری کا ایک بڑا نام تھے اور بھارتی فلمی موسیقی کی دنیا کی سب سے با اثر شخصیات میں سے ایک تھے۔ انہیں 80 اور 90 کی دہائی کے بالی ووڈ ڈسکو کا علمبردار بھی کہا جاتا ہے۔ بپی لہری نے اپنے کیریئر میں کئی سپر ہٹ گانے دیئے جن میں فلم ڈسکو ڈانسر اور نمک حلال وغیرہ کے گانے شامل ہیں۔

کریتی سینن کی بہن کو کیریئر کے آغاز پر ہی نوازالدین صدیقی کیساتھ کام کا موقع مل گیا

اپنے اندر کی آواز کو سنیں، اونچی اڑان بھریں، اپنے اردگرد ہونے والی ہر چیز کا جائزہ لیں، اداکارہ

ممبئی (ویب ڈیسک) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ کریتی سینن بہن نور پور سینن کو اداکار نوازالدین صدیقی کے ساتھ کام کرنے کا موقع ملنے پر بے حد خوش ہیں۔ کریتی سینن نے انسٹاگرام پر اپنی چھوٹی موقع ملنے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنی پوسٹ کے کیپشن میں بہن کو مخاطب کرتے ہوئے لکھا کہ نور پور، آپ کے لئے بہت خوش ہوں! انہوں نے لکھا کہ یہ ان کی بہن کے لیے ایک نئے باب اور



بہن نور پور سینن کی نئی فلم نورانی چہرہ کا پوسٹر شیئر کیا ہے۔ انہوں نے اپنی بہن نور پور سینن کو کیریئر کے آغاز کے کچھ عرصے بعد ہی نوازالدین صدیقی جیسے باصلاحیت اور سینئر اداکار کے ساتھ کام کرنے کا ایک نئے سفر کا آغاز ہے۔ کریتی نے اپنی بہن کو مشورہ دیتے ہوئے لکھا کہ اپنے اندر کی آواز کو سنیں اور اونچی اڑان بھریں اور اپنے اردگرد ہونے والی ہر چیز کا جائزہ لیں اور اس سے سیکھیں۔

ڈزنی ورلڈ ویکسین شدہ افراد کو بغیر ماسک کے انٹری دینے کیلئے تیار

اسکائی گونڈولا پر 2 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچوں کے لیے ابھی بھی فیس ماسک پہننا ضروری ہوگا

لندن (ویب ڈیسک) والٹ ڈزنی ورلڈ ویکسین شدہ افراد کو ماسک کے بغیر انٹری دینے کی اجازت دینے کے لیے تیار ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مطابق اس ہفتے سے، فلوریڈا میں موجود والٹ ڈزنی ورلڈ کی انتظامیہ نے ویکسین شدہ افراد کو ماسک کے بغیر انٹری کی اجازت دینے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ تھیم پارک ریزورٹ نے منگل کو اعلان کیا کہ ایک استثنا کے ساتھ، تمام اندرونی اور بیرونی مقامات پر مکمل طور پر ویکسین شدہ افراد کو ماسک کے بغیر پارک میں انٹری کی اجازت ہوگی۔ پارک کی انتظامیہ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ پارک کے بند مقامات پر نقل وحمل کے دوران، جیسے کہ ریزورٹ کی مونوریل، بسیں اور ریزورٹ کے اسکائی گونڈولا پر 2 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچوں کے لیے ابھی بھی فیس ماسک پہننا ضروری ہوگا۔ ڈزنی ورلڈ کے عہدیداروں نے ریسارٹ کی ویب سائٹ پر بتایا کہ ماسک پالیسی میں تبدیلی جمعرات سے نافذ ہوگی۔ ڈزنی ورلڈ کے عہدیداروں نے ریسارٹ کی ویب سائٹ پر بتایا کہ ماسک پالیسی میں تبدیلی جمعرات سے نافذ ہوگی۔

SPORTS

صحافت سپورٹس

بڑی امید ہے ٹرافی لاہور قلندرز کی ہوگی، فینز دعا کریں، کامران غلام

فخر زمان کے ساتھ بیٹنگ کرنا بہت آسان ہوتا ہے، وہ جارحانہ انداز میں کھیلنا پسند کرتے ہیں، انٹرویو

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان سپر لیگ کی ٹیم لاہور قلندرز کے آل راؤنڈر کامران غلام نے کہا ہے کہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ صرف مار دھاڑ کا نام نہیں ہوتی، دنیا کے ورلڈ کلاس بیٹرز بھی ٹی ٹوئنٹی میں سنبھل کر کھیلتے ہیں۔ ایک انٹرویو میں کامران غلام نے کہا کہ پاکستان ٹیم اسی لیے ہے کہ جو اچھا پرفارم کرے اسے موقع بھی ملے، اگر میں اچھا کھیلتا ہوں تو پھر میں بھی قومی ٹیم میں موقع ملنے کا منتظر ہوں گا، میرا یہی ٹارگٹ ہے کہ جب بھی جہاں موقع ملے اچھا کھیلوں اور قومی ٹیم میں مجھے موقع ملے۔ کامران غلام نے کہا کہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ صرف مار دھاڑ کا نام نہیں اس میں بھی صورتحال کے مطابق کھیلنا پڑتا ہے، بابر اعظم، جو روٹ، ویرات کوہلی اور کین ولیمسن جیسے ورلڈ کلاس کھلاڑی جب ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں کھیلتے ہیں تو صورتحال کے مطابق کھیلتے ہیں کیونکہ منہ اٹھا کر مار دھاڑ کرنے والا ہی صرف ٹی ٹوئنٹی کا کھلاڑی نہیں ہوتا، اس میں بھی سنبھل کر کھیلنا پڑتا ہے۔ بیٹر کامران غلام کے مطابق محمد حفیظ، فخر زمان اور شاہین شاہ آفریدی جیسے سینئر کھلاڑیوں کی موجودگی کا فائدہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فخر زمان کے ساتھ بیٹنگ کرنا بہت آسان ہوتا ہے، وہ جارحانہ انداز میں کھیلنا پسند کرتے ہیں۔ کامران غلام نے کہا کہ محمد حفیظ سے بہت سیکھنے کا موقع ملتا ہے جب کہ شاہین آفریدی بہت ہی اچھے کپتان ہیں ان جیسے فائٹر کپتان کی ضرورت ہوتی ہے، شاہین آفریدی سپورٹ کرتے ہیں اور بیک کرتے ہیں، پھر نتیجہ سب کے سامنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور قلندرز ٹیم لاہور کی ہے تو سپورٹ تو ملے گی، مجھے بڑی امید ہے کہ ٹرافی لاہور قلندرز کی ہوگی، ہم محنت کر رہے ہیں، فینز ٹیم کیلئے دعا کریں، ٹیم اس وقت پی ایس ایل میں بہت اچھی جا رہی ہے، سب 100 فیصد کھیل پیش کر رہے ہیں۔ کامران غلام نے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ میں بہترین کھلاڑی کا اعزاز حاصل کیا پھر لاہور قلندرز نے مجھ پر اعتماد کیا، قلندرز کے اعتماد پر پورا اتروں گا، جتنا ہو سکا پرفارم کروں گا۔ کیونکہ منہ اٹھا کر مار دھاڑ کرنے والا ہی صرف ٹی ٹوئنٹی کا کھلاڑی نہیں ہوتا، اس میں بھی سنبھل کر کھیلنا پڑتا ہے۔ بیٹر کامران غلام کے مطابق محمد حفیظ، فخر زمان اور شاہین شاہ آفریدی جیسے سینئر کھلاڑیوں کی موجودگی کا فائدہ ہوتا ہے۔



آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر مائیکل نیسر دورہ پاکستان سے باہر

سڈنی (ویب ڈیسک) آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر مائیکل نیسر دورہ پاکستان سے باہر ہوگئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مائیکل نیسر سائیڈ اسٹرین کی اسکین رپورٹ آنے کے بعد دورہ پاکستان سے باہر ہوئے۔ کرکٹ آسٹریلیا نے مائیکل نیسر کی سائیڈ اسٹرین انجری کی تصدیق کی جس کے بعد فاسٹ بولر مارک اسٹیکٹی کو نیسر کی جگہ اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق برینڈن ڈوگٹ بھی بطور بیک اپ کھلاڑی آسٹریلین اسکواڈ میں شامل ہیں۔ خیال رہے کہ مائیکل نیسر کوئنز لینڈ کی جانب سے کھیلتے ہوئے نیو ساؤتھ ویلز کے خلاف میچ میں فٹنس مسائل سے دوچار ہوئے اور ان کی فی الحال کرکٹ میں واپسی کے بارے میں نہیں بتایا گیا۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق برینڈن ڈوگٹ بھی بطور بیک اپ کھلاڑی آسٹریلین اسکواڈ میں شامل ہیں۔ خیال رہے کہ مائیکل نیسر کوئنز لینڈ کی جانب سے کھیلتے ہوئے نیو ساؤتھ ویلز کے خلاف میچ میں فٹنس مسائل سے دوچار ہوئے اور ان کی فی الحال کرکٹ میں واپسی کے بارے میں نہیں بتایا گیا۔



بابر اعظم کا کینسر کے مرض سے لڑنے والے تمام بچوں کی ہمت کو سلام

بارے میں آگاہی کو بڑھائیں کیونکہ مرض کی ابتدائی تشخیص اور علاج سے زندگی بچنے کا بہتر موقع ملتا ہے

لاہور (ویب ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے بچوں کے کینسر کے عالمی دن کے موقع پر کینسر کے مرض سے لڑنے والے تمام بچوں کی ہمت کو سلام پیش کیا ہے۔ بابر اعظم نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر گزشتہ روز اپنی ایک ویڈیو شیئر کی ہے۔ اس ویڈیو میں بابر اعظم کو لوگوں میں بچوں کے کینسر اور اس کی وقت پر تشخیص اور علاج کے حوالے سے آگاہی بڑھانے کے لیے عہد کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ انہوں نے یہ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ بچوں کے کینسر کے اس عالمی دن پر وہ ان تمام بچوں کو سلام پیش کرتے ہیں جو کہ کینسر کے علاج سے گزر رہے ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ آیئے اس کے بارے میں آگاہی کو بڑھائیں کیونکہ مرض کی ابتدائی تشخیص اور علاج سے زندگی بچنے کا بہتر موقع ملتا ہے۔ قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے بچوں کے کینسر کے عالمی دن کے موقع پر کینسر کے مرض سے لڑنے والے تمام بچوں کی ہمت کو سلام پیش کیا ہے۔ بابر اعظم نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر گزشتہ روز اپنی ایک ویڈیو شیئر کی ہے۔ اس ویڈیو میں بابر اعظم کو لوگوں میں بچوں کے کینسر اور اس کی وقت پر تشخیص اور علاج کے حوالے سے آگاہی بڑھانے کے لیے عہد کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ انہوں نے یہ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ بچوں کے کینسر کے اس عالمی دن پر وہ ان تمام بچوں کو سلام پیش کرتے ہیں جو کہ کینسر کے علاج سے گزر رہے ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ آیئے اس کے بارے میں آگاہی کو بڑھائیں کیونکہ مرض کی ابتدائی تشخیص اور علاج سے زندگی بچنے کا بہتر موقع ملتا ہے۔ قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے بچوں کے کینسر کے عالمی دن کے موقع پر کینسر کے مرض سے لڑنے والے تمام بچوں کی ہمت کو سلام پیش کیا ہے۔

سہیل تنویر اور بین کٹنگ میں تلخ کلامی، امپائر نے معاملہ رفع دفع کرایا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) قومی کرکٹر سہیل تنویر اور غیر ملکی کھلاڑی بین کٹنگ میں تلخ کلامی، امپائر نے معاملہ رفع دفع کرایا۔ تفصیلات کیمطابق پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کیساتویں ایڈیشن کے دوسرے مرحلے میں گزشتہ روز کھیلے گئے مقابلے میں پشاور زلمی نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو 24 رنز سے شکست دی۔ پشاور نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں پر 185 رنز بنائے تاہم زلمی کی اننگز میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے فاسٹ بولر سہیل تنویر اور زلمی کے بیٹر بین کٹنگ میں تلخ کلامی ہوئی۔ بین کٹنگ نے سہیل تنویر کے ایک اوور میں 4 چھکے لگائے اور پہلے نازیبا اشارہ کیا، پھر جملے کسے جس کے بعد دونوں کے درمیان بحث ہوئی تاہم فیلڈ پر موجود امپائر نے آکر معاملہ رفع دفع کرایا۔ واضح رہے کہ بین کٹنگ اور سہیل تنویر کے درمیان یہ جنگ 2018 میں کیریبئن پریمیئر لیگ کے دوران شروع ہوئی تھی۔

کرسٹیانو رونالڈو پر ایک خاتون نے جنسی زیادتی کا الزام عائد

لزبن (ویب ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ فٹبالر اور پرتگال کے کپتان کرسٹیانو رونالڈو پر ایک خاتون نے جنسی زیادتی کا الزام عائد کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کیتھرین میورگا نامی خاتون نے مانچسٹر یونائیٹڈ کی جانب سے کھیلنے والے فارورڈ پر الزام عائد کیا کہ رونالڈو نے لاس ویگاس کے ایک ہوٹل میں انہیں جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا۔ نیویارک پوسٹ کے مطابق لاس ویگاس پولیس کیس کی تحقیقات کر رہی ہے اور پولیس حکام کا اس حوالے سے کہنا ہے ہمارے پاس عالمی ایوارڈ یافتہ فٹبالر کو گرفتار کرنے کیلئے کافی شواہد موجود ہیں تاہم ایک اعلیٰ عہدیدار کی جانب سے پولیس کو رونالڈو کی گرفتاری سے روک دیا گیا۔

پشاور زلمی میں گوگل کے نام سے مشہور ہو رہا ہوں، محمد حارث

ڈومیسٹک کرکٹ کے نئے سیٹ اپ میں خیبر پختونخوا کے لیے کھیلتا رہا، گفتگو

لاہور (ویب ڈیسک) قومی کرکٹر محمد حارث نے کہا ہے کہ پشاور زلمی میں گوگل کے نام سے مشہور ہو رہا ہوں۔ ایک انٹرویو میں محمد حارث نے کہا کہ پہلے ٹیپ بال میں کرکٹ کھیلتا تھا، پھر 2014-15 میں پشاور میں ہارڈ بال کرکٹ اکیڈمی جوائن کی، عمر زیادہ ہونے کی وجہ سے انڈر 16 میں موقع نہیں ملا، پھر پشاور ڈسٹرکٹ کی جانب سے انڈر 19 میں موقع ملا تاہم پہلے دو سال پرفارم نہیں کر سکا اور مسترد ہو گیا، تیسرے سال پھر ڈسٹرکٹ کی طرف سے کھیلا اور پرفارم کر کے ریجن کے لیے کھیلا اور پھر وہاں ٹاپ کیا اور پاکستان کے لیے انڈر 19 ٹیم میں نام آیا۔ محمد حارث نے بتایا کہ سری لنکا کے ٹور پر گیا اور پھر جنوبی افریقا کے خلاف کھیلے تو اپنی ٹیم میں دوسرے نمبر پر آیا، وہاں سے ایشیا کپ کھیلنے سری لنکا چلے گئے اور پھر دوبارہ ورلڈ کپ کھیلنے کے لیے افریقا چلا گیا اور وہاں ٹاپ کر گیا۔ وکٹ کیپر بیٹر نے بتایا کہ ڈومیسٹک کرکٹ کے نئے سیٹ اپ میں خیبر پختونخوا کے لیے کھیلتا رہا۔ پی ایس ایل میں کھیلے گئے دو میچوں کی کارکردگی کے حوالے سے نوجوان وکٹ کیپر بیٹر نے کہا کہ اس کا کریڈٹ میں پوری زلمی ٹیم کو دیتا ہوں، اوپر سے لیکر نیچے تک سب نے مجھے بہت سپورٹ کیا۔ محمد حارث نے کہا کہ مجھے ایک پلان دے دیا گیا تھا کہ کھل کر کھیلو، جیسا ٹیم نے کہا تھا میں ویسا ہی کھیلا اور اللہ کے فضل سے کامیابی ملی۔

جو ہوا وہ اچھا نہیں تھا، ایسے واقعہ سے بچا جا سکتا تھا، سہیل تنویر کا بین کٹنگ سے تلخ کلامی پر ردعمل

گزشتہ روز میچ میں بین کٹنگ نے مجھے دو چھکے مارے اور اشارہ کیا

لاہور (ویب ڈیسک) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی نمائندگی کرنے والے سہیل تنویر نے گزشتہ روز کے میچ میں بین کٹنگ سے تلخ کلامی کے معاملے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ جو ہوا وہ اچھا نہیں تھا، ایسے واقعے سے بچا جا سکتا تھا۔ ایک بیان میں سہیل تنویر نے کہا کہ یہ معاملہ 2018 سے چلتا آ رہا ہے، چھکا پڑنے کے بعد جب میں نے آؤٹ کیا تھا تو اشارہ کیا، یہ غیر ارادی تھا اور مجھے برا لگا تھا۔ کرکٹر نے بتایا کہ اپنی اس حرکت پر انہوں نے اگلی صبح ناشتے کی میز پر بین کٹنگ سے معذرت کی تھی۔ سہیل تنویر نے گزشتہ روز پیش آئے واقعہ پر کہا کہ گزشتہ روز میچ میں بین کٹنگ نے مجھے دو چھکے مارے اور اشارہ کیا۔

ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پر بین کٹنگ اور سہیل تنویر پر جرمانہ عائد کر دیا گیا

تمام کھلاڑی نئی نسل کے لیے رول ماڈل ہیں اور ان رویہ سے نوجوان نسل کو غلط پیغام جاتا ہے

لاہور (ویب ڈیسک) قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے بائیسویں میچ میں پی ایس ایل کے ضابطہ اخلاق کے لیول ون کی خلاف ورزی کرنے پر پشاور زلمی کے بین کٹنگ اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے سہیل تنویر پر میچ فیس کا 15، 15 فیصد جرمانہ عائد کر دیا گیا ہے۔ دونوں کھلاڑی میچ کے دوران نامناسب اشارہ کرنے پر پی ایس ایل کے ضابطہ اخلاق کی شق 2.6 کی خلاف ورزی کے مرتکب پائے گئے ہیں۔ یہ واقعہ پشاور زلمی کی اننگز کے دوران اس وقت پیش آیا جب بین کٹنگ نے لگاتار تیسرا چھکا جڑنے کے بعد سہیل تنویر کو انگلی سے نامناسب اشارہ کیا۔ جواب میں سہیل تنویر نے بھی اسی اننگز کے آخری اوور کی پہلی گیند پر نسیم شاہ کی گیند پر بین کٹنگ کا کیچ پکڑنے کے بعد یہی اشارہ کیا۔ میچ ریفری علی نقوی کا کہنا ہے کہ اس قسم کے نامناسب اشاروں کی کھیل میں کوئی جگہ نہیں، تمام کھلاڑیوں کو اپنی آن اور آف دا فیلڈ ذمہ داریوں کو سمجھنے کی ضرورت ہے، یہ تمام کھلاڑی نئی نسل کے لیے رول ماڈل ہیں اور ان رویہ سے نوجوان نسل کو غلط پیغام جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے دوران بہترین میچز جاری ہیں تاہم اس دوران کھلاڑیوں کو اسپرٹ آف کرکٹ کا مکمل خیال رکھنے کی ضرورت ہے۔ دونوں کھلاڑیوں نے اپنی غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے میچ ریفری علی نقوی کی جانب سے عائد جرمانے کو قبول کیا ہے۔

فاسٹ بولر مارک سٹیکٹی آسٹریلیا کے سکواڈ میں شامل

لاہور (این این آئی) دورہ پاکستان کے لیے فاسٹ بولر مارک سٹیکٹی کو آسٹریلیا کے سکواڈ میں شامل کر لیا گیا۔ انہیں ان فٹ مائیکل نیسر کی جگہ اسکواڈ کا حصہ بنانے کی منظوری دی گئی ہے۔ کرکٹ آسٹریلیا کے مطابق مائیکل نیسر سائیڈ اسٹرین انجری کا شکار ہونے کی وجہ سے سیریز کے لیے دستیاب نہیں۔ آسٹریلوی ٹیم میں برینڈن ڈوگٹ کو بطور بیک اپ کھلاڑی اسکواڈ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ آسٹریلوی ٹیم 27 فروری کو راولپنڈی پہنچے گی۔ دورہ پاکستان کے لیے فاسٹ بولر مارک سٹیکٹی کو آسٹریلیا کے سکواڈ میں شامل کر لیا گیا۔ انہیں ان فٹ مائیکل نیسر کی جگہ اسکواڈ کا حصہ بنانے کی منظوری دی گئی ہے۔

بھارت کے موجودہ اور سابق کرکٹرز کا موسیقار و گلوکار بپی لہری کے انتقال پر افسوس کا اظہار

بپی لہری بھارت کی میوزک انڈسٹری کے آئیکون تھے، ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ہربھجن سنگھ، کوہلی

نئی دہلی (ویب ڈیسک) بھارت کے موجودہ اور سابق کرکٹرز نے موسیقار و گلوکار بپی لہری کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بھارتی ٹیم کے سابق کپتان ویرات کوہلی نے سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر کیے گئے پیغام میں کہا ہے کہ بپی لہری بھارت کی میوزک انڈسٹری کے آئیکون تھے، انہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ سابق بھارتی کرکٹر ہربھجن سنگھ نے ٹوئٹر پر جاری بیان میں کہا ہے کہ بپی لہری کی موت کا سن کر بہت دکھ ہوا، ان کے گانے ہمیشہ ہمارے ڈریسنگ روم چلتے تھے۔ ہربھجن سنگھ نے موسیقار و گلوکار بپی لہری کے انتقال پر ان کے اہل خانہ اور دوستوں سے تعزیت کی۔ بھارت کے سابق جارحانہ مزاج بیٹر یووراج سنگھ نے سماجی رابطے کی سائٹ پر اپنے پیغام میں کہا کہ لیجنڈ موسیقار بپی لہری کے انتقال کی خبر افسوسناک ہے، ان کی موسیقی کو ہر عمر کے لوگ پسند کرتے ہیں۔ خیال رہے کہ مایہ ناز بھارتی گلوکار و کمپوزر بپی لہری ممبئی کے کریٹی کیئر اسپتال میں 69 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ ان کے گانے ہمیشہ ہمارے ڈریسنگ روم چلتے تھے۔ ہربھجن سنگھ نے موسیقار و گلوکار بپی لہری کے انتقال پر ان کے اہل خانہ اور دوستوں سے تعزیت کی۔

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹن یارن شامل ہے جس کی پیداوار میں ہم پانچویں نمبر پر ہیں، اس کے بعد فیبرک میں ہم دوسرے نمبر پر ہیں، کاٹن کلاتھ میں بھی ہم دنیا میں دوسرے نمبر پر ہیں، ہماری برآمدات کی مصنوعات کی نوعیت بھی بہت محدود ہیں، ہمیں اپنی مصنوعات کی ورائٹی میں بہتری اور وسعت لانی چاہیے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد نے کہا کہ ہم اپنے سرمایہ کاروں کو بہتر مسابقتی ماحول دینے کیلئے کوشاں ہیں، پاکستان میں ٹیکسٹائل کا شعبہ بہتری کی جانب گامزن ہے، ٹیکسٹائل میں ہماری کارکردگی اچھی ہے، ٹیکسٹائل کے کم ویلیو ایڈڈ شعبے میں کاٹن یارن شامل ہے جس کی پیداوار میں ہم پانچویں نمبر پر ہیں، اس کے بعد فیبرک میں ہم دوسرے نمبر پر ہیں جبکہ کاٹن کلاتھ میں بھی ہم دنیا میں دوسرے نمبر پر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ویلیو ایڈڈ شعبے کی بات کریں تو ہوم ٹیکسٹائل جیسے بیڈ شیٹس جیسی اشیا میں ہم دنیا میں دوسرے نمبر ہیں، تولیہ بنانے میں دنیا میں پاکستان کا نمبر تیسرا ہے، ہوزیری مصنوعات میں پاکستان دنیا میں چھٹے نمبر پر ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کپڑے بنانے میں ہمارا نمبر 17 واں ہے، اس سے قبل اس شعبے میں ہمارا نمبر 19 تھا، اس سے قبل 20 تھا اور اس شعبے میں بہتری کرتے کرتے پاکستان 17 ویں نمبر پر آگیا ہے اور انشااللہ اس سال اس شعبے میں مزید بہتری آئے گی۔ مشیر تجارت نے کہا کہ یہ نمبرز ظاہر کرتے ہیں کہ ہماری سمت درست ہے اور ہماری معیشت صحیح راستے پر جارہی ہے۔

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہیں اور حکمرانوں نے پاکستان کے غریب عوام پر کوئی ترس نہیں ا رہا ہے خدارا حکمران ملک کی غریب عوام کا سوچیں غریب دو وقت کی روٹی پر مجبور ہے لیکن حکمران اور اپوزیشن سیاسی کشمکش میں مبتلا اور ملک کو معیشت کی دھانے پر پہنچا دیا ہے تعجب اس بات پر ہے کہ جب پیٹرول مہنگا کرنے کی سمری وزیر اعظم نے مسترد کر دیا لیکن رات کی اندھیرے میں پیٹرول کی 12 روپے فی لیٹر مہنگا ہونے کی نوٹفکیشن جاری ہوا یہ ملک اب ہمارے حکمران نہیں آئی ایم ایف کے اشاروں پر چل رہا ہے مرکزی تنظیم تاجران پاکستان نے پیٹرولیم مصنوعات مہنگا کرنے کی سمری مسترد کر دیا گیا اور حکومت سے مطالبہ کر دیا ہے کہ فوری طور پیٹرول مہنگا کرنے کی سمری واپس لیں ورنہ تاجر ملک بھر میں احتجاج شروع کریں گے پیٹرول کی مہنگائی سے ہر چیز کی قیمت دوگنی ہونگیں اور غریب عوام دو وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں۔ اپوزیشن اگر عوام کیلئے آواز اٹھاتی ہے تو سب سے پہلے پیٹرول مہنگا ہونے کی سمری ختم کرنے کیلئے حکومت پر دباؤ ڈالیں۔

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بوستان علی کشتمند، ضلعی صدر افتخار حسین، ہزارہ ایس ایف کے سیکرٹری مجتبیٰ حسین اور علی رضا ہزارہ موجود تھے بیان میں کہا گیا کہ غیر منصفانہ حلقہ بندیوں کے خلاف پارٹی نے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ورکن بلوچستان اسمبلی قادر علی نائل کی سربراہی میں کمیٹی بنائی تھی جنہوں نے مختصر ترین مدت میں حلقہ بندیوں سے متعلق تمام ضروری معلومات و دستاویزات جمع کی اور قانونی مشاورت کے بعد مکمل تحریری اپیل کے ذریعے حلقہ بندیوں کی درستگی کیلئے اپیل جمع کی ہے بیان میں کہا گیا کہ حلقہ بندیوں کیلئے ضروری ہے کہ جغرافیائی، لسانی، ثقافتی، قومی، یکسانیت کا خیال رکھا جائے اور ایسے ہر عمل واقدام سے گریز کیا جائے جس سے شہر میں آباد اقوام وبرادریوں کے درمیان کسی قسم کے نفاق وشر انگیزی پیدا ہونے کا خدشہ ہو اس مقصد کیلئے پارٹی اپنا کردار ادا کرتے ہوئے عوام کے بنیادی حق کے حصول کیلئے تمام قانونی راستہ اختیار کرنے کا فیصلہ کر رکھا ہے اور توقع کرتی ہے کہ الیکشن کمیشن حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے شہریوں کے وسیع تر مفادات میں فیصلے کریگی۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تفصیلات کے مطابق نال گریشہ کے مختلف ایریاؤں جن میں تیغاپ ڈھل چنال مروکی ہزار گنجی شری لغور زرد رنیلی و دیگر ایریاؤں میں موبائل کمپنی کے سگنل کم ہونے کی وجہ سے لوگوں کو شدید مشکلات درپیش ارہے ہیں سگنل کم ہونے کی وجہ سے معمولی کال کرنے کیلئے لوگوں کو مشکلات درپیش آتے ہے بات کرنے کے دوران کال کٹ ہوتا ہے سگنل بھی کافی کمزور لوگوں کے پیسے ضیاع ہورہے ہیں اس جدید دور میں ان ایریاؤں کے لوگ موبائل کی سہولت سے محروم ہیں عوامی حلقوں نے یوفون ٹیلی نار سونگ کمپنی والوں سے مطالبہ کیا کہ ان ایریاؤں میں موبائل کے ٹاور کی منظوری دے کر انھیں مزید مشکلات سے بچائیں۔

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں شامل رہی موجودہ حالات میں فنکشنل لیگ اور حر جماعت کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی فنکشنل مسلم لیگ جعفرآباد کے ضلعی صدر فقیر عبدالرزاق ہنگلزئی کی جانب سے منعقدہ سالگرہ تقریب میں سندھ اور بلوچستان کے مختلف شہروں سے فنکشنل مسلم لیگ کے رہنماؤں اور حر جماعت کے عقیدت مندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی پیر پگارہ کی سالگرہ تقریب سے خیر پور سندھ سے فقیر نشاط مہیسر، جیکب آباد کے صدر مولا بخش کھوسہ، وحید بروہی، لقمان کھیازئی، عبدالرزاق ہنگلزئی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ برصغیر میں انگریز سامراج کے خلاف پہلی جنگ حر جماعت کے روحانی پیشوا پیر صبغت اللہ شاہ نے لڑی اور وطن یا کفن کا نعرہ لگاتے ہوئے جام شہادت نوش کی موجودہ پیر پگارہ ان شہید وطن کی اولاد سے ہیں فنکشنل مسلم لیگ اور حر جماعت پاکستان کی ترقی و سلامتی کے ساتھ دفاع کے لیے بھی ہمہ وقت تیار ہیں ملک کے خلاف کسی بھی بیرونی جارحیت کی صورت میں حر جماعت اور فنکشنل مسلم لیگ پاک فوج کے شانہ بشانہ ہوگی۔

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

غا، حاجی طالب کاکڑ، خرم اختر اور دیگر رہنماں نے شرکت کی، اجلاس میں مرکزی انجمن تاجران کے نمائندوں نے حالیہ دنوں میں ڈی۔سی آفس کی جانب سے ہیر ڈریسرز کے ساتھ پیش آنے والے ناجائز واقعے، شہر میں تاجروں کے مسائل، سریاب روڈ کٹنگ اور کام کی سست روی اور ہزار گنجی زون کے مسائل پر گفتگو ہوئی اور متفقہ فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ چند روز میں ایگزیکٹیو باڈی اور مرکزی انجمن تاجران کے مرکزی کابینہ کا مشترکہ اجلاس طلب کیا جائے گا اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی جنرل سیکرٹری سید عبدالقیوم آغا نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ تاجر اپنے مقاصد کے حصول کیلئے اپنے صفوں میں اتحاد و اتفاق پیدا کریں اور تاجر کاز کی کامیابی کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور تاجروں کی آپس میں اتحاد و اتفاق ہی تاجروں کی کامیابی ہے۔

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گھروں سے باہر نکل آئے۔ شدید سردی میں کریک اور بوسیدہ مکانات کے گرنے کے ڈر سے زلزلہ زدگان پہلے ہی سے پریشان ہیں۔ جبکہ مسلسل جھٹکوں سے شدید خوف وہراس پھیل گیا ہے بدھ کو زلزلے کے یکے بعد چار جھٹکے آنے کے باعث بابو محلے میں نواب خان نامی شخص سمیت کئی لوگوں کے 7 اکتوبر 2021 کے شدید زلزلے میں کریک شدہ مکانات منہدم ہوگئے تاہم جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اکبر اور حیاء کے حق میں نعرے لگائے۔ نومنتخب ناظم اسلامی جمعیت طلبہ لورالائی مقام افتخار خان کاکڑ، سابق ناظم کریم خان ناصر اور دیگر نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حیاء پشتون کلچر کا اہم جز ہے جس کے بغیر پشتون کلچر مکمل نہیں ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن وسنت نے بھی حیاء اور باپردگی پر زور دیا ہے۔ افتخار خان کاکڑ نے کہا کہ بعض عناصر یورپ اور انگریز کی غلامی میں پشتون قوم کی بیٹیوں اور بہنوں سے چادر اتار دینا چاہتے ہیں مگر اسلامی جمعیت طلبہ نے ہمیشہ اسلامی اقدار اور روایات کا بھرم باقی رکھنے کے لئے جدوجہد کی ہے۔ آج کا یہ حیاء واک بھی اسی حقیقت کی غمازی کرتا ہے۔ حیاء واک میں طلباء اور بزرگوں کی ایک بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گھروں میں فاقہ کشی ہے انہوں نے کہا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے ڈیلی ویجز ملازمین کو مستقل کیا جائے میونسپل کمیٹی لواحقین کو تعینات کیا جائے میونسپل کمیٹی ہرنائی میں صحت وصفائی عملہ کی تعداد بہت کم ہے نئے خاکروبان میونسپل کمیٹی میں تعینات کئے جائیں اور ملازمین کی تین ماہ سے بند تنخواہیں فوری طور پر ادا کئے جائیں۔

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ں میں مریضوں کیلئے سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ہڑتال پر ہیں، وزیر صحت سید احسان شاہ اور ینگ ڈاکٹرز کے درمیان گزشتہ ہفتے مذاکرات ہوئے تھے اور صوبائی وزیر نے مذاکرات کی کامیابی کا اعلان کیا تھا لیکن تاحال مطالبات کی منظوری کا نوٹیفکیشن نہیں کیا گیا، ینگ ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ مطالبات تسلیم کئے جانے کے حوالے سے نوٹیفکیشن کے اجراء تک ہڑتال جاری رہے گی۔

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ت فوری طور پر جمع کرائیں ان خیالات کا اظہار ایس ڈی او کیسکو آپریشن سب ڈویژن ہرنائی عطاء اللہ ہنگلزئی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ چیف ایگزیکٹو کیسکو کوئٹہ، ایکسین لورالائی کی ہدایت پر بجلی چوروں، نادہندگان کے خلاف کارروائی کرنے کیلئے کیسکو آپریشن کے عملے کی چھاپہ مار ٹیم تشکیل دی ہے جو ضلع ہرنائی کے شہری اور دیہی علاقوں میں بجلی چوروں اور بجلی نادہندگان کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے واپڈا کی چھاپہ مار ٹیم نے سینکڑوں غیر قانونی اور نادہندگان کے کنکشن منقطع کر دیئے ہیں ایس ڈی او عطاء اللہ ہنگلزئی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ کیسکو صارفین تک بجلی سہولیات کی فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہے انہوں نے کہا کہ کیسکو صارفین کو چاہیے کہ وہ اپنے ذمہ بقایا جات کی ادائیگی کو ممکن بنا کر ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں، بجلی چوری کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائے گی غیر قانونی کنکشن اور کنڈا کلچر معاشرے میں ناسور کی طرح پھیل گیا ہے جس کے خاتمہ کے لیے مختلف علاقوں میں آپریشن کی گئی ہے اور تاحال چھاپوں کا سلسلہ جاری، بجلی چوری کسی بھی صورت برداشت نہیں کی جائے گی بجلی چوروں کے خلاف کاروائی جاری رہی گی انہوں نے کہا کہ کیسکو کی کارکردگی میں بہتری واجبات کی ادائیگی ہی سے ممکن بنائی جاسکتی ہے اور اس ضمن میں ہرنائی کے صارفین اپنے بقایات جات فوری طور پر ادا کرکے کسی بھی قسم کے پریشانی سے خود کو بچائیں انہوں نے بتایا کہ بجلی چوروں اور بقایا جات کی عدم ادائیگی کرنے والے کیسکو صارفین کے خلاف کاروائی جاری رہے گی۔ بلکہ بجلی چوری میں ملوث اور نادہندگان کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کرکے قانونی کارروائی کرینگے۔

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

روزگار کی فراہمی کے لیے صوبائی حکومت کوشاں ہے حلقے میں ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام جاری ہے جن کی تکمیل سے حلقہ انتخاب ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ انتخاب اور صوبے کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے عوامی وفود اور بی اے پی ہرنائی وزیارت کے عہدیداروں سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر عوام کی بڑی تعداد نے اپنے درخواستیں اپنے مسائل سے سنیئر صوبائی وزیر خزانہ کو آگاہ کیا سنیئر صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے موقع پر ہی شہریوں کے مسائل اور ان کی درخواستوں پر عملدرآمد کے احکامات جاری کیے سنیئر صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ان کی اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ آنے والے بجٹ میں حلقہ انتخاب کی تحصیل شاہرگ جو کہ غیر فعال ہے فنکشنل بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کو ہدایت کی ہے کہ وہ بجٹ سے قبل ہی تفصیلی رپورٹ تیار کرنے کی ہدایت کی ہے انہوں نے کہا کہ حلقے کے دونوں زیارت و ہرنائی میں وفاق حکومت نے شاہراہوں کی تعمیر کیلئے 20 ارب روپوں سے زائد کی فنڈز منظور کیا گیا شاہراہوں کی تعمیر سے حلقے کے دونوں اضلاع کے زراعت اور معدنیات کو فروغ ملے گا انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان بلوچستان کی ترقی وخوشحالی میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں اور وفاقی حکومت کی تعاون سے صوبے کے پسماندہ اضلاع کی ترقی کیلئے بہت بڑے میگا پروجیکٹ پر کام تیزی سے جاری ہے انہوں نے کہا کہ انتخاب میں اپنے عوام سے جو وعدے کئے ہے انہیں عملی جامعہ پہنار ہے ہیں انہوں نے کہا کہ حلقے بیروزگار نوجوان مایوس نہ ہو ان شاء اللہ حلقے کے دونوں اضلاع کے تعلیم یافتہ بیروزگار نوجوانوں کو میرٹ پر ہر قسم کی تعصب سے بالاتر ہوکر روزگار فراہم کرینگے۔

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

، مظفر گڑھ، لیہ، خانیوال، وہاڑی، بہاولپور، ساہیوال، پاک پتن، ٹوبہ ٹیک سنگھ، خوشاب، سیالکوٹ، گجرات، حافظ آباد، منڈی بہاؤالدین، جہلم اور اٹک شامل ہیں۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں ہوا۔ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ صوبہ پنجاب میں پہلے مرحلے کے بلدیاتی انتخابات 29 مئی 2022 کو ہوں گے۔

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بھجوائی تھی۔ کابینہ کمیٹی نے محکمہ خزانہ کو 48 لاکھ روپے جنوبی پنجاب سیکرٹریٹ کو فراہم کرنے کی ہدایت کردی، 12 لاکھ روپے فی گاڑی کے حساب سے خریداری کی جائے گی۔

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہی ہے، جب عالمی منڈی میں پیٹرولیم کی قیمتیں 40 ڈالر سے 95 ڈالر پر چلی جائیں تو حکومت کیا کرے، ایسا وزیر اعظم جو ہر وقت عوام کے بارے میں سوچتا ہے اسے مہنگائی ہونے پر دکھ ہوتا ہے، گزشتہ دنوں اپوزیشن نے چائے کی پیالی میں طوفان برپا کرنے کی کوشش کی تھی، مزاج پرسی کے بہانے پنجاب کے معتبر سیاسی قد کاٹھ کے حامل خاندان کے کندھے پر بندوق رکھ کر کنفیوژن پھیلانے کی کوشش کی گئی، پوزیشن نے عدم اعتماد لانی ہے تو پہلے تاریخ طے کرلیں گاڑی کرالیں سواریاں پوری کرلیں لیکن ان سواریوں سے پوچھ لیں جنہوں نے سینیٹ میں ساتھ نہیں دیا تھا۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان نے وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، آئی جی پنجاب، مختلف ڈویژن کے پارٹی کے ممبران اسمبلی اور عہدیداروں سے ملاقاتیں کیں جس میں وزیر اعظم کے وژن کے مطابق مختلف منصوبوں اور عوام کی فلاح کے لئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا کہ وہ کس سطح پر پہنچے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں اپوزیشن کے لئے مزید پریشانیاں آرہی ہیں، شہباز شریف اور ان کے صاحبزادے پر فرد جرم عائد ہونے جارہی تھی کہ ایک دم چابی چڑھی اور لوگ ادھر ادھر بھاگنا شروع ہو گئے، مولانا فضل الرحمان واپس نوکری پر آ گئے، ہمیشہ یہ کہا جاتا تھا کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ الگ الگ ہیں لیکن ہم کہتے ہیں جب یہ الگ ہوتے ہیں

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

شیخ عبد الحلیم قاسمی مولانا عبدالشکور ممتاز تبلیغی رہنما مولانا محمد عثمان مولانا محمد احمد حقانی مولانا حمداللہ استاذ الحدیث جامعہ قاسمیہ حافظ خلیل اللہ امیر شبان ختم نبوت جمعیت کے ایم پی اے زابد ریکی حافظ عبد القیوم بڑیچ مفتی عتیق الرحمٰن شاہوانی ودیگر علما خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دین اسلام نے انسانیت کا درس دیا قرآنی تعلیمات ہی انسانیت کے فلاح وبقا کی ضامن ہیں اسلامی تعلیمات کے مخالفت کرنے والے حیوانیت اور درندگیت کی سوچ کے حامل ہیں دین اسلام نے امت مسلمہ کو للٰہیت، تربیت اور تہذیب سکھائی ایک اخوت دیانتدار، بااخلاق اور مہذب معاشرے کو تشکیل دیئے انہوں نے کہا کہ اسلام کا نظام ودستور ہر زمانے اور ہر قوم کے لیے جامع نظام ہے ہر خدا کا بھیجا ہوا نظام حیات ہیا س کی افادیت، قانون فطرت سے مطابقت اور امن وسلامتی پیدا کرنے کی صلاحیت کا اعتراف آج کفری قوتیں کررہی ہے اسلام سراپا رحمت اور امن و سلامتی ہے اسلام دین فطرت ہے جس پر اس نے انسانوں کی تخلیق فرمائی فطرت کا تقاضہ ہے کہ سب سے پہلے انسان اپنے رب کو پہچانے اور معرفت الٰہی اور خشیت الٰہی حاصل کرے انہوں نے کہا کہ اسلام کی تو ابتداء ہی لفظ اقراء سے ہوئی ہے اور پھر اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اسلام کا پیغام لے کر دنیا کی کونے کونے تک پہنچایا اور آج دینی مدارس نے مختلف میدانوں اور محاذوں پر دین اسلام کے دفاع اور پھیلنے کے لیے جو خدمات کر لیے وہ قابل رشک وتقلید ہے علوم نبویہ کی ترویج سے معاشرتی زندگی میں ایک انقلاب برپا کیا اس کا مثال آج اسلامی امارت افغانستان ہے آج مدارس تعلیم وتعلم، جہادی ودعوتی اور معاشرتی اصلاح کے مراکز بن چکے ہیں انہوں نے کہا کہ ملک میں انقلاب لانے کے لیے قرآن وسنت کا پیغام کو عام کرنا ہے اور اس کا بیڑا آج دینی مدارس نے اٹھایا ہے قرآنی انقلاب سے ملک میں عدل وانصاف کا بول بالا ہوگا ہمارے ملک تو آج تک فرنگی نظام میں جکڑے ہوئے ہیں لادین قوتیں اسلامی اقدار اور اسلامی تہذیب کا جنازہ نکال رہا ہیا اور خود ساختہ نظام کو مسلط کیا جارہا ہے حقوق کے نام پر اسلام سے منافی قانون سازی سے ریاست کو ایک سیکولر ریاست بنایا جارہا ہے ملک کو سیکولر ریاست بننے نہیں دینگے لاکھوں قربانیاں ایک اسلامی فلاحی ریاست کے لیے تھا انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر اسلام کو بدنام کرنے کیلئے منصوبے کی تحت سازشیں ہورہی ہیں اسلام پر انتہا پسندی کا لیبل چسپاں کرنے کی مہم کا حصہ ہے، انہوں نے کہا کہ اسلام اور مسلمانوں کی تہذیبی شناخت کے بارے میں عالمی قوتوں کا انتہائی معاندانہ اور تحقیر آمیز ہے۔ اسلام کو بدنام کرکے، مسلمانوں کی کردار کشی کرکے اور خاص طور پر دینی حلقوں کے خلاف الزامات و اتہامات کا بازار گرم کرکے دنیا کو اسلام اور مسلمانوں سے متنفر کر دینا چاہتا ہے انہوں نے کہا کہ اسلام دشمن طاقتوں نے اہل حق کے مدارس اور اسکے فیضان واثرات کو ختم کرنے کے لئے متوازی اداروں کے قیام کے لئے روشن خیالوں کو اکسایا تو دوسری طرف قدیم وجدید علوم اور تبدیلی نصاب کا شوشہ چھوڑ دیا دہشت گردی، اور انتہا پسندی کے الزامات لگا کر عالمی پیمانہ پر مدارس کی کردار کشی کا منصوبہ بنا رکھا ہے مسلسل مدارس میں مداخلت کی راہیں تلاش کررہی ہیں انہوں نے کہا کہ یہ مدارس امت کی ہاتھوں امانت ہے اس امانت کی پاسداری یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کے سلامتی اسلامی نظام کے نفاذ میں ہیں دینی مدارس کے علماء نے ہر ظلم کے خلاف علم بغاوت بلند کردیا ہیں ہر مظلوم کے ساتھ دیا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ غیر فطری راہوں پر چل نکلا ہے جس کی وجہ سے طرح طرح کی آفات مصیبتوں پریشانیوں سے دوچار ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں انقلاب لانے کے لیے قرآن وسنت کا پیغام کو عام کرنا ہے اور اس کا بیڑا آج دینی مدارس نے اٹھایا ہے قرآنی انقلاب سے ملک میں عدل و انصاف کا بول بالا ہوگا

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سرٹیفکیٹ بھی پیش کر دیا ہے محکمہ تحفظ ماحولیات نے گندے اور خطرناک آئل کی موجودگی کے خدشے کے پیش نظر بحری جہاز کو گڈانی شپ یارڈ پر لنگر انداز ہونے سے روکے رکھا تھا بحری جہاز کو لنگر انداز ہونے سے روکے جانے پر ہمیں کروڑوں روپے کے نقصان کا بھی اندیشہ ہے یہ بات گڈانی شپ بریکنگ یارڈ پلاٹ نمبر 91 کے منیجر نے اپنے ایک پریس نوٹ میں کہی انہوں نے کہا کہ محکمہ تحفظ ماحولیات نے پچھلے دنوں ہمارے بحری جہاز ڈی بی گلوبل ون کو گڈانی میں لنگر انداز ہونے سے روک دیا تھا جبکہ اب جہاز کی مرکزی رپورٹ منفی آ گئی ہے اور جہاز کے کیپٹن نے یہ بھی تصدیق کی ہے جہاز میں نیو کلئیر ویسٹ اور کوئی بھی نقصان دہ مواد موجود نہیں ہے منیجر کا مزید کہنا ہے کہ مذکورہ ڈی بی گلوبل ون بحری جہاز میں آنے والی رپورٹ کے مطابق ایل ڈی او اور موبل آئل کا رزلٹ بھی نان ڈیڈیکیٹ آیا ہے جبکہ جہاز کے جنریٹرز کو چلانے کیلئے جہاز پر ڈیزل اور موبل آئل رکھا ہوا تھا واضع رہے محکمہ تحفظ ماحولیات کے ذمہ داران نے بلا جواز شک کی بنیاد پر جہاز کو لنگر انداز ہونے سے روکے جانے پر جہاز کے مالک بریکر کو بڑے پیمانے پر مالی نقصان کا اندیشہ خارج از امکان نہیں ہے۔

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رکرتے ہوئے کہا ہے کہ نااہل اور سلیکٹیڈ حکومت عوام کو خودکشیوں پر مجبور کرنے کا عزم کر رکھا ہے حالیہ اضافے سے ملک میں اشیا خورد ونوش کا مزید بحران آئے گا جس کا پاکستان اور پاکستان کے غریب عوام متحمل نہیں ہوسکتا حکمرانوں کو عوام کے مسائل سے کوئی سرورکار نہیں ہے وہ صرف اپنے بچوں کے بارے میں سوچتے ہے کہ کس طرح وہ بچوں پاکستان کے پیسوں سے مالا مال کریں اسی وجہ سے ملک میں کرپشن کا ریکارڈ اضافہ ہوا ہے اور ملک کو آئی ایم ایف کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا ہے بیان میں مزید کہا ہے کہ موجودہ نااہل اور غیر سنجیدہ حکومت کو گھر بھیجنے کے علاوہ عوام کے ساتھ کوئی دوسرا راستہ نہیں بچا ہے اب ناکام حکومت کو ہر صورت گھر جانا ہوگا جس کے لئے جمعیت علما اسلام، پی ڈی ایم اور قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن زبردست جدوجہد میں مصروف عمل ہیں اور عوام حکومت کا مکر و چہرہ بخوبی جان چکے ہیں حکومت کا مقصد صرف اور صرف مال بنا اور ملک کو کنگال بنانا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر سے مختلف قبائلی سماجی وسیاسی معتبرین کی جانب سے قافلہ حق جمعیت علما اسلام میں شمولیت اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ پاکستان کے غیور اور دین دار عوام صرف علما کرام کی قیادت اور جمعیت علما اسلام کو نجات دہندہ سمجھتے ہے اور قائد ملت اسلامیہ مولانا فضل الرحمٰن سے ان کی امیدیں وابستہ ہے، مولانا فضل الرحمٰن کا گزشتہ کئی سالوں سے جاری جدوجہد اور حقیقت پر مبنی سیاست نے انہیں مایوس عوام کے امیدوں کا محور بنایا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے سے ملک میں مہنگائی کا ایک نیا لہر آئے گا ریاست مدینہ کے دعویدار نان نہاد وزیر اعظم نے جب قوم جاگ رہی تھی تو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی سمری مسترد کری جب سوگئی تو مسترد کی گئی سمری کو واپس منگوا کر دستخط ٹھوک دیئے یہ ہے ان کا سیاست اور ریاست مدینہ بنانے کا طریقہ کار لیکن عوام اب مزید اس نااہل ٹولے کو برداشت کرنے کی متحمل نہیں ہوسکتا 23 مارچ کو مولانا فضل الرحمٰن کی جانب سے اعلان کردہ لانگ مارچ میں تاجرز، صنعتکار، ملازمین، اور عوام بھرپور شرکت کر کے نااہل حکومت کو گھر بھیجا جائے گا۔

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تھ گریڈ کی خالی اسامیوں پر تیرہ سو امیدواروں نے حصہ لیا۔

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

، سیکرٹری صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ پی پی ایچ آئی کے تمام ملازمین کو پر مستقل کیا جائے کیونکہ یہ صوبے کے طول وعرض میں بہترین سروس فراہم کر رہے ہیں پاکستان مسلم لیگ (ن) پی پی ایچ آئی کی بہترین سروس پر تحسین پیش کرتی ہے کہ ان کی بہترین کوششوں سے صوبے کے طول وعرض میں اکثر بی ایچ یوز کھولے جارہے ہیں مسلم لیگ (ن) مطالبہ کرتی ہے کہ عوام کے بہترین مفاد میں صوبے کے تمام ایچ آر سی، ایم سی ایچ کو بھی فوری طور سے پی پی ایچ آئی کے حوالے کیا جائے تاکہ نچلی سطح پر پی پی ایچ آئی صوبے میں مزید اپنی کارکردگی کو بہتر کر سکیں اور تمام کنٹریکٹ ملازمین کو بہتر سے بہتر کر سکیں مسلم لیگ (ن) پی پی ایچ آئی کے بہتر مفاد میں ہر جگہ ان کے ساتھ کھڑی ہے اور مکمل حمایت کا اعلان کرتی ہے۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

صدر عبدالقہار خان ودان، سینئر نائب صدر محمد عیسیٰ روشان، نائب صدر یوسف خان کاکڑ، صوبائی سیکرٹری ایم پی اے نصراللہ خان زیرے، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، سید عبدالقادر آغا ایڈووکیٹ، عبدالمجید خان اچکزئی، علاؤالدین کولکوال، فقیر خوشحال کاسی، سید شراف آغا، سردار امجد ترین، خوشحال کاکڑ، اکل خان اچکزئی نے محمد بشیر خان اچکزئی کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے مرحوم کی مغفرت اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمانے کی دعا کی ہے

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نہیں رہ سکا اس سے تنقید برداشت نہیں ہوتی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سیاسی کارکنوں اور صحافیوں کی زبان بندی کرنا شرمناک فعل ہے، کیا عمران خان مطلق العنان بادشاہ ہیں جن کے فیصلوں اور پالیسیوں پر کوئی تنقید نہیں کرسکتا، عمران خان یونانی دور کے بادشاہوں والے اختیارات کے خواہاں ہیں، اپنے ہر فیصلے پر یوٹرن لینے والا شخص قوم کا لیڈر کیسے بن سکتا ہے، ظل تباہی نے ملک کے طول وعرض کا حلیہ بگاڑ دیا ہے اور ابھی بھی خود کو آخری چوائس سمجھتے ہیں، عمران خان پاکستان کی تاریخ کے بزدل ترین اور کمزور ترین حکمران ثابت ہوئے ہیں، جو شخص سیاسی کارکنوں کا مقابلہ کرنے کی ہمت نہیں رکھتا وہ نواز شریف کا مقابلہ کیسے کرسکتا ہے، عمران خان سیاسی حکمران کم ڈکٹیٹر زیادہ بن چکے ہیں، ہر ڈکٹیٹر کی حکمرانی کا ایک مختصر دورانیہ ہوتا ہے انشااللہ جلد عوام کی حکمرانی کا دور لوٹ آئے گا۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

عدالتوں کی تقسیم اور مقدمات میں دہشتگردی کی دفعات کے خلاف وکلاء کی ہڑتال اور احتجاج کے باعث ضلع عدالتوں میں دوسرے روز بھی ہزاروں کیسز کی سماعت بغیر کارروائی ملتوی کر دی گئی۔ وکلاء نے مرکزی دروازوں پر تالے لگا کر کسی کو بھی عدالتوں کے اندر داخل نہ ہونے دیا۔ وکلاء کے احتجاج کی وجہ سے پولیس کی بھاری نفری تعینات رکھی گئی ہے۔ وکلاء نے گزشتہ روز سیشن جج لاہور حبیب اللہ عامر کی گاڑی کو بھی اندر نہ جانے دیا جس کی وجہ سے سیشن جج جج گیٹ سے پیدل چل کر اپنے چیمبر تک پہنچے۔ وکلاء کا کہنا ہے کہ ابھی تک کسی نے ان سے رابطہ کر کے مطالبات سے آگاہی حاصل نہیں کی۔ جب تک عدالتوں کی تقسی کا نوٹیفکیشن واپس اور مقدمات سے دہشتگردی کی دفعات کا خاتمہ نہیں کیا جاتا احتجاج اور ہڑتال جاری رہے گی۔

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

27 فروری کو صبح 10 بجے قائد اعظم کے مزار سے ہم اپنا یہ سفر شروع کریں گے، ہم اپنے پلان کے حوالے سے آگے بھی آگاہ کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں بلاول بھٹو مارچ کے دوران ناصر باغ میں خطاب کریں گے، 7 مارچ کو راولپنڈی میں بھی خطاب ہوگا اور 8 مارچ کو ہم اسلام آباد میں ہوں گے، یہ سفر صرف پیپلز پارٹی کا سفر نہیں ہے، آج ہم سب سفر کر رہے ہیں، سب لوگ پریشان ہیں، یہ قافلہ پورے پاکستان کا مارچ ہے، آئیں مل کر اسلام آباد کا رخ کریں۔ انہوں نے کہا کہ 8 مارچ کے بعد کیا لائحہ عمل ہوگا وہ بتادیا جائے گا، ہم پی ٹی آئی کی طرح پی ٹی وی پر حملہ نہیں کریں گے، اور نہ ہی کوئی دیوار یا دروازہ پھلانگیں گے، پیپلز پارٹی نے کبھی بھی تشدد کو سیاست نہیں سمجھا، ہمارا مارچ ایک عوامی مہم ہے۔ شازیہ مری نے صحافی محسن بیگ کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جب محسن بیگ نے غلط پالیسز کی بات کی تو انہیں گرفتار کروالیا گیا، پیکا کے بل کے تحت حکومت ان لوگوں کو اٹھارہی ہے جو ان سے اتفاق نہیں کرتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کی رہنما نے کہا کہ آج بھی ملک میں عوام کے لیے بری خبر آئی ہے، پیٹرول کی قیمت میں اس سلیکٹڈ حکومت نے اضافہ کیا، ہم پیٹرول کی قیمت میں اضافے کی سخت مذمت کرتے ہیں، روز کی بنیاد پر محنت کشوں کے زخموں پر نمک چھڑکا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈھول پیٹتے ہیں کہ پاکستان خطے میں سستا ترین ملک ہے، دنیا کے تیسرے یا چوتھے نمبر پر پاکستان مہنگا ترین ملک ہے، مہنگائی میں پے در پے اضافہ کیا جارہا ہے، فوری طور پر پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے۔

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اور بکریاں تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سردار رفیق ترین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اور ضلعی انتظامیہ زلزلہ زدگان کی بحالی کے لئے کوشاں ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی مختلف این جی اوز کی جانب سے متاثرین کی مالی مدد اور انکی معیشت کی بہتری کے لئے دو دو جانور دیئے جارہے ہیں۔ امید ہے کہ اس سے ان زلزلہ زدگان کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہماری حتی الوسیع کوشش ہے۔ کہ ہرنائی کے زلزلہ زدگان کی بحالی کے لئے تمام تر وسائل بروئے لا کر ان کی مالی مدد میں بھی انکا ساتھ دیں۔ تاکہ وہ اپنے مکانات کی از سرنو تعمیر کرکے واپس اپنی زندگی کی طرف لوٹ آئیں۔ اسسٹنٹ کمشنر ہرنائی سردار عبدالمجید خان جوگیزئی نے بھی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زلزلہ زدگان کو جانوروں کے پیکج سے مدد ملے گی۔ اور ائندہ بھی زلزلہ متاثرین کو معاشی سہارا دینے کی خاطر ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائینگے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کے پی ایس سید امین شاہ مسلم ایڈ کے پروجیکٹ ڈائریکٹر نقیب اللہ کاکڑ و پروجیکٹ کے صوبائی آفیسر عدنان خان پروجیکٹ کے دیگر آفیسران کے ساتھ ساتھ متاثرین کی بھی بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

، اس سے ٹیکس نظام کو سہل بنایا جائے گا۔ فیض اللہ کاموکہ کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی خزانہ کا اجلاس ہوا جس میں تمام سرکاری کمپنیوں کو یکجا انتظامی کنٹرول میں دینے کے حکومتی بل پر غور کیا گیا، حکام وزارت خزانہ نے بتایا کہ بل میں مانیٹرنگ بورڈ میں ممبر قومی اسمبلی اور ممبر سینٹر کی شمولیت کی شق شامل کر لی گئی، بورڈ ممبر کیلئے عمر کی حد 18 سے بڑھا کر 25 سال کردی گئی ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ کم از کم 35 سال عمر کے فرد کو ممبر بنانے کی شرط رکھی جائے۔ سید نوید قمر نے کہا کہ قانون کے تحت 25 سال والا فرد ممبر قومی اسمبلی بن سکتا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ بورڈ ممبر کا کم از کم 10 سال کا مینجمنٹ تجربہ ہونا چاہیے۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ زیادہ نئے کامیاب کاروبار کرنے والے افراد نوجوان ہیں، بیرون ملک کامیاب نوجوان بھی بورڈ میں آسکیں گے۔ احسن اقبال نے کہا کہ اس قانون میں یہ بھی لکھیں کے بورڈ ممبر صرف پاکستانی شہری ہوں، بھارت دوہری شہریت والوں کو کامیاب افراد کو کوئی عہدہ رکھنے کی اجازت نہیں دیتا۔ حکام وزارت خزانہ نے کہا کہ پیپرا قوانین کئی دفعہ کمپنیوں کے کام میں رکاوٹ کا باعث بنتے ہیں، نئے قانون میں اسی لیے کمپنیوں کو عالمی معیارات کے تحت کام کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ میں نے دو سرکاری کمپنیوں میں کام کیا ہے اس طرح کرنے سے کمپنیوں کو کھلی چھٹی مل جائیگی۔ احسن اقبال نے کہا کہ آپ قانون میں چیزیں بالکل واضح کریں تاکہ بعد میں مسائل نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ان دو سو کمپنیوں کے لیے ایک قانون ہونا چاہیے، اگر ان کو اپنے قوانین کے تحت خریداری کی اجازت دی گئی تو بہت کرپشن ہوگی۔ عائشہ غوث پاشا نے کہا کہ ایک نظام اور طریقہ کار ہونا چاہیے ورنہ یہ کمپنیاں اپنی مرضی کریں گی۔ نمائندہ وزارت قانون نے کہا کہ پیپرا قانون کے ہوتے ہوئے کوئی اور قانون لاگو نہیں کیا جاسکتا۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ وزارت خزانہ اور وزارت قانون اس شق پر دوبارہ مشاورت کر کے لائیں، اس قانون کو منظوری کیلئے آئندہ اجلاس میں لایا جائے۔ سید نوقمر نے کہا کہ اینٹی سمگلنگ بل میں کووڈ کو شامل کر دیا گیا ہے، بل میں ترامیم کسٹم ایکٹ میں ترامیم کے ذریعے کی جاسکتی ہیں۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ اس بل کے قانونی پہلوؤں پر دوبارہ غور کر کے لایا جائے۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ ہم کسٹمز ایکٹ میں ترامیم کیلئے جائیں گے۔ اجلاس کے دوران اجلاس میں کاروباری شعبے کی مشکلات پر غور کیا گیا۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ ویلیوایشن پر اپیل بورڈ کو دی گئی تھی مگر عدالت میں چیلنج ہو گیا۔ کسٹمز حکام کے مطابق ویلیوایشن پر اعتراض پر پہلی درخواست ڈیپارٹمنٹ کو ہی دی جاسکتی ہے، اگر پھر بھی اعتراض ہو تو ٹریبونل کو درخواست دی جاسکتی ہے، پہلے گڈز کلیرنس پر کارپوریٹ گارنٹی قبول کر لی جاتی ہے تاہم اب صرف بینک گارنٹی درکار ہوتی ہے۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ کارپوریٹ گارنٹی پر بعد میں عدالت سے حکم امتناعی حاصل کر لیا جاتا ہے، اس سے بہت زیادہ ٹیکس پھنس جاتا تھا۔ ممبر قیصر احمد شیخ نے کہا کہ کسٹمز حکام غیر ضروری طور پر تنگ کرتے ہیں، ویلیو ایشن میں بہت زیادہ شکایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سو فیصد بینک گارنٹی کاروباری افراد کیلئے مشکل ہے، لوگوں کے عدالت میں جانے کی وجہ ہی غلط ویلیو ایشن ہوتی ہے۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ ہم نے کارپوریٹ گارنٹی کو شروع کیا مگر اسکا غلط استعمال کیا گیا، اس معاملے کے حل کیلئے آئندہ بجٹ کیلئے تجویز تیار کریں گے۔

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سمت میں جارہا ہے۔ اپسوس پاکستان نے عوام کی آراء پر مبنی نیا سروے جاری کر دیا جس میں بتایا گیا کہ 43 فیصد پاکستانی عوام ملکی سمت کو درست سمجھتی ہے جب کہ 45 فیصد عوام کی رائے ہے کہ ملک غلط سمت میں جارہا ہے۔ سروے میں ملکی سمت کو غلط قرار دینے والوں میں مردوں کے مقابلے میں خواتین کی شرح زیادہ ہے۔ سروے کے مطابق ملکی سمت کو درست سمجھنے والوں میں بڑی تعداد 30 سال سے کم عمر جوانوں کی ہے۔

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مذمت، افسوسناک اور شرمناک ہے۔ انہوں ن ے کہا کہ 24 فروری کو فاٹف اجلاس سے قبل میڈیا کے خلاف تازہ دھاوا پاکستان کے لئے عالمی سطح پر مزید مشکلات اور رسوائی کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، معاشی تباہی اور دیگر سنگین قومی مسائل سے نمٹنے کے بجائے، تنقید اور سوال کرنے والوں سے نمٹنا بدترین حماقت ہے۔

بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ی کا تقدس پامال کرتے ہوئے کافی توڑ پھوڑ کی اور گھریلو سامان کو نقصان پہنچایا اور درج ذیل سامان تین عدد موٹر سائیکل (جن میں دو موٹر سائیکل واپس کردیے) ایک موٹر سائیکل لے گئے اور ایک لاکھ پچاس ہزار روپے کی نقدی ایک لاکھ روپیہ کے طلائی زیورات ایک عدد لائسنس یافتہ کلاشنکوف و پستول، 4 عدد بیٹری و سولر پینل، گھریلو کمبل و بستر وغیرہ کے علاوہ 8 عدد موبائل جن میں 4 موبائل واپس کئے باقی چار موبائل نہیں دیئے، انہوں نے کہا کہ میرے گھر میں یہ واردات کرنے کے بعد پولیس نے ناجائز طور پر میرے خلاف منشیات کا مقدمہ درج کر لیا ہے، مذکورہ پولیس اہلکاروں نے میرے گھر کی عزت، چادر وچار دیواری کی پامالی بھی کی ہے اور پولیس نے غیر قانونی طور پر ذاتی ضد وعناد کی وجہ سے لیویز ایریا میں مداخلت کی ہے، لہذا احکام بالا سے اپیل ہے کہ میرے ساتھ ہونے والے ظلم کا ازالہ کیا جائے اور مجھے انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تے ہیں، ریاست مدینہ کے درس دینے والے حکمران تنقید اور فیصلوں سے اختلاف رائے بھی برداشت نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ کیا ریاست مدینہ میں اس طرح کے فیصلوں کی کوئی مثال ملتی ہے؟ حکومت نے محسن بیگ کو گرفتار کرکے یہ پیغام دیا ہے کہ کوئی انکے فیصلوں سے اختلاف کرے گا تو جیل جائے گا۔ نفیسہ شاہ نے کہا کہ خان صاحب کسی کو جیل بھیج کرا پنے عوام دشمن فیصلے عوام پر مسلط نہیں کرسکتے، پوری عوام اس وقت وفاقی حکومت کے خلاف سراپا احتجاج ہے خان صاحب کس کس کی آواز کو دبائیں گے؟۔ نفیسہ شاہ نے کہا کہ حکومت اس طرح کے فیصلوں سے گریز کرے اور محسن بیگ کو فوری رہا کیا جائے۔

بقیہ 31 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ر 792 مریض اس سے شفایاب ہوگئے۔ پاکستان بھر میں اب تک 29 ہزار 877 کورونا وائرس کے مریض انتقال کر چکے ہیں جبکہ اس کے کل مریضوں کی تعداد 14 لاکھ 91 ہزار 423 ہوچکی ہے۔ ملک بھر میں ہسپتالوں، قرنطینہ سینٹرز، وینٹی لیٹرز اور گھروں میں کورونا وائرس کے 73 ہزار 29 زیر علاج مریضوں میں سے 1 ہزار 534 کی حالت تشویش ناک ہے، 13 لاکھ 88 ہزار 517 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہو چکے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 49 ہزار 553 ٹیسٹ کیئے گئے، اب تک کل 2 کروڑ 58 لاکھ 96 ہزار 758 کورونا ٹیسٹ کیئے جاچکے ہیں۔ پاکستان بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 23 لاکھ 39 ہزار 218 افراد کو کورونا وائرس کی ویکسین دی گئی، اب تک کل 20 کروڑ 32 لاکھ 27 ہزار 145 کورونا ویکسین کی خوراکیں دی جا چکی ہیں، 9 کروڑ 35 لاکھ 42 ہزار 689 افراد کی مکمل ویکسینیشن ہوچکی ہے جبکہ 36 لاکھ 95 ہزار 298 افراد بوسٹر ڈوز لگوا چکے ہیں۔ سندھ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد دیگر صوبوں سے زیادہ 5 لاکھ 60 ہزار 670 ہوچکی ہے، جبکہ اس سے کل اموات 8 ہزار ہو گئیں۔ پنجاب میں کورونا وائرس کے اب تک 4 لاکھ 96 ہزار 724 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، جبکہ یہاں کل ہلاکتیں دیگر صوبوں سے زیادہ ہیں جو 13 ہزار 390 ہو چکی ہیں۔ خیبر پختون خوا میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 2 لاکھ 12 ہزار 78 ہو چکی ہے، جبکہ اس سے یہاں کل اموات 6 ہزار 153 ہو گئیں۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 1 لاکھ 33 ہزار 388 کورونا وائرس سے متاثرہ مریض اب تک سامنے آئے ہیں، اب تک یہاں کل 1 ہزار 1 افراد اس وباء سے جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ آزاد جموں و کشمیر میں کورونا وائرس کے اب تک 42 ہزار 180 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، اس کے باعث اب تک یہاں کل 773 مریض وفات پا چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے بلوچستان میں اب تک 35 ہزار 133 مریض رپورٹ ہوئے ہیں جہاں 371 افراد اس مرض سے انتقال کر چکے ہیں۔ گلگت بلتستان میں کورونا وائرس کے 11 ہزار 250 مریض سامنے آئے ہیں، اس سے اب تک 189 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔

بقیہ 32 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رٹی کے ضلعی ترجمان محمد یونس لنگو کی سربراہی میں کمشنر قلات ڈویژن داود خان خلجی سے کنٹینر تبدیلی کے معاملہ پر مزاکرات، اس موقع پر میر عبداللطیف عمرانی، میر عرفان لنگو، حاجی رسول بخش خدرانی، نیاز مینگل، ایڈووکیٹ بشیر بھی موجود تھے۔ کمشنر قلات ڈویژن نے سانحہ وہیر کا سبب بننے والے کنٹینر کی تبدیلی کو غیر اخلاقی حرکت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس عمل سے یقیناً شہدا کے لواحقین کی دل آزاری ہوئی ہے جس پر معزرت خواہ ہیں۔ مزاکراتی کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ کنٹینر تبدیلی میں ملوث زمہ دار افسران اور لیویز عملہ کے خلاف محکمانہ کارروائی اور معاملہ کی شفاف بنیادوں پر تحقیقات کرائی جائے۔ جس پر کمشنر قلات ڈویژن نے تحصیلدار وڈھ، کیس کے انوسٹیگیشن آفیسر اور شہدا چیک پوسٹ کے انچارج وڈیوٹی پر مامور دیگر لیویز عملہ کو فوری طور پر معطل کرکے کنٹینر تبدیلی کے اصل زمہ داروں کے تعین اور حقائق سامنے لانے کے لیئے ایڈیشنل کمشنر قلات ڈویژن عبدالغنی عالیزئی کی سربراہی میں انکوائری کمیٹی تشکیل دینے کا اعلان کیا۔ مزاکراتی کمیٹی نے کنٹینر تبدیلی معاملہ میں کمشنر قلات ڈویژن جناب داود خان خلجی کی ذاتی دلچسپی اور زمہ داروں کے خلاف فوری کارروائی و زمہ داروں تعین کے لیئے انکوائری کمیٹی کی تشکیل کا خیر مقدم کرتے ہوئے 19 فروری کو قومی شاہراہ پر دھرنا دینے اور روڈ بلاک کرنے کی کال واپس لے لی اور امید کا اظہار کیا کہ سانحہ وہیر میں شہید ہونے والوں کے لواحقین کو انصاف فراہم کیا جائیگا۔ دریں اثنا شہدا سانحہ وہیر کے لواحقین سردار عزیز محمد عمرانی، میر عبداللطیف عمرانی، عبدالوہاب عمرانی، عبدالحلیم چنال ودیگر نے 19 فروری کے احتجاج کی حمایت کرنے والے تمام سیاسی جماعتوں، قبائلی شخصیات، سوشل میڈیا صحافی برادری سوشل ایکٹویسٹ اور سول سوسائٹی سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ خالصتا ایک انسانی معاملہ پر سب نے اجتماعی طور پر آواز بلند کی اور لواحقین کا ساتھ دیا جس کے بعد لواحقین کے جائز مطالبات پر مزاکرات کامیاب ہوئے۔

بقیہ 33 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

امراء سے اسلام آباد کے لئے روانہ ہو گئی۔ پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر پرویز بھی ان کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ مریم نواز آج جمعرات کے روز اسلام آباد ہائیکورٹ میں پیش ہوں گی۔

بقیہ 34 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ی کا روزگار زراعت سے وابستہ ہے تاہم خشک سالی اور بجلی کے مسائل سے متاثرہ زمینداروں کو اب یوریا کی کمی کا بھی سامنا ہے اور ان کی فصلیں تباہ ہورہی ہیں اس حوالے سے وفاقی حکومت کو بارہا آگاہ کیا گیا ہے جبکہ وزیر اعظم کے نوٹس میں بھی یہ بات لائی گئی ہے کہ بلوچستان سے یوریا افغانستان سمگل کی جارہی ہے اور ڈیلر اپنے ذاتی منافع کیلئے بلوچستان کی کھاد افغانستان بھیج رہے ہیں اور سمگلنگ کی روک تھام کے ذمہ دار وفاقی اداروں نے آنکھیں بند کررکھی ہیں تاہم ابھی تک ہماری آہ وبکاہ کو خاطر خواہ طور پر سنجیدگی سے نہیں لیا جارہا صوبائی وزیر نے کہا ہے کہ اگر فصلوں کو بروقت کھاد نہیں ملی تو بلوچستان میں خوراک کی شدید کمی اور قحط کی صورتحال پیدا ہوجائے گی صوبائی وزیر نے کہا کہ یوریا کمپنیاں بلوچستان کے مختص کوٹے کا پچاس فیصد بھی فراہم نہیں کررہی ہیں جو صوبے کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے اور دوسری جانب جتنی یوریا بھی مل رہی ہے اس کا بڑا حصہ بھی مقامی زمینداروں کو نہیں پہنچ پارہا اس وقت بلوچستان کی اسی فیصد آبادی کے گھروں کے چولہے بجھنے کے قریب ہیں بلوچستان کے زمیندار سراپا احتجاج ہیں اور ہر جگہ روڈ بلاک کرکے ریلیاں نکالی جارہی ہیں جو کہ صوبے کی سیاسی حکومت کیلئے بھی بہت بڑا چیلنج ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وہ ایک مرتبہ پھر وفاقی حکومت اور متعلقہ وفاقی اداروں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لیتے ہوئے اس سنگین مسئلے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں بصورت دیگر صورتحال کی خرابی کی تمام تر ذمہ داری وفاقی حکومت پر عائد ہوگی۔

بقیہ 35 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گیا ہے۔ مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کررہی ہے۔

بقیہ 36 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے درمیان 40 فٹ کے کنٹینر کی نقل وحمل کی لاگت میں تقریباً 1450 امریکی ڈالر اور یورپ میں منزل مقصود کے لیے 1350 امریکی ڈالر کی واقع ہوئی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق مشرق وسطیٰ میں منزل مقصود کے لیے سفر کے وقت میں 21 سے 24 دن اور یورپ میں منزل مقصود کے لیے 21 دن کی کمی کی گئی ہے۔ مشرق وسطیٰ اور یورپ میں کاشغر سے منزل مقصود کا فاصلہ 11,000 سے 13,000 کلو میٹر تک کم ہوگیا ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت چین کے لیے سب سے اہم فائدہ چین کا تجارتی راستہ 12,000 کلو میٹر کے موجودہ سمندری راستے سے 2,000 کلو میٹر تک کم ہو جائے گا۔ خلیجی ممالک سے تیل کی کنسائنمنٹس کو پاکستان کے راستے چین پہنچایا جائے گا، جب کہ غیر تیل کی درآمدات کو گوادر کے ذریعے ٹرانسپورٹ روٹ کے ذریعے دنیا میں پہنچایا جائے گا۔ محققین کا خیال ہے کہ زمینی راستے کی تعمیر اور بہتری کی وجہ سے پاکستان اور چین کے درمیان فاصلے اور سفر کے وقت میں نمایاں کمی آئے گی اور دونوں معیشتوں کی جی ڈی پی میں تیزی سے اضافہ ہوگا۔ تجارت میں چین کے لیے فائدہ نہ صرف سفر کے وقت اور فاصلے میں کمی بلکہ بڑی مارکیٹ کے ساتھ رابطے کے ذریعے بھی ہو گا۔ اس کے علاوہ پاکستان اور چین کے مختلف خطوں کے درمیان عالمی تجارتی بہاؤ میں ترقی اور تجارت میں نمایاں تبدیلی متوقع ہے۔ گوادر پرو کے مطابق تحقیقی رپورٹ اس حقیقت کی نمائندگی کرتی ہے کہ چین سی پیک کے نئے روٹ سے اپنی درآمدات اور برآمدات پر یورپ اور مشرق وسطیٰ کے منتخب ممالک سے شپنگ لاگت کے لحاظ سے تقریباً 71 بلین امریکی ڈالر بچائے گا۔ دوسری جانب اس روٹ کے ساتھ پاکستان میں مقامی صنعت اور سروسز کے شعبے کو بھی فائدہ ہوگا۔ راستے میں تجارتی سرگرمیاں روزگار کے ہزاروں مواقع پیدا کریں گی۔ مزید یہ کہ وسطی ایشیائی ریاستیں بھی گوادر پورٹ کے ذریعے دنیا سے رابطہ قائم کرنا چاہتی ہیں۔ انہوں نے گوادر پورٹ اور اس سے منسلک سہولیات میں دلچسپی ظاہر کی۔ اس لیے سی پیک کو پورے خطے کے لیے گیم چینجر سمجھا جاتا ہے۔ اس سے نہ صرف پاکستان اور چین بلکہ مشرق وسطیٰ، یورپ اور غیر ساحلی وسطی ایشیائی ممالک کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ تاجکستان، ترکمانستان، قازقستان، کرغزستان اور افغانستان جیسے خشکی سے گھرے وسطی ایشیائی ممالک گوادر بندرگاہ سے مختصر ترین سمندری راستے کا فائدہ اٹھا سکیں گے۔

بقیہ 37 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

، گرفتار ملزمان سنگین نوعیت کے مقدمات میں اشتہاری ومطلوب ہیں . ملزمان کو علاقہ تھانہ ای؟ رپورٹ، فتح پور ولید اور رحمت پور سے گرفتار کیا گیا. علاقہ تھانہ ای؟ رپورٹ سے (2) اشتہاری ملزمان میر حسن عرف عامر ماچھی اور مرتضی بروہی کو گرفتار کیا گیا. جس سے ریوالور± گولیاں برآمد کی گ؟ ی. علاقہ تھانہ فتح پور سے اشتہاری ملزم بخی گبول گرفتار. علاقہ تھانہ ولید سے (1) ملزم رابیل چھجڑ وکو گرفتار کیا گیا. جس سے (95) گرام چرس برآمد کیا گیا. علاقہ تھانہ رحمتپور سے (1) ملزم زاہد عمرانی کو گرفتار کیا گیا. جس سے (2000) گرام بھنگ برآمد کی گ؟ ی. لاڑکانہ: تھانہ کیٹی ممتاز کی حدود میں بیوی اور بھتیجی کو سیاہ کاری الزام کے تحت قتل کرنے والا ملزم ؟ لا؟ ے قتل (بندوق) سمیت گرفتار. پولیس نے دونوں مقتولا؟ وں رشیدہ زوجہ ملزم گدا حسین اور ملزم کی بھتیجی شبانہ بنت دیدار علی شیخ کی میتیں پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کردی ہیں. پولیس کی جانب سے مزید قانونی کاوا؟ ی کا عمل جاری ہے.

بقیہ 38 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بدبو دار پانی سپلائی ہورہا ہے جس سے مختلف بیماریوں پھیلنے کا خدشہ ہیں، اہلیان کے مطابق کلی غریب آباد میں 6 انچی پرانی پائپ لائن گزشتہ کئی عرصے سے کسی جگہ سے ٹوٹ چکی ہے جس کی وجہ سے گٹر کا پانی مکس ہورہا ہے، پانی جب گھروں میں پہنچتا ہے تو اس سے تعفن کی بو آرہی ہوتی ہے جو نا پینے کا قابل ہوتا ہے اور نہ ہی استعمال کا قابل، صاف پانی کے ساتھ کسی گٹر کا غلیظ پانی مکس آرہا ہے متعلقہ محکمہ کو کئی بار اہلیان کے لوگوں نے شکایت کی ہے مگر وہ ٹس سے مس نہیں ہورہے ہیں جو انتہائی افسوسناک عمل ہے جس سے اہلیان کالونی میں بیماری پوٹ پڑھ سکتی ہے، اہلیان کا کہنا تھا کہ بازار کے قریب آبادی کو صاف پانی مل رہا ہے جبکہ دیگر آدھی کالونی کو مضر صحت پانی سپلائی ہورہا ہے، اس سے واضع ہوتا ہے کہ درمیان میں کسی جگہ سے 6 انچی پی ایچ ای پائپ لائن کے ساتھ گٹر کا پانی شامل ہورہا ہے، متعلقہ محکمہ پی ایچ ای فوری طور پر پرانے 6 انچ والی پائپ لائن میں گٹر کا پانی مکس ہونے کا نوٹس لے کر عوام کو اس عذاب سے نجات دلائیں، اہلیان غریب آباد اور کلی خانجہان شدید اذیت سے دوچار ہیں،

بقیہ 39 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عوام حکومت کی نااہلی، ناکامیوں کا اب مزید بوجھ برداشت نہیں کرسکتی، 27 فروری کا مارچ موجودہ حکومت کے ظلم کیخلاف آخری کیل ثابت ہوگا۔

بقیہ 40 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن صحافیوں کے حقوق کیلئے ہر جگہ اور اٹھائے گی۔ انہوں نے کہا کہ محسن بیگ کے گھر چھاپہ چادر اور چار دیواری پامال کی گئی، عمران نیازی کی سیاست جھوٹے الزامات اور انتقامی کارروائیوں کا محور رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ محسن بیگ کی حکومت کارکردگی پر تنقید پر انکے خلاف بھی انتقامی کاروائی کی جارہی ہے۔

بقیہ 41 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہوں میں اضافہ یقینی بنائیں آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن صوبے بھر کے ملازمین کی حقوق کے حصول کے لئے ہر فورم پر آواز بلند کرے گی صوبائی حکومت نے تنخواہوں میں اضافہ نہیں کیا تو 28 فروری کو سبی سمیت صوبے بھر کے ملازمین کوئٹہ میں احتجاجی دھرنا دیں گے صوبائی صدر حاجی داد محمد بلوچ کی قیادت پر فخر ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملازمین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن سبی کے صدر بابو محمد انور مجگ نے کہا کہ ایپکا نے ہمیشہ بلا رنگ نسل ملازمین کے حقوق کے حصول کیلئے آواز بلند کی اپنے طویل ترین جدوجہد میں جیلوں میں بند رہے تشدد لاٹھیاں برداشت کی تاہم ہمارے ملازمین کے مسائل مشکلات کا ازالہ ہوسکے ملک میں ملازمت پیشہ طبقہ کئی مسائل کو شکار ہیں ملک میں وسائل کی کمی نہیں مختنی ملازمین کے مسائل کو حل کرنے کی ضرورت ہیں جب تک ملکی اداروں کو مضبوط نہیں کیا جائے گا ملک ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتا مقررین نے کہا کہ آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن ملک کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کرے گی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے ملک بھر کے ملازمین کو متحد ومنظم کرکے اپنا رول پلے کرے گی ملک بھر کے ملازمین ایپکا کے پلیٹ فارم پر متحد ومنظم ہوجائیں ملازمین کے حقوق کے حصول کیلئے کٹ مرنے کو تیار ہیں انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں ملازمین کے حقوق کیلئے جاری جدوجہد کے نتیجے میں وفاقی حکومت نے ملازمین کی تنخواہوں میں 15 فیصد اضافہ کیا جو نہ ہونے کے برابر ہے اسی طرز پر صوبائی حکومت 25 فیصد تنخواہوں میں اضافہ کو اعلان کریں اور 28 فروری تک ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کا نوٹیفکیشن جاری کرے بصورت دیگر مرکزی وصوبائی قیادت میں سبی سمیت صوبے بھر کے ملازمین احتجاجی دھرنا دیں گے جس کی ذمے داری صوبائی حکومت پر عائد ہوگی انہوں نے کہا کہ صوبے بھر کے ملازمین کی حقوق پر اب سودے بازی نہیں کریں گے اور نہ ہی لاٹھی گولی کی سرکار قبول کی جائے گی ہم صوبائی صدر حاجی داد محمد بلوچ کی قیادت پر فخر کرتے ہیں۔

بقیہ 42 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے ذریعے چیک کیا گیا۔ ڈرائیو ٹیسٹ ٹیموں نے سروے کے راستوں کا انتخاب اس طرح کیا کہ اس میں سروے کے علاقوں میں اہم سڑکیں، سروس روڈز اور زیادہ تر سیکٹرز/ کالونیاں شامل ہوں۔ یہ سروے متعلقہ لائسنسوں اور کوالٹی آف سروس ضوابط میں متعین کردہ معیار کے پیش نظر ہر کے پی آئیز کی تعمیل کی سطح کی بنیاد پر کیا گیا۔ جس میں سی ایم اوز کو سروے شدہ شہروں اور موٹرویز/ ہائی ویز میں موبائل نیٹ ورک کوریج اور وائس سروسز کے حوالے سے ایک سے چوتھی پوزیشن دی گئی۔ اسی طرح موبائل براڈ بینڈ سپیڈ سیگمنٹ میں درجہ بندی ڈیٹا ڈاؤن لوڈ نگ کی رفتار کے مطابق کی گئی۔ سروے کے نتائج سے یہ بات سامنے آئی کہ سی ایم اوز کی جانب سے براڈ بینڈ سروسز کے حوالے سے کافی حد تک تعمیل کی گئی جبکہ کچھ علاقوں میں ایس ایم ایس اور وائس کے پی آئیز لائسنس کے مطابق نہیں تھے۔ جس کے نتیجے میں آپریٹروں کو اصلاحی اقدامات کے لیے ضروری ہدایات جاری کر دی گئی ہیں تاکہ لائسنس کے معیارات کے مطابق سروس میں بہتری کو یقینی بنایا جا سکے۔ سروے کے نتائج صارفین کی معلومات کے لیے پی ٹی اے کی ویب سائٹ

بقیہ 43 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہا کہ میں اور میرا پورا خاندان نہایت متوسط گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں ہمارا ذریعہ معاش صرف شعبہ زراعت پر منحصر ہے محنت مزدوری سے اپنے بچوں کو تعلیم دلانے کی ہر ممکن کوشش کی ہے میرا ایک فرزند عبدالحفیظ بچپن سے ذہین اور ہونہار طالب علم رہا ہے جس نے میٹرک اور ایف ایس سی بہتر پوزیشن لے کر پاس کیا اسکی شوق کو دیکھ کر ہم والدین نے اسے اعلی تعلیم دلانے کا فیصلہ کیا ان دنوں وہ قائد اعظم یونیورسٹی اسلام آباد میں فزکس میں ایم فل کر رہا تھا چھ ماہ بعد اسکی ایم فل مکمل ہونا تھا دو روز قبل وہ چھٹیاں گزارنے خضدار آیا ہوا تھا وہ اپنی شوق کی تکمیل اور فروغ تعلیم کی خاطر مقامی غیر سرکاری نجی تعلیمی ادارے میں بچوں کو تعلیم دے رہا تھا آٹھ فروری کو دوران کلاس اس کو دو نامعلوم افراد وہاں سے لے گئے جو تاحال واپس نہیں آیا محمد حسن باجوئی نے کہا کہ اللہ گواہ ہے کہ ہمارا کسی سیاسی جماعت یا تنظیم سے کوئی تعلق نہیں ہم کسی پر الزام تراشی نہیں کررہے ہم تمام مسلمان بھائیوں سے دست بستہ اپیل کرتے ہیں کہ خدارا ہمیں ہمارا بیٹا واپس لانے میں مدد کریں عبدالحفیظ کی والدہ نے کہا کہ میں پیران سالی اور ضعیف العمر ہونے کے باوجود اور عبدالحفیظ کی دو بہنیں اپنے بیٹے عبدالحفیظ کی تعلیمی سلسلے کو جاری رکھنے کے لئے (سوئی دھاگہ) کا کام کرکے اسکی مالی مدد کرتے تھے تاکہ وہ پڑھ لکھ کر معاشرے کا کارآمد شہری بنے اور ہمارے سر کا سایہ بن کر مالی کفالت کرے انہوں نے کہا کہ میں بھی تمام مسلمان بھائیوں سے اپیل کرتی ہوں کہ میرے بیٹے کی بازیابی کے لئے ہماری مدد کرے انہوں نے کہا کہ عبدالحفیظ کی بحفاظت واپسی کے لئے جہاں وہ طلبا کو تعلیم دے رہا تھا وہاں کے طلبا اور کچھ سیاسی لوگ اسکی واپسی کے لئے احتجاج کیا تھا ان سے بھی ہمارا کوئی تعلق نہیں اور نہ ہمارا کوئی سیاسی عزم ہے ہم تو صرف اپیل کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ ہمارا بیٹا عبدالحفیظ بے گناہ ہے آخر میں انہوں نے کہا کہ اگر ہمارے بیٹے عبدالحفیظ سے کوئی خطا سرزد ہوا ہے تو ہماری ضعیف العمری کو دیکھ کر اس کو معاف کردیں۔

بقیہ 44 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

یا، ملک روح اللہ خان ترین کے ہمراہ ملک مراد خان ترین۔ عبدالباقی ترین، ملک حبیب اللہ ترین، ملک عبدالعلی ترین۔ نور سلطان ملازئی ضمیر استاد، ملک حاجی علی محمد شاہ۔ حاجی پائند اقا۔ مولا داد ترین صورت خان شیر جان۔ حاجی نعمت شاہ حاجی بائیل شاہ تھے جبکہ چائے پارٹی میں فقیر محمد میانی اختر محمد میانی راز محمد میانی۔ نصیب اللہ ترین۔ اور دیگر نے بھی شرکت کی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز و ٹیکسیشن محترمہ لیلی ترین کے فنڈ سے منظور شدہ ہرنائی بازار تا غڑمی بلیک ٹاپ روڈ کے باقاعدہ ٹینڈر ہونے کی خوشی میں اہلیان یونین کونسل صدرون کی جانب سے محترمہ لیلی ترین، ملک مہر اللہ ترین، ملک روح اللہ خان ترین کا شکریہ ادا کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ملک روح اللہ خان ترین نے کہا کہ اپنے شہید ولد کے ادھورے مشن کو پورا کرنے کیلئے ضلع ہرنائی کی ترقی وخوشحالی کیلئے ہر فورم پر جدوجہد کرینگے۔

بقیہ 45 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

آغا حاجی حبیب اللہ حاجی اشرف حاجی حضرت علی مولوی، سید نیاز محمد آغا حافظ عطااللہ بدردین آغا عبدالغفور مولوی محمد شفیع مولوی صالح محمد گل عصمت اللہ حاجی نعمت اللہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مجوزہ بلدیاتی حلقہ بندیوں کی فہرستیں عوامی ضروریات کے برعکس ہیں انہیں کسی صورت قبول نہیں کرتے اس سے ہمارے مستقبل کو خطرات لاحق ہیں ضلع پشین کیڈی سی ظفر یا دینی اور انکے عملہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ بلدیاتی حلقہ بندیوں کی فہرستوں کو فوری منسوخ کرکے سابقہ انتظامی طریقہ کار کے مطابق نئی بلدیاتی حلقہ بندیوں کو مرتب کریں انہوں نےکہا کہ تحصیل سرانان میں پہلے 22 وارڈ تھے لیکن اس مرتبہ 18 وارڈ کیئے گئے ہیں

ینگ ڈاکٹرز کا منظور شدہ مطالبات کے نوٹیفکیشن تک ہڑتال ختم نہ کرنے کا اعلان

کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں میں ینگ ڈاکٹرز کی کال پر او پی ڈیز اور ان ڈور سروسز کا بائیکاٹ جاری

مطالبات تسلیم کئے جانے کے حوالے سے نوٹیفکیشن کے اجراء تک ہڑتال جاری رہے گی، ینگ ڈاکٹرز

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں میں ینگ ڈاکٹرز کی کال پر او پی ڈیز اور ان ڈور سروسز کا بائیکاٹ جاری، ینگ ڈاکٹرز نے منظور شدہ مطالبات کے نوٹیفکیشن تک ہڑتال ختم نہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں میں ینگ ڈاکٹرز کی 82 روز سے ہڑتال جاری ہے او پی ڈیز اور ان ڈور سروسز بند ہیں، ینگ ڈاکٹرز کی ہڑتال کے باعث مریضوں کو مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے، ینگ ڈاکٹرز ہسپتالو (باقی صفحہ 7 نمبر 10)

میونسپل کمیٹی لواحقین کو تعینات کیا جائے، محمد اعظم

گزشتہ تین ماہ سے میونسپل کمیٹی کے ملازمین کو تنخواہیں جاری نہیں کئے گئے ہیں

ہرنائی (جی این ایم) میونسپل کمیٹی ہرنائی کی جانب سے تنخواہوں کی گزشتہ تین ماہ سے عدم ادائیگی کیخلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی اور پریس کلب ہرنائی کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا احتجاجی ریلی سے ضلعی صدر حبیب اللہ جنرل سیکرٹری محمد اعظم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ تین ماہ سے میونسپل کمیٹی کے ملازمین کو تنخواہیں جاری نہیں کئے گئے ہیں جس کی وجہ سے ان کے (باقی صفحہ 7 نمبر 9)

گورنر بلوچستان سید ظہور آغا سے نذر بلوچ ودیگر ملاقات کررہے ہیں

صوابی، اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

تاجر اپنے مقاصد کے حصول کیلئے اپنے صفوں میں اتحاد و اتفاق پیدا کریں، سعد اللہ خان

آئندہ چند روز میں ایگزیکٹو باڈی اور مرکزی انجمن تاجران کے مرکزی کابینہ کا مشترکہ اجلاس طلب کیا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے سینئر رہنماؤں کا ایک اہم اجلاس گزشتہ روز منعقد ہوا جس کی صدارت مرکزی انجمن تاجران بلوچستان و ایگزیکٹو باڈی کے چیئرمین حاجی سعد اللہ خان اچکزئی نے کی، اجلاس میں مرکزی جنرل سیکرٹری سید عبدالقیوم آغا، ڈپٹی چیئرمین حاجی محمد ہاشم کاکڑ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید عبدالخالق آ (باقی صفحہ 7 نمبر 6)

ہرنائی وگردونواح میں بدھ 16 فروری کو زلزلے کے جھٹکے بابو محلے میں پہلے سے کریک شدہ مکانات مہندم

ہرنائی (جی این ایم) ہرنائی وگردنواح میں بدھ 16 فروری کو یکے بعد دیگرے زلزلے کے جھٹکے زلزلے کا پہلا جھٹکا 03:20 دوسرا جھٹکا 03:49 اور تیسرا جھٹکا 04:36 پر آئے اور چھوتا جھٹکا 04:49 پر زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ لوگوں نے کلمہ طیبہ کاورد کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 نمبر 7)

اسلامی جمعیت طلبہ لورالائی مقام کے تحت گزشتہ روز یوم حیاء کے حوالے سے حیاء واک کا اہتمام کیا گیا

لورالائی (آن لائن) اسلامی جمعیت طلبہ لورالائی مقام کے تحت گزشتہ روز یوم حیاء کے حوالے سے حیاء واک کا اہتمام کیا گیا جس میں ناظم اسلامی جمعیت طلبہ بلوچستان ڈاکٹر نوید نادر مگسی اور صوبائی جنرل سیکرٹری محمد طاہر ایک نے خصوصی شرکت کی واک کے شرکاء نے اللہ (باقی صفحہ 7 نمبر 8)

موجودہ حالات میں فنکشنل لیگ اور حر جماعت کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی، مقررین

ملک کے خلاف کسی بھی بیرونی جارحیت کی صورت میں حر جماعت اور فنکشنل مسلم لیگ پاک فوج کے شانہ بشانہ ہوگی

ڈیرہ اللہ یار (جی این ایم) فنکشنل مسلم لیگ جعفر آباد کے زیر اہتمام حر جماعت کے روحانی پیشوا اور فنکشنل مسلم لیگ کے سربراہ پیر پگارہ کی 65 ویں سالگرہ عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی سالگرہ تقریب میں فنکشنل لیگ کے رہنماؤں نے کیک کاٹا تقریب سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کو جب بھی قربانی کی ضرورت پڑی حر جماعت دفاع وطن میں ہراول دستے (باقی صفحہ 7 نمبر 5)

ہماری حکومت سے قبل ٹیکسٹائل کے شعبے میں کوئی ترقی نہیں ہوئی تھی، مشیر تجارت

ہماری حکومت کی پالیسیوں کے باعث بہتری نظر آنا شروع ہوچکی ہے، پاکستان میں ٹیکسٹائل کا شعبہ بہتری کی جانب گامزن ہے

ٹیکسٹائل میں ہماری کارکردگی اچھی ہے، ٹیکسٹائل کے کم ویلیوایڈڈ شعبے میں کاٹن یارن شامل ہے جس کی پیداوار میں ہم پانچویں نمبر پر ہیں

اسلام آباد (آن لائن) مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد نے کہا ہے کہ ہماری حکومت آنے سے قبل کے 10 سال کا ریکارڈ دیکھیں تو گزشتہ حکومتوں کے ادوار میں ٹیکسٹائل کے شعبے میں کوئی بہتری، نمو اور ترقی نہیں ہوئی تھی، ہماری حکومت کی پالیسیوں کے باعث بہتری نظر آنا شروع ہوچکی ہے، پاکستان میں ٹیکسٹائل کا شعبہ بہتری کی جانب گامزن ہے، ٹیکسٹائل میں ہماری کارکردگی اچھی ہے، ٹیکسٹائل کے کم ویلیوایڈڈ شعبے میں کا (باقی صفحہ 7 نمبر 1)

حلقہ بندیوں کیلئے ضروری ہے کہ جغرافیائی، لسانی، ثقافتی، قومی، یکسانیت کا خیال رکھا جائے، ایچ ڈی پی

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان کے مطابق پارٹی نے غیر منصفانہ اور غیر حقیقی بلدیاتی حلقہ بندیوں کے خلاف ریجنل الیکشن کمیشن کوئٹہ کے پاس پارٹی کے نائب چیئرمین عزیز اللہ ہزارہ کی سربراہی میں اپیل جمع کرادی اس موقع پر رکن مرکزی کونسل (باقی صفحہ 7 نمبر 3)

ملک میں پٹرولیم مصنوعات کو مہنگے ہونے سے مہنگائی مزید بڑھیں گے، سیف الدین نثار

حکومت اور اپوزیشن پارٹیوں کی سیاسی کشمکش کی وجہ سے غریب عوام مہنگائی کی چکی میں پھنس چکے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات سیف الدین نثار نے پاکستان کی تاریخ میں پٹرولیم مصنوعات کی بلند ترین سطح پہنچنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں پٹرولیم مصنوعات کو مہنگے ہونے سے مہنگائی مزید بڑھیں گے حکومت اور اپوزیشن پارٹیوں کی سیاسی کشمکش کی وجہ سے غریب عوام مہنگائی کی چکی میں پھنس چکے (باقی صفحہ 7 نمبر 2)

نال، سگنل کم ہونے کی وجہ سے اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا

نال (آن لائن) تحصیل نال گردنواح علاقوں گریشہ درنیلی ہزار گنجی مروکی شری لغور زرد تیغاپ ڈھل چنال سمیت دیگر ایریاؤں میں سگنل کم ہونے کی وجہ سے اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑھ رہا ہے مذکورہ علاقوں میں موبائل کمپنی کے ٹاوروں کی منظوری دی جائے۔ (باقی صفحہ 7 نمبر 4)

جے یو آئی کے مرکزی رہنماء مولانا حافظ حمد اللہ مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات کررہے ہیں

حلقے میں ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام جاری ہے، نور محمد دمڑ

حلقہ انتخاب کے عوام کے اجتماعی کام کے علاوہ میرا اولین ترجیحی حلقے کے دونوں اضلاع کے تعلیم یافتہ بیروزگار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اولین ترجیح ہے

ان شاء اللہ حلقے کے دونوں اضلاع کے تعلیم یافتہ بیروزگار نوجوانوں کو میرٹ پر ہر قسم کی تعصب سے بالاتر ہوکر روزگار فراہم کرینگے

(باقی صفحہ 7 نمبر 12)

بلدیاتی انتخابات کی حلقہ بندیاں کسی صورت قابل قبول نہیں، مفتی محمد آغا

میونسپل سرانان میں نئی حلقہ بندیوں سے بہت اعتراضات سامنے آرہے ہیں

(باقی صفحہ 7 نمبر 45)

ہرنائی کے تمام علاقوں میں بلارنگ ونسل اور سیاست بالاتر ہو کر کام کرینگے، روح اللہ خان

(باقی صفحہ 7 نمبر 44)

محنت مزدوری سے اپنے بچوں کو تعلیم دلانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے، حسن باجوئی

(باقی صفحہ 7 نمبر 43)

کیسکو ہرنائی نے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف گرینڈ آپریشن کا آغاز کردیا

سینکڑوں غیر قانونی اور نادہندگان کے کنکشن منقطع کردیئے گئے، ایس ڈی او عطاء اللہ بنگلزئی

(باقی صفحہ 7 نمبر 11)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ نے عوام کی کمر توڑ رکھی ہے، مولانا قادر لونی

محکمہ داخلہ جنوبی پنجاب کے افسران کو گاڑیاں دینے کیلئے گرانٹ منظور

کابینہ کمیٹی نے گاڑیوں کی خریداری کیلئے 48 لاکھ روپے فراہم کرنیکی منظوری دیدی

(باقی صفحہ 7 نمبر 14)

الیکشن کمیشن کا پنجاب کے کئی اضلاع میں پہلے مرحلے کے بلدیاتی انتخابات کرانے کا فیصلہ

(باقی صفحہ 7 نمبر 13)

پی ٹی اے کا پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کوالٹی آف سروس سروے

یہ سروے متعلقہ لائسنسوں اور کوالٹی آف سروس ضوابط میں متعین کردہ معیار کے پیش نظر ہر کے پی آئیز کی تعمیل کی سطح کی بنیاد پر کیا گیا

ڈرائیوٹیسٹ ٹیموں نے سروے کے راستوں کا انتخاب اس طرح کیا کہ اس میں سروے کے علاقوں میں اہم سڑکیں، سروس روڈز اور زیادہ ٹریفک زدہ کالونیاں شامل ہوں

اسلام آباد (پ ر) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے 18 شہروں اور 9 موٹرویز/ ہائی ویز/ انٹرسٹی روڈز میں سروس کے معیار کو جانچنے کے لئے ایک آزاد کوالٹی آف سروس سروے کیا۔ یہ سروے موبائل فون آپریٹروں (سی ایم اوز) کی کارکردگی اور خدمات کے معیار کو جانچنے کے لئے کیا گیا جو صارفین کو فراہم کی جارہی ہیں۔ سروے کے دوران لائسنس میں درج آواز، نیٹ ورک کوریج، ایس ایم ایس اور موبائل براڈ بینڈ/ ڈیٹا کے پی آئیز کو جدید ترین خودکار کوالٹی آف سروس مانیٹرنگ اور بینچ مارکنگ ٹول کے استعمال (باقی صفحہ 7 نمبر 42)

صوبائی صدر حاجی داد محمد بلوچ کی قیادت پر فخر ہے، بابو محمد انور رنجک

سبی (جی این ایم) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن سبی کے صدر بابو محمد انور رنجک نے کہا ہے کہ مہنگائی اور قلیل تنخواہوں کے باعث بلوچستان بھر میں ملازمین مسائل مشکلات کی دلدل میں گھیرے ہوئے ہیں جس کو نکالنے کیلئے وفاقی حکومت کے ساتھ ساتھ صوبائی حکومت بھی تنخوا (باقی صفحہ 7 نمبر 41)

دالبندین کلی غریب آباد اور کلی خانجہان میں غیر معیاری پانی سپلائی کا نوٹس لیا جائے، عوامی حلقے

دالبندین (نامہ نگار) دالبندین کلی غریب آباد اور کلی خانجہان میں غیر معیاری پانی سپلائی کا نوٹس لیا جائے، مین پائپ لائن سے بدبودار اور مضر صحت پانی سپلائی ہورہا ہے، اہلیان کلی غریب آباد اور کلی خانجہان کے مکینوں کا کہنا ہے کہ گزشتہ کئی مہینوں سے لوگوں کے گھروں میں (باقی صفحہ 7 نمبر 38)

جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کاروائیوں کے دوران مختلف علاقوں سے 05 ملزمان گرفتار

لاڑکانہ (نامہ نگار) جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کاروائیوں کے دوران مختلف علاقوں سے 05 ملزمان گرفتار۔ ملزمان سے اسلحہ اور منشیات برآمد۔ رپورٹ کے مطابق بدھ کے روز لاڑکانہ پولیس نے مختلف علاقوں میں چھاپے مار کر پانچ سے زائد ملزمان گرفتار کرنے کی دعوی کی ہے (باقی صفحہ 7 نمبر 37)

علمدار روڈ پر واقع بلڈنگ کی ٹینکی سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد کرلی گئی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے علمدار روڈ پر واقع بلڈنگ کی ٹینکی سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد کرلی گئی ہے۔ ایدھی حکام کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے عملدار روڈ سعید احمد سٹریٹ کے قریب واقع بلڈنگ کی ٹینکی سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد کرلی گئی ہے لاش کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے سول ہسپتال منتقل کردیا (باقی صفحہ 7 نمبر 35)

ڈھاڈر۔ سانحہ اعوان برداری کے متاثرین قومی شاہراہ بلاک کر احتجاج کررہے ہیں

پیٹرول 160 روپے لیٹر ہوگیا مگر گھبرانا نہیں ہے، امتیاز شیخ

عوام حکومت کی نااہلی، ناکامیوں کا اب مزید بوجھ برداشت نہیں کرسکتی

کراچی (آن لائن) وزیر توانائی سندھ امتیاز شیخ نے پیٹرول کی قیمت میں اضافے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پیٹرول 160 روپے لیٹر ہوگیا مگر گھبرانا نہیں ہے۔ چور چور کا شور مچانے والے روزانہ عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈال رہے ہیں۔ امتیاز شیخ نے کہا کہ حکومت نے عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مہنگائی کا پہاڑ گرادیا، اب اشیائے خوردونوش، بجلی، ٹرانسپورٹ (باقی صفحہ 7 نمبر 39)

سینئر صحافی محسن کے گھر ایف آئی اے کا چھاپہ قابل مذمت ہے، رانا ثناء اللہ

محسن بیگ کی حکومت کارکردگی پر تنقید پر انکے خلاف بھی انتقامی کاروائی کی جارہی ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر رکن قومی اسمبلی رانا ثناء اللہ خاں نے سینئر صحافی محسن بیگ کے گھر چھاپے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سینئر صحافی محسن کے گھر ایف آئی اے کا چھاپہ قابل مذمت ہے۔ اپنے بیان میں مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر نے کہا کہ حکومت میڈیا کی آواز دبانے کیلئے ایسے اوچھے ہتھکنڈے اپنارہی ہے (باقی صفحہ 7 نمبر 40)

چین گوادر کے ذریعے ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں اربوں ڈالر بچاسکتا ہے، رپورٹ

خلیجی ممالک سے تیل کی کنسائنمنٹس کو پاکستان کے راستے چین پہنچایا جائیگا

اسلام آباد (آن لائن) گوادر یورپ اور مشرق وسطی کے ممالک کے ساتھ تجارت کے لیے ایک متبادل، محفوظ، مختصر اور سستا راستہ ہوگا، گوادر کے ذریعے چین نہ صرف سفر کا دورانیہ بچائے گا بلکہ ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں بھی اربوں ڈالر بچا سکتا ہے۔ جنرل آف ایڈوانس ٹرانسپورٹیشن میں شائع ہونے والی ایک تحقیق کے مطابق مشرق وسطی میں کاشغر اور منزل مقصود (باقی صفحہ 7 نمبر 36)

وفاقی اور صوبائی کابینہ میں اضافہ کیا جارہا ہے، ڈاکٹر شہباز گل

حکومت کے پاس پیسے کہاں تھے، چوروں سے ریکور کئے ہوئے 550 ارب میں سے ہی عوام کیلئے ہیلتھ کارڈ دیا

لاہور (آن لائن) وزیر اعظم کے معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل نے کہا ہے کہ حکومت کے پاس پیسے کہاں تھے چوروں سے ریکور کئے ہوئے 550 ارب میں سے ہی عوام کے لئے ہیلتھ کارڈ پر تین سالوں میں 400 ارب روپے خرچ ہوں گے، وفاقی اور صوبائی کابینہ میں اضافہ کیا جارہا ہے، آنے والے دنوں میں مریم نواز کے چچا اور کزن پر فرد جرم عائد ہونے جار (باقی صفحہ 7 نمبر 15)

دین اسلام نے انسانیت کا درس دیا، قاری مہر اللہ

اسلام اور مسلمانوں کی تہذیبی شناخت کے بارے میں عالمی قوتوں کا انتہائی معاندانہ اور تحقیر آمیز ہے

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ کے زیر اہتمام جلسہ دستار بندی و تقریب ختم بخاری شریف محدث العصر شیخ الحدیث حضرت مولانا عزیز الرحمٰن شیخ الحدیث مولانا نجیب اللہ منیب جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری مبلغ جہاد مولانا محمود الحسن قاسمی پاسبان مدارس جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان سیکرٹری قاری مہر اللہ شیخ الحدیث مولانا محمد نور شیخ الحدیث مولانا (باقی صفحہ 7 نمبر 16)

پی پی ایچ آئی کے تمام ملازمین کو مستقل کیا جائے، رحیم کاکڑ

کیونکہ یہ صوبے کے طول وعرض میں بہترین سروس فراہم کررہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن کے صدر سابق میئر ناظم کوئٹہ رحیم کاکڑ، جنرل سیکرٹری جاوید اقبال، جنرل سیکرٹری پشین میر وائیس کاکڑ، عبدالحنان درانی، قلعہ عبداللہ رازق لالا، خائیداد ترین، محمد دین، شاہ مسعود کاکڑ، ارباب اقبال، ذاکر ہنگلوئی، آصف حریفال، نثار اچکزئی نے مشترکہ اخباری بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان (باقی صفحہ 7 نمبر 20)

جھل مگسی محکمہ زراعت میں ٹیسٹ اور انٹرویو

بے روزگاری کی انتہا، 16 خالی اسامیوں پر تیرہ سو امیدواروں نے حصہ لیا

گنداواہ (جی این ایم) تفصیلات کے مطابق محکمہ زراعت جھل مگسی 16 فورتھ گریڈ کی خلی اسامیوں پر سلیکشن کمیٹی کے چیئرمین ڈائریکٹر جنرل زراعت مسعود احمد بلوچ، ڈویژنل ڈائریکٹر زراعت عتیق الرحمٰن کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ ہدایت اللہ جاموٹ، ایڈمن آفیسر زراعت عطا اللہ بلوچ اور اکاؤنٹ آفیسر جھل مگسی حاجی محمد اسماعیل نے ٹیسٹ و انٹرویو لیا ضلع کی سولہ فور (باقی صفحہ 7 نمبر 19)

گوادر، ڈپٹی کمشنر گوادر جمیل احمد منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نفیسہ شاہ کی سینئر صحافی اور تجزیہ نگار محسن بیگ کی گرفتاری کی مذمت

ریاست مدینہ کے درس دینے والے حکمران تنقید اور فیصلوں سے اختلاف رائے بھی برداشت نہیں کرسکتے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینئر رہنماء اور رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر نفیسہ شاہ نے سینئر صحافی اور تجزیہ نگار محسن بیگ کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریاست مدینہ کے درس دینے والے حکمران تنقید اور فیصلوں سے اختلاف رائے بھی برداشت نہیں کرسکتے۔ اپنے بیان میں نفیسہ شاہ نے کہا کہ سینئر صحافی اور تجزیہ نگار محسن بیگ کی گرفتاری کی مذمت کر (باقی صفحہ 7 نمبر 30)

پولیس اہلکار ذاتی عناد کی بناء پر ہر وقت ہمیں ناجائز تنگ کرتے ہیں، محمد شفیق محمد رفیق

حکام بالا سے اپیل ہے کہ میرے ساتھ ہونے والے ظلم کا ازالہ کیا جائے اور مجھے انصاف فراہم کیا جائے

ژوب (نامہ نگار) اہلیان ژوب کے محمد شفیق محمد رفیق اور حمیداللہ نے کہا ہے کہ 24 دسمبر 2021 کو بوقت تقریبا رات 2 بجے رات پولیس نے میرے گھر واقع کلی سانگے غر پر چھاپہ مارا جس میں ڈی ایس پی کے ساتھ دیگر پولیس اہلکاران بھی شامل تھے، ہمارا گاؤ (باقی صفحہ 7 نمبر 29)

پبلک نوٹس

از دفتر حلقہ بندی اتھارٹی

کوئٹہ ڈویژن

برگنزا ولاز، سٹریٹ نمبر 01، رزغون روڈ کوئٹہ

عنوان، نوٹس بابت سماعت اعتراض برخلاف یونین کونسل 05/07 وارڈ ضلع قلعہ عبداللہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عبدالولی نے یونین کونسل 05/07 وارڈ ضلع قلعہ عبداللہ کی ابتدائی حلقہ بندی کی بابت زیر دستخطی کے دفتر میں اعتراض داخل کیا ہے، جس کی سماعت مورخہ 21-02-2022 کو زیر دستخطی کے دفتر میں مقرر کی گئی ہے لہٰذا اس حوالے سے اگر کوئی اپنا موقف رکھتا ہو تو سماعت کی تاریخ پر حاضر ہو۔

حلقہ بندی اتھارٹی
(ریجنل الیکشن کمشنر کوئٹہ)
کوئٹہ ڈویژن

آمریت کے دور میں بھی اس طرح میڈیا پر قدغن نہیں لگایا گیا، سردار رند

پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند کا سینئر صحافی محسن بیگ کی گرفتاری کی مذمت

جمہوریت میں حق رائے دہی اور اپنا نقطہ نظر دینا ...

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر سردار یار محمد رند نے سینئر صحافی محسن بیگ کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ آمریت کے دور میں بھی اس طرح میڈیا پر قدغن ...

گورنر بلوچستان سید ظہور آغا سے منورہ منیر ملاقات کررہی ہیں

ڈی پی گلوبل ون بحری جہاز کی رپورٹ منفی آئی ہے، منیجر

بیلا (آن لائن) ڈی پی گلوبل ون بحری جہاز کی رپورٹ منفی آئی ہے پی آر ڈی کی جاری رپوٹ کے مطابق بحری جہاز میں جنریٹر اور ایل ڈی او کے علاوہ کوئی دوسری چیز موجود نہیں ہے جو انسانی جانوں اور آبی حیات کے کیلئے خطرات کا باعث ہو بحری جہاز کے کیپٹن نے گیس فری (باقی صفحہ 7 نمبر 17)

نااہل اور سلیکٹیڈ حکومت عوام کو خودکشیوں پر مجبور کرنے کا عزم کر رکھا ہے، عزیز اللہ حنفی

سرانان (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع پشین کے امیر مولانا عزیز اللہ حنفی جنرل سیکرٹری الحاج سید مطیع اللہ آغا ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات ملک یوسف خان کاکڑ اراکین عاملہ نے اپنے ایک بیان میں وفاقی حکومت کی جانب پیٹرولیم کی قیمتوں میں حالیہ اضافے پر تشویش کا اظہا (باقی صفحہ 7 نمبر 18)

پشتونخوا میپ کے بزرگ رکن محمد بشیر خان اچکزئی انتقال کرگئے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے بزرگ رکن محمد بشیر خان اچکزئی انتقال کرگئے۔ مرحوم خورشید خان اچکزئی، فرید خان اچکزئی، اورنگزیب خان اچکزئی کے والد تھے۔ فاتحہ خوانی عنایت اللہ کاریز گلستان میں جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوا میپ کے صوبائی (باقی صفحہ 7 نمبر 21)

پاکستان، مزید 49 کورونا مریض چل بسے، دوہزار سے زائد کیسز رپورٹ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں کورونا وائرس سے مزید 49 افراد زندگی کی بازی ہار گئے، دوہزار سے زائد کیسز رپورٹ ہوئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد وشمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 2 ہزار 465 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 4 ہزا (باقی صفحہ 7 نمبر 31)

عدالتوں کی تقسیم، مقدمات میں دہشتگردی کی دفعات کیخلاف وکلاء کی تیسرے روز بھی ہڑتال

تالہ بندی کی وجہ سے مقدمات کی سماعت نہ ہوسکی، وکلاء نے سیشن جج لاہور کی گاڑی کو بھی داخلے کی اجازت نہ دی

لاہور (آن لائن) تحصیل سطح پر عدالتوں کی تقسیم اور مقدمات میں دہشتگردی کی دفعات کے خلاف وکلاء نے تیسرے روز بھی ہڑتال جاری رکھی، سیشن اور سول کورٹ کی تالہ بندی کی وجہ سے مقدمات کی سماعت نہ ہوسکی، وکلاء نے سیشن جج لاہور حبیب اللہ عامر کی گاڑی کو داخلے کی اجازت نہ دی جس کی وجہ سے سیشن جج ججز گیٹ سے پیدل اپنے چیمبر تک گئے۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 7 نمبر 23)

صحافیوں اور سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں پر گہری تشویش ہے، عظمیٰ بخاری

عمران خان یونانی دور کے بادشاہوں والے اختیارات کے خواہاں ہیں

لاہور (آن لائن) مسلم لیگ (ن) پنجاب کی ترجمان عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ صحافیوں اور سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں پر گہری تشویش ہے، ایف آئی اے نے دو روز قبل لاہور سے لیگی کارکن کو گرفتار کیا، اسلام آباد سے صحافی محسن بیگ کو گرفتار کرلیا گیا، حزب اختلاف کی زبانیں بند کرنے کا فارمولہ ناکام ہورہا ہے، جس شخص اور اس کی پارٹی کی زبانوں سے کوئی محفوظ (باقی صفحہ 7 نمبر 22)

حکومت ان لوگوں کو اٹھارہی ہے جو ان سے اتفاق نہیں کرتے، شازیہ مری

اب وقت آگیا ہے کہ ہم کوئی طریقہ نکال کر اس حکومت سے نجات حاصل کریں، پریس کانفرنس

کراچی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات شازیہ مری نے کہا ہے کہ اب وقت آگیا ہے کہ ہم کوئی طریقہ نکال کر اس حکومت سے نجات حاصل کریں، پیکا کے بل کے تحت حکومت ان لوگوں کو اٹھارہی ہے جو ان سے اتفاق نہیں کرتے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شازیہ مری نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوامی مارچ شروع کرنے جارہی ہے، (باقی صفحہ 7 نمبر 24)

ہم کسٹمز ایکٹ میں ترمیم کیلئے جائیں گے، چیئرمین ایف بی آر

کارپوریٹ گارنٹی پر بعد میں عدالت سے حکم امتناعی حاصل کرلیا جاتا ہے، اس سے بہت زیادہ ٹیکس پھنس جاتا تھا، معاملے کے حل کیلئے آئندہ بجٹ کیلئے تجویز تیار کریں گے

مقدمہ بازی کی وجہ سے 3.2 کھرب روپے کا ٹیکس پھنسا ہوا ہے، ٹیکس کا نیا کوڈ تیار کررہے ہیں، اس سے ٹیکس نظام کو سہل بنایا جائے گا، ڈاکٹر محمد اشفاق احمد کی بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کو چیئرمین ایف بی آر ڈاکٹر محمد اشفاق احمد نے بتایا ہے کہ ہم کسٹمز ایکٹ میں ترامیم کیلئے جائیں گے، کارپوریٹ گارنٹی پر بعد میں عدالت سے حکم امتناعی حاصل کرلیا جاتا ہے، اس سے بہت زیادہ ٹیکس پھنس جاتا تھا، معاملے کے حل کیلئے آئندہ بجٹ کیلئے تجویز تیار کریں گے، مقدمہ بازی کی وجہ سے 3.2 کھرب روپے کا ٹیکس پھنسا ہوا ہے، ٹیکس کا نیا کوڈ تیار کررہے ہیں (باقی صفحہ 7 نمبر 26)

گورنر بلوچستان سید ظہور آغا سے احسان اللہ کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

45 فیصد پاکستانیوں کے نزدیک ملک غلط سمت جارہا ہے، سروے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کی 45 فیصد عوام کی رائے ہے کہ ملک غلط (باقی صفحہ 7 نمبر 27)

حکومت اور ضلعی انتظامیہ زلزلہ زدگان کی بحالی کے لئے کوشاں ہیں، محمد رفیق ترین

ہرنائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سردار محمد رفیق ترین کی زیر نگرانی مسلم ایڈ کے زیر اہتمام گزشتہ سال کے زلزلہ زدگان میں دوسو بکرے (باقی صفحہ 7 نمبر 25)

بلوچستان سے یوریا افغانستان سمگل کی جارہی ہے، اسد بلوچ

اگر بلوچستان سے یوریا کھاد کی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے سخت اقدامات نہ اٹھائے گئے تو صوبے میں شدید زرعی بحران پیدا ہوگا

یوریا کمپنیاں بلوچستان کے مختص کوٹے کا پچاس فیصد بھی فراہم نہیں کررہی ہیں جو صوبے کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہے

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل اور صوبائی وزیر زراعت و امداد باہمی میر اسد اللہ بلوچ نے انتباہ کیا ہے کہ اگر بلوچستان سے یوریا کھاد کی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے سخت اقدامات نہ اٹھائے گئے تو صوبے میں شدید زرعی بحران پیدا ہوگا جس کا نقصان نہ صرف زمینداروں بلکہ صوبے کی مجموعی معیشت کو بھی پہنچے گا اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان کی اسی فیصد سے زائد آباد (باقی صفحہ 7 نمبر 34)

مریم نواز جاتی امراء سے اسلام آباد کیلئے روانہ ہوگئی، آج ہائیکورٹ میں پیش ہوں گی

لاہور (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز جاتی (باقی صفحہ 7 نمبر 33)

سانحہ وہیر میں شہید ہونے والوں کے لواحقین کو انصاف فراہم کیا جائیگا، بیان

خضدار (آن لائن) سانحہ وہیر میں شہید ہونے والے لواحقین کی طرف سے تشکیل دی گئی مزاکراتی کمیٹی کی بلوچستان عوامی پا (باقی صفحہ 7 نمبر 32)



کوئٹہ، پشتونخوا میپ کے رہنماء عصمت اللہ کاکڑ کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے